محاسن ع نیکیان اور ریش یعنے داڑھی
محسن ع احسان کرنے والا محسنین جسکی جمع ہے

میم با خاء

مخزن ع جای خزانہ یعنے جس جگہہ خزانہ ہو
مختون ع ختنہ کیا گیا
مخازن ع جمع مخزن کی یعنے بہت سے خزانے
مخزون ع جو چیز خزانہ مین رکھی جائے

میم با دال

مدین ع نام ایک شہر کا ہے
مداہن ع سستی کرنیوالا کاہل آدمی
مدفون ع دبایا گیا زمین مین
مدمن ع ہمیشہ کرنیوالا
مدائن ع جمع مدینہ بہت سے شہر اور آبادیان
مدہامتان ع دو باغ سرسبز و بارور
مدن ع جمع مدینہ بہت شہر اور آبادیان
مدیون ع قرضدار جسنے کسی کا قرض دینا ہو
مدقون ع جمع کیا گیا اکٹھا کیا گیا مال وغیرہ

میم با راے

مرتہن ع گرو لینیوالا یعنی جسنے روپیہ دیکر کوئی چیز گرو لی ہو
مرکن ع تغار و لگن و طشت و چلمچی وغیرہ
مردان ع کودکان سادہ رو جنکو ابھی داڑھی نہ نکلی ہو
مرہون ع گرو کیا گیا یعنے وہ چیز جو گرو کی گئی ہو
مرجان ع ایک قسم جواہر کی سرخ رنگ کا ہے جسکو مونگا کہتے ہین
مردگان ف مرے ہوئے لوگ متقدمین لوگ
مردن ف مرنا انتقال کرنا گذر جانا دنیا سے
مردان ف بہت سے مرد
مرزغان ف دوزخ اور گورستان کا مقام
مرزبان ف مالک زمین و ولایت مانند بادشاہ
مرغ سلیمان ف ہدہد جو ایک دراز نوک مشہور جانور ہے
مرغ زرین ف طاؤس جسکو ہند مین مور کہتے ہین
مرو شاہجہان ف خراسان مین ایک شہر کا نام ہے
مربع نشین ف چار زانو بیٹھنے والا با ادب بیٹھنے والا

میم با زاے

مزمن ع دیرینہ و کہنہ شخص جو چل نسکے
مژگان ف پلکین آنکھون کی
مزین ع زینت دیا گیا آراستہ کیا گیا
مزین ع حلاق یعنے نائی و حجام حجامت کرنیوالا
مزن ع ابر و باران یعنی بادل مینہ گرد و غبار
مزیدن ف بمعنی مکیدن چوسنا کسی چیز کو

میم با سین

مستہان ع ذلیل و خوار و سبک بے عزت و بے آبرو
مستہجن ع زشت و قبیح و عیبدار و ناقص و خراب
مستعان ع یاری مانگا گیا مدد طلب کیا گیا
مستعین ع اعانت چاہنے والا مدد ڈھونڈھنے والا
مستبین ع روشن آشکارا و ظاہر سب کے روبرو
مسجون ع قید کیا گیا بند مین رکھا گیا

مسلمین ع جمع مسلم کی بہت سے مسلمان لوگ
مِسَن ع وہ پتھر جسپر کارد و شمشیر تیز کرین
مُسِن ع مرد پیر و سالخوردہ وضعیف و پرانا
مُسِن ع صاحب سنان یعنی جسکے پاس نیزہ ہو
مسکین ع عاجز و بے قوت بیحرکت و ناتوان و کمزور و تنگدست و فقیر و بے بضاعت مفلس نادار
مساکین ع جمع مسکین بہت سے فقیر و مفلس نادار لوگ
مَسکَن ع جاے سکونت رہنی کی جگہہ مقام قیام
مُسَکِّن ع تسکین دینے والا تسلی دینے والا اطمینان دینے والا
مُسمَن ع فربہ اور پرگوشت چربی دار موٹا
مُسمِن ع فربہ کرنے والا موٹا کرنے والا
مُتَسَمَّن ع فربہ گیا گیا موٹا کیا گیا پرگوشت کیا گیا
مُسلمان ف صاحب اسلام جو شخص محمدی دین ہو
مُستَحسَن ع نیک کیا گیا پسند کیا گیا اچھا پایا گیا

میم با شین

مشائین ع قوم حکماے متقدمین جو زمانہ سابق مین تھے
مَشحُون ع پر کیا گیا بہرا گیا
مشت زن ف پہلوان پنجہ گیر جنگ آور سلح دیا

میم با صاد

مَصئُون ع نگاہ رکھا گیا حفاظت مین پالیا بلاے سے بچایا گیا

میم با ضاد

مَضمُون ع درمیان پکڑا گیا مضامین اسکی جمع

میم با طاء

مَطران و مُطران ع سرگروہ کفار گروہ ترسا قوم بت پرست
مَطاعِن ع جمع ہی طعن کی یعنے بہت سے طعنے
مُطلق العنان آزاد جو کسیکی قید و حکومت مین نہو
مَطحَن ع آسیا یعنے چکی آٹا پیسنے کی
مَطعُون ع نیزہ مارا گیا طعنہ دیا گیا عیب دار آدمی
مَطین ع مٹی سے بہرا ہوا خاک آلودہ
مُطمَئن ع آرام پایا ہوا تسلی پایا ہوا شخص

میم با ظاء

مَظان ع گمان لیجانا وہم کرنا شبلانا
مظنون ع شبہ کیا گیا گمان و وہم مین پڑا ہوا

میم با عین

مَعان ع یاری دینا مددگار ہونا حمایت کرنا
مَتمعان ع شدت گرمی گرما گرمی کا جوش
مَعَن ع نام مرد سخی جو عرب مین تہا
معلق زدن ف اولٹا ہوکر سیدہا ہونا پہلو سے پہلو بدلنا
معلق زن ف بازیگر اولٹا سیدہا ہونے والا
مَعجُون ع گوندہی ہوئی چیز کئی چیزون سے ملی ہوئی
مَعنُون ع عنوان کیا گیا دیباچہ کیا گیا ابتدا کیا گیا
مَعین ع جاری و روان پانی چشمہ و دریا وغیرہ
مُعین ع یاری دینے والا مددگار حمایتی
مُعَیَّن ع مخصوص و مقرر کیا گیا تعینات کیا گیا
مَعدِن ع کان جمع اسکی معادن ہے کان جہان کچہہ نکلتی ہی
مُعاوِن ع مددگار یاری دینے والا حمایتی

میم با غین

مغابن ع بنہائے ران ابتدا ران کا جو شہود عضو ہے

مغیلان ع درختان ببول یعنے کیکر

مغز تر کردن ف خاموش ہونا

مغبون ع جسکو زیان پہونچا ہو غبن کیا گیا نقصان پہونچایا گیا

مغان ف جمع مغ بہت سے بت پرست

میم با فاء

مفتتین ع فتنہ اوٹہایا گیا فتنہ مین ڈالا گیا

مفتون ع شیفتہ و عاشق اور فتنہ مین ڈالا گیا

مفطن ع فہمایش کرنے والا سمجہانے والا

مفتنین ع فتنہ اندازان و فساد انگیزان۔

میم با قاف

مقدم العین ع گوشہ چشم بطرف بینی

مقصود کن فکان ف کنایۃ ذات محمد صلی اللہ علیہ وسلم

مقنن ع قانون بنانیوالا و قانون دان

میم با کاف

مکون ع پیدا کیا گیا ظاہر کیا گیا موجود کیا گیا

مکان ع جگہہ رہنے کی اور سکونت کا مقام

مکنون ع پوشیدہ چہپا ہوا نظر سے غائب

مکیدن ف چوسنا ہونٹوں مین دبا کر جیسے کہ شیر خوار لڑکا پستان

مکنون ع پوشیدہ رکہا گیا چہپایا گیا

مکین صاحب مکان اور مکاندار شخص

مکمن چہپنے کی جگہہ پوشیدہ ہونے کی جگہہ

مکامن ع جمع مکمن پوشیدہ ہونے کے مقام

مکران ع نام شہر جو ولایت سندہ مین ہے

مگس ران ف مورچھل و چونری جس سے مکہیان چلاتے ہین

میم با لام

ملوین ع روز و شب دن رات صبح و شام

ملون ع رنگا رنگ قسم قسم طرح طرح

ملین ع نرم اور وہ دوا جو طبیعت کو نرم کرے

ملقن ع تلقین کیا گیا سکہلایا گیا

ملاعین ع جمع ملعون بہت سے پہٹکارے ہوئے لوگ

ملآن ع پر کرنے والا بہرنے والا کسی چیز کو

میم با میم

ممتحن ع آزمایا گیا امتحان لیا گیا

ممنون ع منت رکہا گیا احسانمند جسپر احسان کیا گیا ہو

ممتہن ع خوار کیا گیا اہانت کیا گیا بے عزت کیا گیا

ممکن ع ہونیکے لائق چیز جس کے ہونیکی امید قوی ہو

ممکن ع قائم و برجا کیا گیا استوار و مضبوط کیا گیا

میم با نون

منان ع بہت نیکی والا یہ خدا کا نام ہے

منون ع زمانہ مرگ موت کا زمانہ

منون ع تنوین دیا گیا یعنے وہ حرف جسپر دو زبر یا دو پیش یا دو زیر ہون

منن جمع منت بہت سے احسان اور خوبیان

منتن ع گندہ و بدبو و نامطبوع و خراب
منکبین ع ہر دو کتف یعنے دونو مونڈہے
منگیدن ف آہستہ ہونٹہون بات کا کہنا نرم آواز سی تولنا
منخرین ع ہر دو سوراخ بینی یعنی ناک کے سوراخ -
من ع از یعنے سے -
من ع نعمت و عطا احسان رکہنا و نقصان کرنا و ترنجبین اور ہر ایک رطوبت شیرین جو درختونکی تہونپر جم جاے یعنے شیرخشت وغیرہ
من ع وزن عربی مین دو رطل اور ہندی مین چالیس سیر و ضمیر متکلم واحد یعنے ایک مین و بمعنی ہست چنانچہ تہمن دمن بمعنی تم موجود ہو
منہیان ع خبر دینے والی خبردار کرنے والے

میم با واو

موطن ع جاے وطن مواطن اسکی جمع ہے
موہون ع سست کیا گیا -
موازین ع جمع میزان بہت سے ترازو -
موتمن ع امانت دار و معتمد جسپر اعتبار ہو
موقن ع یقین کرنیوالا جسکے دل مین شک نہو
موذن ع بانگ نماز کہنے والا آواز دینے والا
مویدن ع رونا نوحہ کرنا چلانا کسی غم مین -
مویان ف نوحہ کرنیوالے آواز سے رونے والے
مومن ع صاحب ایمان جو خدا کی توحید و محمد کی رسالت پر ایمان رکہتا ہو
موزون ع سیدہا درست کیا ہوا اور کلام جو کسی بحر کے اوزان پر برابر ہو

میم با ہا

مہان ع اہانت کیا گیا ذلیل و خوار بے عزت -

مہین ف بزرگتر و عمدہ تر و امیر و سردار و سرگروہ قبیلہ
مہین ع سست و کاہل ضعیف و حقیر و بے عزت
مہیمن ع نگہبان نگہبانی کرنیوالا و گواہ صادق یہ لفظ خدا کے اسمون سے ہے
مہمان ع جو کسی کے گہر بلایا گیا ہو -
مہرہ چین ف بازیگر و حقہ باز -
مہر کن ف مہر کہودنے والا شخص -
مہربان ف دوست و محبت والا -
مہرجان ف مدت رہنے آفتاب کی میزان مین

میم با یا

میمون ع مبارک و خجستہ و بمعنی بوزنہ یعنے بندر
میان ف میانہ ہر چیز و کمر و غلاف شمشیر و کارد وغیرہ
میلان ع خواہش و آرزو و رجوع و توجہ و میل -
میامن ع برکتین یہ لفظ یمن کی جمع ہے -
میزبان ف جو مہمان کو کہانا کہلاوے اور بلاوے
میدان ف مشہور لفظ ہے یعنے زمین فراخ -
میامین ع جمع میمون مبارک چیزین اور اچہی باتین
مین جہونٹ بولنا دروغ کہنا -
میزان ترازو و لکڑی جس سے کوئی چیز تولین اور نام برج کا بہی ہے
میگون ف سرخ رنگ شراب کی رنگت -
مین ف ترجمہ من یعنے مین -
میتین ع میخ آہنی جس سے پتہر مین شگاف کرتے

پچیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف نون اور آخر مین نون ہے

نون با الف

ناف زمین ع کنایۂ خانہ بیت اللہ کعبہ ہے مقام حج

نارغن ف گلنار یعنے انار کے درخت کے پہول

نازنین ف صاحب ناز اور نازک معشوق۔

ناتوان ف بے طاقت کمزور لاغر جسم آدمی۔

ناتوان بین ف حاسد و دشمن جو کسیکے دولت نہ دیکہہ سکے

ناردان ف انار دانہ جو ترش انار کے خشک دانے ہوتے ہین

ناودان ف پرنالہ بدررو پانی کا گہر کی نالی۔

نارین درخت انار کا۔

ناسکان ف عبادت کرنیوالے عابد زاہد لوگ

ناف زدن ف قطع کرنا جدا کرنا الگ کرنا۔

ناخن ف مشہور لفظ ہے یعنے انگلیون کے ناخن

نازیدن ف ناز کرنا۔

نافرمان ف جو حکم نہ مانے عاق و باغی آدمی

ناگہان ف اچانک اوسی وقت فی الفور۔

نالیدن ف شور کرنا رونا فریاد کرنا۔

نازیدن ف فخر کرنا بڑائی کرنا۔

نان ف روٹی جو کہاتے ہین۔

نامیدن ف نام رکہنا نشان قایم کرنا۔

نالان ف روتا ہوا فریاد کرتا ہوا۔

نادان ف بے عقل احمق بیوقوف لاعقل آدمی۔

نازان ف ناز کرتا ہوا۔

نون با تا

نتن ع بدبو۔

نتین ع وہ چیز جس سے بدبو آتی ہے یعنے صاحب بو

نون با خا

نخستین ف اول پہلا سب سے اول و مقدم۔

نخل بن ف درخت خرما یعنے کہجور کا درخت۔

نخجوان ف نام ایک شہر کا ہے۔

نون با دال

ندامان ف پشیمانی و فکر و اندیشہ و غم و الم۔

نون با رائے

نریمان ف نام جد رستم پہلوان جسکا بیٹا زال اور زال کا بیٹا رستم تہا

نردبان ف زینہ چوبی یعنے لکڑی کی پوڑی۔

نزعیدن ف باہر کہینچنا باہر نکالنا۔

نون با سین

نسلین ع بہولنا بہولانا۔

نسرین ع گل سیوتی جو مشہور پہول ہے۔

نسترن ف گل سیوتی جو مشہور پہول ہے

نسوان ع عورتین جمع نسار کی لفظ کی۔

نستعلیق حرف زدن ف صحیح کلام کرنا جو بے تکلف

نون با شین

نشیمن ف خلوتخانہ گاہ و آشیانہ مرغان

نشستن نشاندن ف بیٹھنا بٹھلانا۔

نشعان دست شولاشلی۔

نشین ف بیٹھنے والا۔

نشاندن ف بٹھلانا۔

نشاتین ع دنیا و آخرت۔

نشان ف علم فوج و فرمان شاہی جو جاری ہو۔

نون با صاد

نصب العین ع نظر منظور آنکھون کے سامنے

نون با طا

نظام الدین ع نام مرد ولی جو دہلی مین قطب وقت تہے مزار انکا دہلی مین ہے اور نظام الدین اولیا مشہور ہین۔

نظم آرای شعر ولی ف خاقانی جو مشہور شاعر ہے

نظر یافتن ف تربیت پانا فیض لینا کسی سے۔

نون با عین

نعمان نام بادشاہ عرب جسنے ایک محل بہت اونچا عالیشان بنوایا تہا

نعل افگندن و نعل ریختن ف رفتار سے رہ جانا تہک جانا

نعل در آتش نہادن ف بیقرار کرنا بے چین کرنا

نعلین ع جوتیان جو پانوٗ مین پہنتے ہین۔

نون با فا

نفی کردن ف دور کرنا نیست و نابود کرنا برباد کرنا

نفرین ف بد دعا و کلمۂ بد جو کسی کی نسبت کہا جائے

نفس کشادن ف کلام کرنا بولنا۔

نفس سوختن ف تنگ ہونا۔

نفس سیکردن ف توقف کرنا ٹہرنا قدم گرنا۔

نفس زدن ف سانس لینا۔

نفس واپسین ف اخیر کا دم۔

نون با قاف

نقطہ ریختن ف قرعہ ڈالنا فال کے واسطے۔

نقش زدن ف لکہنا نقشہ اوتارنا کسی کا

نقش بد نشستن ف مقصود نہ حاصل ہونا نظر دہونا

نقش جہان ف اصفہان مین ایک باغ کا نام ہے

نقصان ع کمی خسارہ خرابی عیب۔

نقش بر آب بستن ف بیفائدہ کام کرنا یعنے محنت کرنا رائیگان

نون با کاف

نکتہ دان ف باریک بات جاننے والا۔

نگین ف نگ جو انگشتری وغیرہ زیورون مین نصب کرتے ہین

نگون ف ٹہڑا خم شدہ۔

نگاشتن ف لکہنا خط کا۔

نکوہیدن ف ملامت کرنا بدگوئی کرنا۔

نگہبان ف چوکیدار محافظ۔

نگران ف دیکہتا ہوا تاک لگائے ہوئے۔

نگریستن ف دیکہنا آنکہہ سے۔

نون با میم

نمکین ف صاحب نمک و مزہ دار مطبوع طبع۔

نمدزین ف وہ نمد جو زین کے نیچے ہوتا ہے خوگیر اوسکو کہتے ہین

نمازی کردن ف پاک کرنا دہونا پانی سے۔

نمودن ف دیکہنا دکہانا ظاہر یا کرنا۔

نم نہاشتن ف مفلس ہو نا نادار ی کی حالت مین ہونا
نماز بردن ف پرستش کرنا اطاعت کرنا۔
نمایان ف ظاہر و آشکار اور روبرو۔

نون با نون

ننگین ف معیوب و زشت و بدشکل و ناپسند۔

نون با واو

نواختن ف خوش کرنا گانا ساز بجانا نوازش کرنا
نوجوان ف ابتدا عمر کا آدمی جوان لڑکا
نوردیدن ف لپیٹنا کسی فرش وغیرہ کا۔
نویدن ف رونا غم و الم کی حالت مین۔
نویسانیدن ف لکھنا کسی خط کا۔
نوان ف خرامان و جنبان و لرزان و کوژپشت و خمیدہ و دوتا
و کہنہ و لاغر و آگاہ و ہوشیار۔
نون ع مچھلی تلوار اور نام شہر و شب چاہ زنخدان و دوات سیاہی
نوشیروان ف نام بادشاہ عادل جو مشہور پادشاہ نیک نام ہے
نوئین ت امیر معظم و داماد و بادشاہزادہ و مرد غنی و دانشمند و
بہادر و سرگروہ
نوبر کردن ف میوہ پہلی پہل کھانا جب وہ نیا میوہ اپنی اترنی موسم مین
نوربان ف تحفہ و سوغات جو دوستونکو دیتے ہین
نوآیین ف آراستہ و درست و بے عیب چیز۔
نوشتن ف لکھنا کسی خط کا۔
نوشتن ف لپیٹنا کسی فرش وغیرہ کا۔
نواشین ف شیرین و مزہ دار و مطبوع طبع
نوازان ف نام پردہ موسیقی یعنے راگ کے ایک پردہ کا نام ہے

نون با ہا

نہال ساختن ف سرسبز کرنا دولت مند بنانا۔
نہالین ف توشک لحاف سونے کے کپڑے۔
نہبنبن ت سرپوش دیگ یعے ہنڈیا کی ڈھکنے
نہادن ف رکھنا۔
نہان ف پوشیدہ اور چھپا ہوا آنکھون سے۔
نہان شدن ف چھپنا اور پوشیدہ ہونا۔
نہفتن ف چھپانا اور پوشیدہ کرنا

نون با یا

نیاکان ف بزرگان و آبا و اجداد و مردان سعدیت
نیرین ف چاند سورج دو بڑے ستارے۔
نیران ع آگ اور آگ کی روشنی و سوزش۔
نیوشیدن ف سننا کسی کلام کا۔
نیدلان ف سنگینی و گرانی جو خواب کی حالت مین انسان
پر طاری ہو جاتی ہین
نیستان ف جنگل درختون کا ہجوم
نیش زدن ف ڈنگ مارنا کاٹنا۔
نیلگون ف نیلا رنگ آسمانی رنگ۔
نے انبان ف نام ساز جو نے اور چمڑے سے بنتا ہے
نیسان ف نام ماہ جس موسم مین آفتاب برج حمل مین ہو
اور اسی موسم مین موتی پیدا ہوتا ہے۔
نیمجان ف عاشق شمردہ و نیم مرگ نزع کی حالت مین ہو
نیل کشیدن ف داغ دار کرنا و دائمی بنانا۔

چھبیسوین فصل

ادن لغات کے بیان مین جنکے اول حرف واو اور اخیر مین نون ہے

واو باالف

والستگان ف رشتہ دار لوگ قریبی ناتے

وابستن ف باندہنا پیوند دینا

واپسین ف پچہلا چنانچہ دم واپسین

واماندگان ف وارث لوگ جنکو ستونی پیچھے چہوڑجائے

والدین ع مان باپ جنکی پشت اور پیٹ سے لڑکا ہو

وارگون و وارون ف سرنگون و نامبارک

والان ت بادیان ہندی سونف جو مشہور ہے دوا ہے

وان ت نام ایک شہر کا۔

وادی ایمن ع وہ جنگل جسمین موسی نبی نے جلوہ الہی درخت کے اوپر سے دیکہا تہا۔

واشدن ف شگفتہ ہونا تکلیف سے نکلنا۔

وتین ع نام رگ جسکے ساتہہ دل معلق ہے

واو باتار

وثن ع پتہر کابت کافرون کے پوجنے کا۔

واو باجیم

وجدان ع پانا حاصل کرنا کسی دلی مقصود کا۔

واو بارے

ورزیدن ف چلنا ہوا کا

ورغلانیدن ف بہکانا ورغلانا فریب دینا

واو بازاے

وزیدن ف چلنا ہوا کا

واو باسین

وسن ع خواب و غنودگی کی حالت

واو باشین

وشتن ت ناچنا رقص کرنا

واو باطاے

وطن ع جگہہ رہنے کی سکونت کا ملک

واو باہاے

وہن ع ضعف و سستی اعضا

واو بایاے

ویران ف اجڑا ہوا غیرآباد

ستائیسوین فصل

ادن لغات کے بیان مین جنکے اول حرف ہا اور اخیر مین نون ہے

ہا باالف

ہارون ع نام برادر کلان موسی علیہ السلام و نام شہر کا ونیز نقشہ پیشگی کا وبا ایران

ہامان ع نام کافر جو فرعون کا وزیر تہا

ہاون ع اوکہلی وچشو جسمین کوئی چیز کوٹین

ہامون جنگلہ جسکی زمین ہموار ہو

ہان ف خبردار باش ہوشیار ہو

ہاجن ہ کنواری لڑکی جس سے صحبت کی جائے

ہا با دال

ہدان ہ بد دل و احمق و نادان و بیوقوف۔

ہدن ہ صلح و آشتی و صفائی دل

ہا با ذال

ہذیان ہ بیہودہ باتین بیہوشی مین کہنا بک بک کرنا

ہا با رے

ہرمان ہ ایک قدیمی و عالیشان عمارت مصر مین ہے

ہراسان ف ڈرتا ہوا خوفناک ڈرپوک

ہراسیدن ف ڈرنا خوف کرنا

ہا با زے

ہزار داستان ف بلبل اور ایک قسم کا بولنے والا جانور

ہا با شین

ہشتن ف چھوڑنا رہا کرنا خلاص کرنا

ہا با طاے

ہطلان ع بارش ضعیف چند روز متواتر برسے یعنی جہڑی لگجانا

ہا با لام

ہلیدن ف چھوڑنا اوس چیز کو جو ہاتھ قبضے مین ہے

ہلیوان ہ ایک گہاس کا نام ہے

ہا با میم

ہمگنان ف تمام لوگ تمام خلقت زمانے کے لوگ

ہمایون ہ مبارک و خجستہ و بامراد

ہمیدون ف اسیطرح اب۔

ہمیان ف کیسہ یعنے چمڑے کی تہیلی جس مین نقد رکہتے

ہمقران ع یار و مصاحب و جلیس و محرم و ہمدم و ہمنشین

ہمان ف وہ ایک کلام ضمیر ہے و لفظ اشارہ

ہمدان ع یمن مین ایک قبیلہ کا نام ہے

ہمدان ف ایران مین ایک شہر ہے

ہمچنین ف اسی طرح

ہم داستان ف ہمکلام اور ہم صحبت اور ہمزاد او ہمدم

ہم عنان ف ہمراہ و برابر و قدم بقدم۔

ہا با نون

ہندستان م مشہور ولایت ہے

ہا با واو

ہون ع عربی مین آرام و آہستگی اور فارسی مین زکمت و ساپر گلوخ

ہوشیدن ف ہوش کرنا ہوش مین آنا

ہون ع خواری بیعزتی و بربادی و خرابی

ہوان ع خواری و بیعزتی و بربادی و خرابی

ہا با یاے

ہیچمدان ف نادان و بیعلم و بیوقوف احمق

ہیون ف شتر چالاک و اسپ رہوار

ہیجان ع برانگیختہ ہونا جوش مین آنا۔

ہین ف سیلاب اور اسوقت اور چہوڑ

ہیجا ع سرکشی و حیرانی و ابتری و خرابی جو کبھی لشکر

اٹھائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف یا اوسکے آخر مین نون ہے

یا با الف

یاد آمدن ف یاد آوردن ف یاد آنا اور یاد مین لانا

یاد دادن ف یاد داشتن ف یاد دینا یاد رکہنا

یاد کردن ف یاد گرفتن ف یاد کرنا یاد پکڑنا

یافتن ف پانا کسی چیز کو حاصل کرنا

یاوگیان ف گمراہ اور یاوہ اور بیہودہ لوگ

یاسین ع ایک سورۃ قرآن کا نام ہے اور نام آنحضرت صلعم کا

یاختن ف ہاتھ دراز کرنا ہاتھ پہیلانا حملہ کرنا

یازیدن ف پست آوازکرنا کسی کام مین اور حملہ کرنا

یازان ف حملہ کرنا دست درازی کرنا

یاسمین ف چنبیلی کا پہول جو مشہور پہول ہے

یارستن ف طاقت رکہنا صاحب قوت زور مند ہونا

یا با خاے

یخدان ف باورچی خانہ کا صندوق جسمین اسباب رہتا ہے

یخ خوردن ف سرد مہری کرنا پہلو تہی کرنا کسی کام سے

یا با رائے

یرقان ع نام مرض صفراوی جس سے بدن زرد ہو جاتا ہے

یا با زاے

یزدان ف نام خدا تعالے جل شانہ

یا با فاے

یفن ع پیر مرد غیر قوت نہایت ضعیف آدمی

یا با قاف

یقین ع بیشک بے شبہ بے وہم و بے گمان

یقظان ع بیدار جاگتا ہوا ہشیار

یقطین ع کدو و خربوزہ وغیرہ بیل دار درخت

یا با کاف

یکران ف سرخ رنگ گہوڑا جسکو سرخہ کہتے ہین

یکگان ف کسان و مزدوران تابعین خدمتگار

یا با میم

یمن ع خیر و برکت و نیکی و خوبی و بہتری

یمن ع ایک ملک کا نام ہے جو مشہور ہے

یمان ع یمن کا رہنے والا یمن کا متوطن

یمین ع جانب راست دہنی طرف

یمکن ع ہوسکتا ہے ممکن ہے کہ ہو

یا با واو

یونان ع مشہور ولایت داخل روم کے ہے

یوزیدن ف طلب کرنا بلانا کسیکو

چہبیسواں باب

ان لغات کے بیان مین جنکے آخر حرف واو ہے اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی کے انکے اپنے موقع پر بدلتی جاتی ہین اسمین بیس فصلین ہین

پہلی فصل

ان لغات کے بیان مین جنکا اول حرف الف اور اخیر مین واو ہے

الف با بار

ابرو نصرت حسن جمال خوبی بہتری شگون
ابدرجود رونق دولت حشمت و ثروت

الف با تا

آتشگیرہ کاو تیغ آہنی یا دست پناہ آہنی جس سے آگ نکالین ہندی مین اوسکو چمٹا کہتے ہین
اتو ف یہہ ایک کسب کا نام ہے اور وہ آہنی دست افزار کو گرم کرکے کپڑون پر نقش کرتے ہین

الف با را

اردو ف لشکر گاہ پادشاہی مجازاً فوج و لشکر
آرزو ف امید آس دلی مقصود
ارسطو ف ایک حکیم کا نام ہے سکندر کے اوستاد کا فرزند تہا

الف با نون

انگشتو ف سیویان جو میدے سے بناتے ہین اور دودہ اور شکر کے ساتہہ ملاکر کہاتے ہین

الف با واو

او ف وہ یہہ ایک اسم ضمیر فارسی مین ہے

دوسری فصل

ان لغات کے بیان مین جنکے اول حرف با اور اخیر مین واو ہے

با با الف

بازو ف قوت و استظہار و زور و توانائی
بالنگو ف مشہور تخم ہے جو دوائین مستعمل ہے
بارو ف دیوار قلعہ و حصار اور قلعہ کی عمارت
باکو ف شروان کے پاس ایک شہر ہے جسکا نام ہے
بازگو ف بیان کرنے والا ظاہر کرنے والا کسی راز کا
باہو ف چوبدستی کلان جسکو لاٹہی کہتے ہین

با با دال

بدو ع بیابان و صحرا اور ابتدا کرنا
بدچلو ف اسپ سرکش نافرمان و بدلگام
بدو ع ظاہر ہونا و آغاز و ابتدا ہر کام کا
بدو ع آغاز و ابتدا ہر ایک کام کا

با با را

بزغو ف حیوان کا سینگ جو اندر سے پولا ہو اور نفری کی طرح اوسکو بجاتین
پرستو ف ابابیل جو مشہور جانور ہے
پرتو ف روشنی و عکس و شعاع و چمکارہ

با با سین

پیسرو ف تابعدار و خادم و خدمتگزار

با با طا

بطو ع درنگ و آہستگی و توقف

با با لام

پلاو و پلاو ف نعمت و طعام و قسم طعام جو مشہور ہے

با با نون

بنکوف اسپغول جو شہور تخم ہے اردو مین اسکو [illegible] کہتے ہین

با با واو

بوف امید و طمع و آرزو و محبت و خوبی و بو خوش یا بد و [illegible]

با با ہاے

بہشتی روف سادہ رو و صفا چہرہ بے ریش
بہوت قصر و ایوان و نشیمن و محل و مکان و بالاخانہ
پہلوف شہر و زبان پہلوی و مرد شجاع و دلاور نام پہلوان
پہلوف پیٹ کے دونو طرف و نفع و فائدہ
پیکوف ایک ملک کا نام ہے
پینوف جغرات خشک تغیر کی مین اسکو فردت کہتے ہین
پیشروف امام و رہنما و سرگروہ قوم و سالار قافلہ
پیروف تابعدار مقتدی مطیع و فرمانبردار
پیروف بے محبت و بے الفت بے لحاظ آدمی

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف تا
اور اخیر مین واو ہی

تا با الف

تاہوف ایک قسم شراب کا ہے

تا با دال

تدروف بیترا مشہور پرندہ ہے

تا با راے

ترازوف میزان تکڑی جسسے ہر ایک چیز تولتے ہین

تا با فا

تفوف آب دہان یعنے تہوک و لعاب دہان

تا با کاف

تکافوہ برابر ہونا مساوی ہونا یکسان ہونا
تکلتوت نمدزین اسپ و ریش معہ سبلت
تکاپوف دوڑنا تیز چلنا بہاگنا
تگ و تگ و پوف دوڑ دہوپ و تیز رفتاری

تا با لام

تلالوہ درخشیدن یعنے چمکنا روشنی دینا
تلوہ پیرو تابعدار و وہ شتر جو ماکے پیچہے چلتا ہو

تا با واو

توشف پردہ و تہہ کپڑے وغیرہ کی
توف مشہور لفظ ہی اور خطاب مخاطب کیطرف سے

تا با یاے

تیہوف ایک جانور کا نام ہے ہندی لوا

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول
حرف جیم اور اخیر مین واو ہی

جیم با الف

جان داروف تریاق و نوشدارو جو ایک قسم کا معجون ہے
جادوف سحر و ساحر یعنے جادو و جادوگر
چارسوف شہر کا ہمہ ستہ بازار جسکے چاروں طرف راستے ہون [illegible]

چاجوف بہشت کی چار نہرین

جیم با رائے

جزو ۴ ایک ٹکڑا ایک حصہ

جیم با سین

جستجو ف ڈہونڈنا تلاش کرنا کسی چیز کو

جیم با لام

جلدوت انعام و صلہ و عوض کسی نیک کام کا

جلوف عنان اسپ و اسپ کوتل اور گہوڑا دوڑانا

چلاوف خشکہ چاولون کا جو قسم طعام کا ہے

جیم با واو

جوف دہ فرق و فاصلہ جو آسمان و زمین مین ہے

جوف مشہور غلط ہے

جواہر دار وف ایک آنکہہ کا دوا ہے

چوت تشبیہ اور شہر کے واسطے آتا ہے

پانچوین فصل

اون لغات کی بیان مین جنکے اول حرف حاء اور آخر مین واو ہے

حا با ذال

حذو ۴ برابر کرنا دو چیزون کو آپسمین

حا با سین

حسو ۴ شوربا وغیرہ جو تہوڑا پئین

حا با شین

حشو ۴ بہرنا روئی وغیرہ کا کسی تکیے یا لحاف مین

حا با لام

حلو ۴ شیرین یعنے میٹہا لذت مین

چہٹی فصل

اون لغات کی بیان مین جنکے اول حرف خا اور آخیر مین واو ہے

خا با الف

خالو ۴ برادر مادر یعنے ماموں

خاکدان و یوف دنیا و عالم جہان

خا با دال

خدیوف صاحب و والی و مالک و آقا

خا با رائے

خزدو خرذو ۴ جانورون کی پٹہیہ

خا با سین

خسرو ف نام سیاوش بن کیکاوس اور نام پرویز بن ہرمز بن نوشیروان نام شاعر بلخی جو خواجہ خسرو مشہور ہین یعنے بادشاہ

خستو ف کہجور و آڑو وغیرہ کی گٹہلی

خا با شین

خشک پہلوف مرد بخیل و کم مایہ و مفلس و نادار

خا با لام

خلو ۴ خالی ہونا بے مایہ ہونا نادار و مفلس ہونا

خلو ۴ خلوت کرنا گوشہ نشین ہونا

خا با نون

خُنُو ع بدزبان بدسلیقہ بدکلام آدمی

خا با واو

خُوْف عادت خصلت وخلق

خا با یا ء

خَیُوْف آب دہن یعنے تہوک

خِیْرُوْ ف خطمی جو ایک مشہور تخم دوا مین مستعمل ہے

ساتوین فصل

ان لغات کی بیان مین جنکے اول حرف دال اور اخیر مین واو ہی

دال با الف

دَاکُوْ ف دیوار پختہ ہو یا خام و مکر و حیلہ و دشنام معنے گالی کا

دال با ر ے

دِرَوْ ف زراعت کاٹنا کہیتی کاٹنا بعد پختہ ہونیکے

دال با فا ء

دِفُوْ ع بروزن فعل موسم گرم و مقام گرم و بچہ اشتر و شتر مرغ

دال با لام

دَلْوْ ع بوکا اور ڈول پانی کا

دال با میم

دُمْگَاوْ ف تنیانہ بزرگ و تغری و قرابی

دُمْگُوْ ف مرد احمق اور ایک انگشتی کا

دال با نون

دُنُوْ ع نزدیک ہونا پاس جانا قریب بیٹہنا

دال با واو

دَوْو ف مدد تیلی انگشتری جسکو ہندی مین بہی کہتی ہین اور عربی مین

دَوْهُوْ ف جسکے بال سیاہ و سفید ہون یعنے دو قسم کے بال

دَوْطِفْل ہندو ف دو آنکہین معشوق کی جو سیاہ ہون

دَوْرُوْ ف منافق آدمی جسکا ظاہر و باطن یکسان نہو

دال با یا ے

دِیُوْ ف بہوت جن شیطان جو ایک قسم کی پیدائش ہے

اٹہوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف رے اور اخیر مین واو ہی

راے با خا ر

رِخْوْ ع نرمی و سستی و کم طاقتی و کمزوری

رای با عین

رُغْوْ ع کف یعنے جہاگ جو پانی دودہ وغیرہ چیزون مین جا ہو ہے

رای با فا

رَفُوْ ع درست کرنا کپڑے کو سوئی سے جہان پہٹا ہوا ہو

رای با واو

رُوْ ف چہرہ انسان کا اور اوسکا موہنہ

رای با یای

رِیُوْ ف مکر کرنا و حیلہ کرنا و فریب دینا و انو مین لانا کسیکو

رِیْش گاو ف مرد احمق و نادان و بیوقوف و بے علم

رِیْگ شُوْ ف قوم نیاریا جو خاک کو دہو کر چاندی سونا نکالتے ہین

نوین فصل

اون لغات کی بیان مین جن کی اول حرف زای اور آخر مین واو ہو

زای باالف

زانو د گهٹنا ہو ایک عضو انسانی اعضا سی ہے

زای بابا

زبان ترازو د ترازو کی جو بی جہان سی لگتی ہین

زای باراء

زردآلو د میوه خوبانی جو مشہور میوہ ہے

زای بالام

زلو ہ جونک مشہور کرم سیاہ رنگ ہے

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف سین اور آخر مین واو ہو

سین باالف

ساو ہ باج و خراج و حصہ طلای خالص بغیر ریزہ

سازگاو د قسم چرم جیسی بیل ہانکتی ہین

ساختہ رو د شرمندہ شکل بناوٹی چہرہ

سین بابا

سبو د پانی کا ظرف جسمین پانی رکہتے ہین

سین باخاء

سخشو د رودہ گوسپند بکری کی آنتین

سین بادال

سدیو ہ ایک دیو کا نام ہی جسنی انگشتری سلیمان علیہ السلام کی لی تہی

سین باراء

سرو د شاخ حیوان و بارہ شاخ آہو و پیالہ شراب

سرو د درخت مشہور ہے

سرخرو د جو شخص اپنے متعلق خدمت ادا کر چکا ہو

سرنو د نئے سرے دوبارہ

سین باکاف

سکو د چبوترہ جیسے خرمن ظرف صاحب خرمن کرتے ہین

بعض کے نزدیک سکو جہاج کا نام ہے

سین بالام

سلو د خوش ہونا ذلیل ہونا غم کا فراموش کرنا

سین باميم

سمتو د بلندی اونچائی دولتمندی و امیری

ستمتو د بلند اونچا اوپر کو چڑہا ہوا امیر دولتمند

سین بانون

سنگ مرمر جو سفید رنگ کا مشہور پتہر ہے

سین باواو

سو د طرف و جانب اور ترکی مین پانی

سوگ ہ اندوه و غم و حالت پریشانی

ستوہ د غمناک کرنا بیکر تا پریشان کرنا

سین باہاء

سھو ہ بہول جانا کسی بات کو جسکا کرنا ضرور تہا

گیارہوین فصل

اون لغات کی بیان مین جن کے اول حرف
شین اور اخیر مین واو ہے

شین با الف

شاوو ف خالص چنانچہ زر شاو خالص

شاملو ف قوم قزل باش جو مشہور شیعہ قوم ہے

شاخ آہو ف کنایہ کمان جسسی تیر چلاتے ہین

شاتو ت نردبان یعنے پوڑی اوپر چڑہنے کی

شین با بار

شب رو ف چور شب بیدار چوکیدار وکوتوال

شین با تار

شتر غو ت نام ساز جو گانے کے وقت بجایا جاتا ہے

شین با جیم

شجو ع غم واندوہ وفکر واندیشہ

شین با فار

شفتالو ف آڑو مشہور میوہ ہی جو شیرین وترش ہوتا

شین با نون

شنو ہ ورزش پہلوانان یعنے ڈنڈ لگانا

شین با واو

شوخ ترلو تکم وزن جو شخص تولنے مین کم تولے

شین با ہار

شہربانو ن نام دختر یزدجرد شاہ ایران جو امام حسین علیہ السلام کے نکاح مین تہی اور امام زین العابدین اوسکے بطن سے تہے

بارہوین فصل

ان لغات کی بیان مین جنکی اول حرف صاد
اور اخیر مین واو ہے

صاد با حار

صحو ع ہوشیاری اور پاک ہونا اور صاف ہونا آسمان کا ابر وگرد وغبار سے ضد مستی یعنے ہشیاری

تیرہوین فصل

اون لغات کی بیان مین جنکی اول حرف
ضاد اور اخیر مین واو ہے

ضاد با حار

ضحو ع چاشتگاہ روز کی کہانے کا وقت یعنے دس بجے صبح کا وقت

صاد با واو

ضو ع روشنی آفتاب کی جسکو دہوپ کہتی ہین

چودہوین فصل

اون لغات کی بیان مین جنکی اول حرف طا اور اخیر مین واو ہے

طا با را

طرقو ا ہو راہ دو ایک طرف ہو پوش پوش

پندرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف عین اور اخیر مین واو ہے

عین با تار

عُتُو ۔ تکبر و سرکشی و نافرمانی و غرور و بغاوت

عین با دال

عَدُو ۔ بیری دشمن عدوانی صاحب خصومت و نزاع

عین با را

عَرْعُو ۔ آواز سگ گریۂ قت غضب کے یعنی جبکہ قت کتے بہونکتے ہین

عین با زا

عَزْو ۔ نسبت کرنا صبر کرنا ٹہرنا ایک بات پر

عین با صاد

عَصْو ۔ کسیکو عصا مارنا لاٹہی سے مارنا

عین با ضاد

عُضْو ۔ اندام آدمی کا اور ایک جوڑ جسم کا

عین با فا

عَفْو ۔ گنہ بخشنا خطا معاف کرنا تقصیر سے درگزرنا
عَفُو ۔ بہت گنہ معاف کرنیوالا تقصیرین بخشنے والا

عین با لام

عُلُو ۔ بلندی اونچائی عزت و آبرو و دولتمندی

عین با میم

عَمْو ۔ گمراہی و خواری فروتنی و نابینائی

عین با واو

عَوْعَو ۔ آواز سگ یعنے کتے کی آواز

سولہوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف غین اور اخیر مین واو ہے

غین با دال

غُدْوَہ ۔ صبح کا وقت علی الصباح

غین با را

غَرْو ۔ بروزن سرو نے قلم یعنے وہ نے جس سے قلم بناتے ہین
غَرْنُون ۔ شور و غوغا و فساد و فتنہ

غین با زا

غَزْو ۔ جہاد کرنا لڑائی کفار سے کرنا

غین با لام

غُلُو ۔ ہجوم کرنا اور حد سے گذرنا اندازہ سے تجاوز کرنا

سترہوین فصل

اون لغات کی بیان مین جن کے اول حرف فا اور اخیر مین واو ہے

فا با را

فَرْخِجَو ۔ چوف فرصت ڈہونڈہنیوالا وقت تلاش کرنے والا
فَرْو ۔ بروزن سرو پوستین ردبہ
فَرْوُن ۔ نیچے یہ لفظ فارسی مین زیادہ ہی آتا ہی

فا با لام

فَلِیو ۔ بیہودہ و بیفائدہ بے سود چیز

قلوبہ کرہ اسپ وکرہ خر بیک سالہ

اٹھارہوین فصل

اون لغات کی بیان مین جن کے اول حرف قاف اور اخیر مین واو ہی

قاف باالف

قابوت فرصت و مہلت و قبضہ و تسلط

قائیوت دروازہ و دہلیز مکان کی

قاف بالام

قلمروت ولایت جو کسی بادشہ کے ماتحت ہو

قاف بانون

قنوف خوشہ خرما یعنے کہجور کا خوشہ

اونیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف کاف اور اخیر مین واو ہے

کاف باالف

کاو کاوف تلاش و تجسس و شور و غل و فتنہ و فساد

کالبوف گشتہ و حیران و دیوانہ و احمق و نادان و بیوقوف

کامروف ایک علاقہ کا نام ہے

گاوف مشہور لفظ ہی یعنے بیل جو چارپایہ مشہور ہے

کاف بادال

کدوف مشہور چیز ترکاری ہے

کدبانوف مالک گہر کی شکوہ عورت گہر کی بی بی

کاف باراے

کرزوف قسم کشتی خورد یعنے چہوٹی بیڑی

کرباسوف چلپاسہ ہندی چہپکلی جو مشہور جانور ہے

گرزوف رہن رکہنا کسی چیز کا گرو رکہنا

کاف بافار

کفوف جنس و ہم نسبت و ہم جد و ہم پشت

گفتگوف بات چیت کرنا تقریر کرنا کلام کرنا

کاف بالام

کلوا و اشربوا کہاو پیو یہہ آیت قرانی ہے

کلوف کلان و سردار و رئیس محلہ و سرگروہ

گلوف گلا جسکو حلق بہی کہتے ہین

کاف بانون

کندو مٹی کا بڑا خم یعنے مٹکا

گنج گاو جمشید کے ایک خزانہ کا نام ہے جو بہرام گور کے وقت ظاہر ہوا تہا

کاف باواو

کوکوف ایک قسم کا پلاو و قسم خاگینہ و آواز فاختہ

کوف کوچہ و محلہ و خانہ اور کہان یعنے کہا

گوف مغاک و شجاع و معتبر و بزرگ و رگینہ جو بلند ہو

کاف بایا

گیسوف زلف اور بال سرکے

کیخسروف نام بادشاہ کا جو عظیم الشان بادشاہ تہا

گیو ف نام پسر گودرز پہلوان کا جو ایرانی پہلوان تہا

بیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف لام اور اخیر مین واو ہے

لام باالف

لاو ف مٹی جس سے دیوار سفید کرین سفید مٹی

لام باغین

لغو ع بیہودہ بیفایدہ بے سود

لام باواو

لولو ع موتی و مروارید جو مشہور جواہر ہے

لام باہا

لہو ع کہیلنا بازی کرنا لڑکون کا

اکیسوین فصل

اون لغات کی بیان مین جنکے اول حرف میم اور اخیر مین واو ہے

میم باالف

ماشو ف غربال یعنے چہلنی جس سے آٹا چہانتے ہین

ماجو ف ایک دوا کا نام ہے جو پہل ہوتا ہے

ماکو ع جولاہون کی نال

ماہرو ع ف خوبصورت معشوق

میم باحا

محو ع مٹانا نابود کرنا پاک کرنا حرف و نقوش کا اور بالفعل گم ہونا بے خبر ہونا نابود ہونا

مخشو ع پر کیا گیا بہر اگیا کوئی برتن کسی چیز سے

میم باراے

مرگ نو ف فتنہ تازہ جو ناگاہ برپا ہو

مرجو ع امید رکہا گیا امیدوار

مرو ف خراسان مین ایک شہر مشہور ہے

میم باعین

معفو ع عفو کیا گیا گناہ بخشا گیا

میم بامیم

مملو ع پر کیا گیا بہر اگیا لبالب کیا گیا

میم باواو

مولو ف حیوان کا سینگ جسکو فقیر بجاتے ہین

میم باہا

مہجو ع ہجو کیا گیا برا کہا گیا

مہرو ف خوبصورت و حسین معشوق

میم بایا

مینو ع بہشت و عالم بالا اور کار آبگینہ یعنے مینا

بائیسوین فصل

اون لغات کی بیان مین جنکے اول حرف نون اور اخیر مین واو ہے

نون باالف

نازوف درخت چنار دسہوا دیرجو بلند درخت ہو

نون با تا

نُشُوف بلندی وارتفاع اور اونچائی ہر چیز کی

نون با حا

نَحْو ۶ طرف وراستہ ومانند اور نام علم کا جو مشہور ہے

نون با سین

نَسْو ۶ نرم وہموار و برابر و یکسان

نَستعلیق گوف فصیح کلام کرنیوالا

نون با شین

نُشْو ۶ پیدا ہوتا پہولنا بڑہنا تازہ ہونا

نون با طا

نَطْو ۶ دوری خاموشی اور تمنا

نون با میم

نُمُو ۶ بڑہنا پہولنا سرسبز وشاداب ہونا

نون با واو

نوشدارُو قسم معجون واقع زہر جسکی کہانیسے زہر تاثیر نہین کرتا

نوف نیا وتازہ و نو ایجاد چیز

نون با یا

نیرُوف زور وقوت وحوصلہ واستحکام

نیل گاوف جنگلی گاے جسکو نیلا بہی کہتے ہین

تیئیسوین فصل

اون لغات کی بیان مین جنکے اول حرف

وا و اور اخیر مین واو ہے

واو با ضاد

وُضُو ۶ روشن ہونا اور ہاتہہ پانو دہونا

چوبیسوین فصل

اون لغات کی بیان مین جنکے اول حرف ہا اور اخیر مین واو ہے

ہا با جیم

ہَجْو ۶ مذمت کرنا برا کہنا بدگوئی کرنا

ہا با را

ہرزہ گوف بیہودہ بکنی والا

ہرسوف ہر طرف یعنی چارون طرف

ہَرُوف چوب دستی یعنے لکڑی کی لاٹہی

ہا با لام

ہلاگوف نام بادشاہ بن تولی خان بن چنگیز خان

ہا با میم

ہمچوف مخفف ہمچنین ایسے ہی

ہم ترازُوف مقابل وہم قوت وشریک وسہیم کسی کام مین

ہا با واو

ہندوف جادوگر چور رہزن اور ہندوستان کا رہنی والا

ہا با واو

ہُو ۶ خدا کے نامون سے ایک نام ہے

ہُوبہُو ۶ اوسی طرح جسطرح تہا یعنی ویسا ہی

پچیسوین فصل

ان لغات کی بیان مین جن کے اول حرف یا اور اخیر مین واو ہو

یا با الف

یابوٗ ت اسپ کش اور وہ گھوڑا جو مضبوط و کم قد ہو

یا با بار

بیٖنشیلوٗ ت منڈی غلہ وغیرہ کی جہان غلہ بکتا ہو

یا با را ار

یِیرُعُوت سیاست ودہشت وحکومت بادشاہی

یا با کاف

یک جلو ف تیز و تیز رفتار اور دوڑتا ہوا۔
یکرو ن مخلص دوست با اخلاص ظاہر باطن یکسان

ستائیسوان باب

ان لغات کے بیان مین جن کے اخیر حرف ہا ہی اور پہلی حرف برعایت حروف ہجی کے اپنی اپنی موقع پر بدلتے جاتے ہین ضمن اس اٹھائیس فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کی بیان مین جن کے اول حرف الف اور اخیر مین ہای ہے

الف با بار

اَبارَہ حساب کتاب وشمار وگنتی ہر چیز کی
آبگینہ ف کانچ اور شیشہ گلاب و شراب وآئینہ کا
آب خانہ ف پاخانہ جہان جہاڑ ی پہرنے جائین
آبرِزَہ ت ابر مردہ جو پانی کو اوٹھالیتا ہی اسفنج بہی اوسکو کہتے ہین
اِبرہ ف سوزن و نیش و نوک خار وغیرہ
اَبخرہ ع بخارات جو کسی جگہ سے نکلین
اَبنیہ جمع بنا یعنے بہت سی بنیادین
ابعاد ثلاثہ ع طول و عرض و عمق ہر چیز کا
ابو شحمہ ع کنیت حضرت عمرؓ کی بیٹے کی جسنے باغوای یہودی کے زنا کیا اور باپ نے اوس پر شرعی حد جاری کی اور وہ تازیانہ کی ضربون سے مرگیا
آبلہ ف چھالا جو انسان کے جسم پر ظاہر ہوتا ہے
اَبلَہ ف احمق نادان بیوقوف کم عقل آدمی
ابن مقلہ ع نام ایک خطاط کا جسنے چھہ خط ایجاد کیے ثلث توقیع محقق نسخ ریحان رقاع
اَبرَہَہ ع نام نائب بادشاہ حبش جسنے قلیس نام گرجا بناکر چاہا کہ کعبہ کو گرادیوی اور بہت ہاتہی اور لشکر لیکر مکہ مین آیا اور بحکم قادر حقیقی بیشمار طایر چونچ اور پنجون مین کنکر لیکر آے اور ان کنکرون سے لشکر اور ہاتہیونکو ہلاک کیا صرف تین مرد اونسی جان بر ہوے
اَبادَہُ اللہ ع خدا ہلاک کرے خدا مار دیوے جملہ بد دعا ہے

الف با تا

آتشکدہ آتشخانہ جہان آتش پرست ہمیشہ آگ جلاتے ہین

آتشگیرہ دستپناہ آہنی جسکو چمٹا کہتے ہین

آتش زنہ سنگ چقماق جس سے آگ نکالتی ہین

آتگہ شوہر دایہ جو شخص دایہ عورت کا شوہر ہو

آناقہ کلغی جو بادشاہ و امرا سر پر رکھتے ہین

الف با تار

اُثنیہ جمع ثنا بمعنی بہت سی مدح و تعریفین و صفتین

اَثاثہ گہر کا اسباب اور گھر کا سامان

اُثفیہ دیگدان کے تین پایہ سے ایک پایہ

الف با جیم

اَجلّہ جمع جلیل بزرگان و امرایان و دولتمندان ہین

اَجنحہ جمع جناح آدمیون کے بازو اور مرغون کے پر جس سے وہ اُڑا

اَجوبہ جمع جواب یعنے بہت سے جواب

اُجورہ مزدوری و اجرت جو کسی کام پر لیجائے

اَجنہ جمع جنین مشہور جمع جنی غلط ہے

اَجدہ و اَجیدہ سوہان و ناہمواری

الف با حار

اُحجیہ چیستان یعنے پہیلی و معمہ جسکے معنی غور طلب ہون

الف با خار

اَخاذہ آبگیر و تالاب جہان پانی جمع رہے

اَخیتہ خانہ طویلہ اسپان جہان گھوڑے باندہی جاتی ہین

اُخچہ و اُفچہ ریزہ زرد و روپیہ کا مسکوک

اَخبیہ چوبیسوین منزل قمر کا نام ہے

اُحمہ تیین و شکنج جو کسی چیز مین ہو

الف با دال

اَدخنہ جمع دخان جسکی معنی دود کی ہین یعنے دہوان

اُدرہ بڑہ جانا ایک خایہ کا بسبب مرض کے

اَدقیحہ قسم فرش جو چارپائی پر بچہاتے ہین

اَدعیہ جمع دعا کی لفظ کی معنی پکارنا بلانا

ادعیہ ماثورہ اثر والی دعایے یعنے جسکی سند آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے

اَدلّہ جمع دلیل یعنے بہت سی دلیلین

آداب فاضلہ خصائل پسندیدہ و اخلاق حمیدہ

آدینہ جمعہ کا روز

الف با ذال

آذوقہ طعام کہانا و رزق انسان کا

الف با رار

اَرنبہ نرگوشش مادہ و پردہ بینی

اَزبیہ بن ران یعنے ران کی ابتدا جہان سے وسکا آغاز ہے

اَرجنہ دیار جو مشہور کرم ہے اور لکڑی کو کہا جاتی ہے

ارگجہ ایک مرکب خوشبو کا نام ہے جو لطیف تر ہے

اَرمیہ نام پیغمبر جسکو ارمیان کہتے ہے

آراستہ درست کیا ہوا صاف کیا زینت دیا گیا

اریکہ تخت آراستہ اور وہ تخت جسپر چہپت اور پردہ ہو

یعنے چھپر کہاٹ پردار پلنگ

اَرابہ گردون یعنے گاڑی پہیہ دار

اربعہ متناسبہ حساب مین ایک قاعدہ ہے

اَرَاقہ ہو پانی گرانا اور چہڑکنا پانی کو

اَرَدَہ مشہور آلہ ہے جسسی لکڑی اور پتہر چیرتے ہین

الف با زا

اَزقہ اَزوقہ ہو تہوڑا گذارہ و کم تنخواہ و مشاہرہ

اَزدَہ ف چین و شکنج جو کسی چیز مین پڑجاتی ہین

اَزِمَّہ ہو جمع زمام جسکی معنی باگ کے ہین

اَزمہ ہو رنج و سختی و قحط و ایام نحوست

اَزمنہ ہو جمع زمانہ بہت سے وقت اور زمانے

اِزالہ ہو دور کرنا دفع کرنا روکرنا نکالنا

الف با سین

اُسطورہ ہو افسانہ و سخن باطل و داستان مصنوعی

اَسکنہ ہو ترکہانون کا برمہ جس سے سوراخ کرتے ہین

اَساتذہ ہو جمع اوستاد معرب استاد

اِشفاق ہو غم و اندوہ و فکر و اندیشہ و رنج و الم

اِستفاضہ ہو فیض لینا فائدہ اوٹہانا نفع پانا

اُسبوعہ ہو کامل ایک ہفتہ یعنے سات روز کی میعاد

اِسکندریہ ہو نام شہر بنایہ سکندر بن فیلقوس جو مشہور بادشاہ تہا

اَستہ ہو تخم خرما تخم کنار و تخم لو وغیرہ خستہ ان کی پہل کا

اُسوہ ہو پیشوا و مقدم و سر گروہ و افسر قوم

اُسترہ ہو مشہور لفظ ہے جس سے بال مونڈتی ہین

استنباہ ہو خبرداری چاہنا آگاہی مانگنا

استعارہ ہو عاریت لینا و شعرا کے نزدیک استعارہ اسکو کہتے ہین کہ نرگس و آہو کو بجائے چشم اور سنبل کو بجائے زلف معشوق کو بجائے ...

انہوں نے عاریت کے شعر میں لی ہے بہتی ہین

اِستِخارہ ہو خیر نیکی مانگنا خدا سے استخارہ کہتی ہین ...

اِستِجازہ ہو اجازت چاہنا حکم چاہنا واسطے کرنیکے کسی کام کے

اِستِشارہ ہو مشورہ کرنا صلاح لینا کسی کام مین

اَسئولہ ہو جمع سوال کے لفظ کی بہت سے سوال

اِستحالہ ہو طلب محال کرنا محال ہونا مشکل ہونا خیال بیجا ...

اِستِغاثہ ہو فریاد کرنا انصاف مانگنا حاکم عادل سے

اَسلحہ ہو جمع سلاح بہت سے ہتہیار جس سے لڑتی ہین

اِسکیزہ ہو کودنا دولتہ مارنا گہوڑے یا گدہی کا

اِستکراہ ہو کراہیت کرنا برا جاننا ناپسند کرنا

اِستمرارہ ہو برگشتہ ہونا پہر جانا ایک حال سے

اُسطوانہ ہو ستون یعنے کہم کسی چہت وغیرہ کا

اِسادہ ہو بمعنی وسادہ یعنی بالش تکیہ وغیرہ

آسیہ ہو نام زن فرعون جو پوشیدہ مسلمان ہو کر موسی نبی پر ایمان لائی تہی اور فرعون نے اوسکو بڑے عذاب سے مارا تہا۔

آسمانہ ہو سقف خانہ یعنے گہر کی چہت

آسیمہ ہو پریشان و سراسیمہ و ابتر و حیران

الف با شین

آشیانہ ہو خانہ حیوانات جس مین وہ رہتی ہین

اَشکرہ ہو طایر شکاری جسکو شکرہ کہتے ہین

اُشنہ ہو گیاہ خوشبو یعنے چہاچہیلا جو خوشبو دینا ہے و چہریلہ و ماگیر ہی اسکو کہتی ہین

اَشنوسہ ہو عطسہ یعنی چہینک

اَشِعَّہ ع جمع شعاع پرتوی روشنیان جلوی

اَشرِبَہ ع جمع شراب پینی والی چیزین شربت وغیرہ

اَشباہ ع جمع شبہ بہت سی شکل و شبیہ و خیال و گمان

اَشبَہ ع بہت مشابہت رکہنی والا دوسری چیز کے ساتھ

اُشگُنَہ ع ترکہانون کا جو ہمسی لکڑی مین سوراخ کرتے ہین

الف با ضاد

اُضحُوکَہ ع ہنسانی والی چیز جسکو دیکہہ کر انسان ہنسے

اَضعاف مُضاعَفَہ ع دو چندہا یعنی دوگنی سے کہی دو چند ہونا

الف با طا

اَطرِیَہ ع رشتہ سیدہ یعنے سویان جو پکا کر اور گہی ملا کر شیر و شکر سے کہاتے ہین بعض اوسکو سیما کہتے ہین

اُطرُوبَہ ع خوش کرنیوالی چیز جسکو دیکہہ کر انسان خوش ہو

اُطرَہ ع ناخن کے جڑہ کی زہ جو چمڑے کے ساتھ ملی ہوتی

اَطعِمَہ ع جمع طعام بہت سی کہانے لذیذ

الف با عین

اُعجُوبَہ ع جو چیز تعجب مین ڈالے یعنے عجیب و انوکہی چیز

اَعِنَّہ ع جمع عنان بہت سی باگین گہوڑے کی

اَعِزَّہ ع جمع عزیز بہت سی زبردست اور پیاری لوگ

اَعوِنَہ ع جمع عاون اعانت کرنیوالے مددگار

اَعیان ثابِتَہ ع صور علمیہ یعنے علمیہ صورتین

اَعضای رَئیسَہ ع دل دماغ جگر وغیرہ

الف با غین

اُغلُوطَہ ع جو چیز غلطی مین ڈالے

آغشتہ ف آلودہ اور بہرا ہوا کسی پلید چیز سے

اَغذِیَہ ع جمع غذا بہت سی غذائین

الف با فا

افسردہ ف بسبب سردی کے منجمد یا برف کے پژمردہ اور سست

افریجہ ت نام ایک شہر کا ہے

اَفئِدَہ ع جمع فواد بمعنی دل یعنے بہت سے دل

اَفواہ ع جمع فوہ بمعنی دہن یعنی بہت سے منہہ

اَفاغِنَہ ع جمع افغان یعنے پٹہانون کا گروہ

اَفضِیَہ ع جمع فضا بہت سی سرسبز میدان سے

افگانہ ع بچہ ناتمام جو ستارہ مینے کے حمل سے اول پیدا ہو یعنے مسقط ہو جاوے

الف با قاف

اَقچہ ع روپیہ یا اشرفی یا پیسہ کہ مسکوک و مضروب ہو

اَقضِیَہ ع جمع قضا بمعنی حکم و حکومت و فیصلہ مقدمہ

اِقالہ ع بیع کو فسخ کرنا اوس سے درگذرنا تقصیر معاف کرنا

اَقمِشَہ ع جمع قماش یعنی اسباب و متاع بہت سا گہر کا اسباب

الف با کاف

اَکاسِرہ ع جمع کسریٰ کہ بادشاہان عالیشان و امرا عظام

اَکَّالَہ ع کہانی کی چیزین جو انسان کے کہانے مین آتی ہین

اَکمَہ ع کور مادر زاد جو ماں کے پیٹ سے اندہا پیدا ہو

آکِلَہ ع نام مرض جو مہلک بیماری ہے

اِکتِنَاہ ع کسی چیز کی کنہ کو پہونچنا اصل حقیقت دریافت کرنا

اِکراہ ع زبردستی کام لینا بیگار پکڑنا ناحق کام کرانا

اکالہ ع بہت کہانیوالا آدمی پرخور شکم بندہ

آگاہ ف خبردار صاحب علم و عقل و ہوش و ہنرمند

الف با لام

الفتہ ہ و نہ مشرب بے باک بے قید لا مذہب
آلوچہ ف مشہور میوہ ہے جو ترش شیرین ہوتا ہی
اَلسِنَہ ع جمع لسان زبانہا یعنی بہت سی زبانین
اَلیَتَہ ع سیرین یعنے چوتر آدمی کے
الیتہ ع دنبہ گوسپند و گوشت سیرین ہر جانور کا
اَلفِیَہ ع نام کتاب علم نحو میں جسکی ہزار بیت ہے و باصطلاح اہل ایران
اَلمَکَہ دکشور یعنے ولایت و اقلیم
اللہ ع معبود مطلق و اسم ذات باری تعالیٰ جل شانہ
اَلوِیَہ ع جمع لوا علم ہای فوج و نشانہای لشکر
اَلاَحَہ دورنگ کپڑا جسکا سوت دو رنگ کا ہو
اَلجِیرَت لوٹ کا مال غارت سے لیا ہوا اسباب
اَلفِیہ شَلفِیَہ ع نام کتاب جو تاثیر باہ کی تقویت سے بدکان کا کچھ بیان ہے
اَلبَتّہ ع بیشک ہان ایسا ہی ہے
القصّہ ع حاصل کلام نتیجہ تقریر خلاصہ اوسکا
آلَہ ع ہتہیار اوزار جس سے کام کیا جائے
الٰہ ع خدا کا نام ہی و اسم ذات کا اختصار

الف با میم

آمِنَہ ع نام مادر رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم
آملہ ہ مشہور پہل ہے جو دوا مین مستعمل
آموختہ ف مخفف آموختہ پڑہا ہوا اور سیکہا ہوا علم
اَمکِنَہ ع جمع مکان بہت سے مکان

اِمالَہ ع میل دینا مایل کرنا اور اصطلاح میں فتحہ کو طرف کسرہ کے جیسے مثلاً کتیب امالہ کتاب و رکیب امالہ رکاب
اَمثِلَہ ع جمع مثال یعنے بہت سے مثالین و تشبیہین
اَمتِعَہ ع جمع متاع یعنے بہت سی اسباب و سامان
اَمزِجَہ ع جمع مزاج یعنے بہت سے مزاج
امور عامہ ع وہ چیزین جنکی دلالت عام ہو
اِمامِیَہ ع فرقہ شیعہ جو ابوبکر و عمر و عثمان ثلاثہ صحابہ کبار کی خلافت و امامت سے منکر ہین سوا علی المرتضیٰ کے

الف با نون

اَنبَرَہ ع وہ آلہ جس سے لوہار گرم لوہا پکڑتے ہین سنسی مشہور اوزار ہی
اَنمُلَہ ع سر انگشت انامل اسکی جمع ہی
اَندازَہ ف جرأت و دعا و تخمینہ و نمونہ و نشانہ و علو ہمت و اسلوب و قصد
اَنگَہ ف اوسوقت اوس حالت و سنے بیچ
اَنوشَہ ف خرم و خوشحال و شہزادہ حسین و نوجوان و دانا و مرد نوکد خدا جسکی نئی شادی ہو
اَنگارَہ ف خاکہ تصویر کا و نقش ناتمام
اِنتِباہ ع خبردار کرنا اور خبردار ہونا مطلع ہونا
اَنبُوبَہ ع لوٹے کی ٹونٹی جس سے پانی نکلتی ہین
اَنگلَہ ف تکمہ کی گہنڈی جسمین تکمہ ڈالا جاتا ہے
اَنگوزَہ ف ہینگ جو مشہور بدبو چیز ہی اور دوا مین مستعمل ہے
اَنفَحَہ ع پنیر جو دودہ اور دہی سے بنایا جاتا ہی
انبانہ ف وہ چمڑا جس مین غلہ بہرتے ہین
انبغہ ع ما خوذ انق سے جسکی معنی خوش ہونیکی ہین

آتیہ ع خبر دینے والا آتبیہ دینے والا آگاہ کرنے والا

آنسیہ منسوب بانس یعنی خوگر کرنے والا عادت پذیر

انطاکیہ ع ایک شہر شام مین جسکا یہہ نام ہی

الف با واو

اودہ ہ بہت بڑے ایک صوبہ کا نام ہے جسکا دارالسلطنت لکھنؤ

اوقیہ ع چالیس درم کے وزن کا نام ہی

اولکہ ت ترکی مین ولایت اور اقلیم کو کہتے ہین

اوارجہ ف بھی کہلاتہ دفتر کی کتاب روزنامچہ

آوارہ ف خراب وابتر و پریشان

آویزہ لٹکا ہوا اور نام ایک زیور کا جسکو بند اجھر کا بھی کہتے

اوعیہ ع ظروف وادندیعنی برتن مٹی چینی کلی وغیرہ

اوارہ ف دفتر حساب کی کتاب جسمین ہر ایک شی کا حساب

اداہ ع دعلیہ یعنی والا اداری کرنے والا روپیہ لالچ کرنیوالا

اوردہ ع جمع ورید یعنی رگین جو انسان کے جسم مین ہین

آورہ ف قبا کا ابرہ جو استر کے اوپر ہوتا ہی

اولی اجنحہ ع صاحبان پر و بازو یعنی فرشتگان آسمانی

الف با ہا

اہل بخیہ ف مردرند و خراباتی و فسا و آنکیرے

آہ ت ای افسوس یہہ لفظ افسوس کے مقام بولا جاتا

اہلہ ع جمع ہلال ہے یعنے بہت سی نئی چاند

اہویہ ع جمع ہوا یعنی بہت سی حرصین خواہشین

اہل ذمہ ع کفار جو اہل اسلام کی حکومت مین ہون

الف با یا

ایکہ ع جنگل اور انبوہ درختون کا جہان بیشمار درخت ہون

ایلخہ ف گلا اسپان یعنی گھوڑون کا گلہ اور بہت سے گھوڑے

ایلہ ت ساتھہ ہمراہ شراکت مین

ایچرہ ت درمیان اور بیچ مین

ایمہ ع جمع امام کی لفظ کی یعنے بہت سے امام و پیشوا

آئینہ ف مشہور لفظ ہی معنی زینت و آرایش اور وہ چیز جسمین چہرہ نظر آئے ہند مین اوسکو درپن کہتے ہین

دوسری فصل

ان لغات کے بیان مین جنکی اول حرف با اور آخر مین ہا ہی

با با الف

بارقہ ف روشنی و ابر و برق و شمشیر

باختہ ف ہارا ہوا

بازندہ ف کھیلنے والا اور قسم ایک کبوتر کا جو ہوا مین بازیان لگاتا ہے

بارہ ف حصار و قلعہ و اسپ تیز رفتار و شتر رہوار و کرت نوبت و حق و شان و شوکت

باغنہ ف روئی کا گالہ

بالوعہ ع حوض کو چاہ جسمین گندہ پانی جمع ہوتا ہو عربی ہی اوسکو منجلاب بھی کہتے ہین

بادفراہ و بادافراہ جزاے گناہ و سزاے جرم

بادہ ف شراب جسکی پینے سے آدمی مست ہو جاتا ہے

باکرہ ع زن دوشیزہ یعنی کنواری عورت

باغچہ ف چھوٹا باغ جہاں تھوڑی سے درخت ہون
بالینہ ف پرانا ہونا کہن سال وقدیم ہونا
باخہ ع جانور آبی یعنے کچھوا کہ مشہور جانور ہے
بارحہ ع شب گذشتہ گذری ہوئی رات کل کی رات
بارخانہ ف اسباب رکہنی کا مکان
بارگہ ف کچہری پادشاہی محل جس مین بادشاہ بیٹھا ہو
باکورہ ع نیا میوہ نیا پہل جو باغ سی اوترے
تازنامہ ف اسباب تجمل وتفاخر وسامان حشمت
بالغہ ع عورت جوان جو بالغ ہو چکی ہو
بادیہ ع جنگل ویرانہ غیر آباد زمین
بایستہ ف لائق وبہتر وسزاوار
بازغہ ع طلوع کرنے والا اور نام ایک صنم کا عرب کے عورتوں کا عاد سے
باطشہ ع سخت پکڑنے والا مضبوطی کرنے والا
بادحکہ ف شہوت زنان وخواہش نفس زن
بادکلہ ف ضربت جماع
بالمشافہ ع روبرو وآنکھوں کے سامنے
بادریسہ ف چوب مدور جو خیمہ کی چوب پر کہتی ہین
بابکانہ ف دریچہ در وزن جو مکان کی دیوار مین ہو
باسکونہ ف دوازگونہ یعنے ٹھہرا
بادام مسیمہ ف چشم محبوب معشوق کی آنکھ
بازیچہ ف کھلونا جس سے لڑکے کھیلتے ہین
پاکیزہ ف پاک ودرست ولطیف ومطبوع طبع
باللہ ع قسم خداکی

بالجملہ ف حاصل کلام کا نتیجہ تقریر وگفتگو کا
باہ ف قوت شہوت اور مردمی کی قوت
پارچہ ف کپڑا اوڑھنی اور پہننے کا ٹکڑا کسی چیز کا
پارہ ف ٹکڑا کسی چیز کا
پالودہ ف فالودہ جو مشہور چیز ہے
پانزدہ ف پندرہ (۱۵) عدد مین
پاجامہ ف کمر کا کپڑا دھوتی وغیرہ وشلوار وازار وغیرہ
پاتیلہ ف دیگ یا ان فراخ چوڑی مہنہ کا دیگچہ
پاچاہ ف جولاہی کی گاڑہ جس مین وہ پانو لٹکا کر کام کرتا ہی
پالنگانہ ف بام بلند وپاسنگ ترازو
پارینہ ف کہنہ اور جنتری ایک سال کی
پائیگاہ وپایگہ ف قدر ومنزلت ورتبہ ودرجہ وطویلہ کو کہتے ہین
وجائے چارپایان جہان وہ باندھی جائین
پاچلہ ف پاتابہ جوتی وجراب جو پانو مین پہنتے ہین
بادشاہ ف حاکم ووالی ملک فرمان فرما
پایہ ف مرتبہ رتبہ درجہ عہدہ جو کسیکو حاصل ہو

با با تا ر

بتیارہ ف بلا وآفت ورنج وغم وفکر واندیشہ
بت راہ ف مانع راہ جو رستہ نہ چلنے دے
بت کدہ ف بتخانہ

با با ثا ر

بثرہ آبلہ کہ جلد جو بچہ لا اور چھوٹی پہوڑسی

با با جیم

بجان آمدہ ف ناخوش وغمگین وآزردہ وتنگ

بابا جاء

بحر سیف عربیا عقیق و بحر محیط ہند

بابا خاء

بخیدہ ف روئی جسمی پنبہ دانہ نکالی ہوئے ہون
بخسیدہ ف پژمردہ و رنجیدہ و بیمار و مضمحل اور مرجہایا ہو گئے
بیخته ف روئی جو دانہ سے الگ کی گئی ہو
بخیہ ف مضبوط سلائی اور باریک سلائی
پخته ف مشہور لفظ ہی یعنے جو چیز پکی ہوئی ہو

بابا دال

بدہ ت خشکہ پلاؤ جو ایک قسم کا کہانا ہوتا ہے
بدیہہ ع فی الفور بے اندیشہ سخن کہنا اچانک بول اوٹہنا
بدرہ ف خریطہ دینار و اشرفی کی تہیلی اور کیسہ روپیہ کا
بدرقہ ع راہبر اور ہمراہی و ہم سفری رفیق

بابا ذال

بذلہ ع لطیفہ و سخن خوش ہنسی کی بات

بابا راے

برشتہ ف بریان و ہر چیز مرغوب و مطبوع و مقبول
برء الساعۃ ع نام دوای مرکب
برہ ف بچہ گوسپند جو کم عمر اور چہوٹا ہو
برادہ ف چورا کسی چیز کا ریزہ ریزہ کیا ہوا
برجستہ ف ٹہیک و درست مضبوط و مستحکم و بے عیب بے نقص
بریہ ف خلق اللہ خدا کی مخلوق زمانہ کے لوگ
برکہ ف پانی کا حوض اور چہوٹا تالاب

براہمہ ع جمع برہمن بہت سے برہمن
بردہ ف غلام و کنیزک و دایہ و خادمہ گہر کی
برہنہ ف ننگا جسکے جسم پر کوئی لباس نہو
برذعہ ع پالان خر گدہی کا پالان
برطلہ ع کلاہ جسکو ٹوپی کہتے ہین
برنج شمالہ ف پلاؤ زردہ جو مشہور کہانے ہین
برامکہ ع امرای عالیشان و نام قوم
پرسہ ف ماتم پرسی کرنا کسیکے ماتم مین
پرقازہ ف موی قلم نقاشان یعنے وہ قاز کے بال جس سے نقاش لوگ اپنا قلم بناتے ہین
پروانہ ف جانور مشہور کاغذ حکم جو حاکم جاری کرے
پرکالہ ف پارچہ و حصہ اور ٹکڑا
پرگنہ ف دیہات اور گانو زمینداری کے
پژرہ ف مشہور لفظ ہی یعنے ٹکڑا کاغذ وغیرہ کا
پژہ ف صف لشکر و برگ کاہ یعنی گہاس کا پتا
پردہ ف حجاب اور شعبہ موسیقی کا
پروردہ ف پلا ہوا پرورش کیا ہوا

بابا زاے

بزادہ ف اینٹون کے پکانے کا پزادہ
پژمردہ ف بیرونق و غمناک حیران و پریشان
پژولیدہ ف پریشان کیا گیا ابتر و خراب کیا گیا
بزہ ف گناہ و خطا و تقصیر و جرم
برزہ ف میوہ دار و بار دار درخت

بزم ف مجلس جہان بہت لوگ بیٹھین
بزغالہ ف پہاڑی بکرا
بزنگاہ ف جسجگہ بزنگ کا خوف ہو
بزمگاہ ف مقام مجلس جہان بہت لوگ جمع ہون

باب السین

بسبابہ ع جلوتری جو ایک دوا کا نام ہے
بسم اللہ ع شروع کرتا ہون مین ساتہہ نام اللہ کے
بسحاق اطعمہ ع نام شاعر جسکی تمام شعرون مین ذکر طعام کا ہے
بسوفہ ہر چیز کا بیسوان حصہ خصوصاً بیسوان حصہ بیگہ کا پیمایش
بستہ ف بقچہ بندہی ہوئی گٹھری
بساط خانہ ف متاع خانہ گہر کا اسباب
پس آوردہ ف عورت کی پہلے خاوند کا بیٹا دوسرے خاوند کے وقت
پسندہ ف قسم کباب قیمہ جو نہایت لذیذ ہوتا ہے
پسندیدہ ف دلپسند و مطبوع طبع خاطر پسند
پس خوردہ ف کہانیسے بچا ہوا طعام جوٹہا
پس انگندہ ف بچا ہوا مال جو خرچ سے بچ رہے

باب الشین

پشتوارہ ف مقدار بار پشت پیٹہہ کا بوجہا
بشرہ ع چہرہ و پوست آدمی جسسے پہچانا جاے
پشت پناہ ف حمایتی مددگار رفیق کار آدمی
پشتہ ف تودہ ٹیلا اونچی زمین
پشمینہ ف اون کا کپڑا اون کا لباس
پشہ ف مچہر جو مشہور جانور ہے

باب الصاد

بصرہ ع عراق عرب مین ایک شہر ہے
بصرہ ع جمع باصر دیکھنے والے لوگ بصر لوگ

باب الطاء

بطانہ ع استر قبا وغیرہ جاندار کے سینہ و اندرونی حصہ

باب العین

بعثرہ ع برانگیختہ ہونا پراگندہ ہونا پریشان ہونا
بعرہ ع سرگین شتر و گوسفند یعنی اونٹ و بکری کا گوبر یعنے پشک و رہندی مینگنی
بعینہ ع اوسیطرح ہو بہو

باب الغین

بغچہ ف جامہ بند و بستہ اور گٹھری

باب القاف

بقلہ ع ساگ جو پکاکر کہاتی ہین سبزی بہی اسکو کہتی ہین
بقعہ ع زمین جو محدود و ممتاز ہو مجازاً زمین موضع و گانو و قریہ و مکان و بمعنی سراے و خانہ
بقیہ ع بچا ہوا مال کہانا وغیرہ

باب الکاف

بکہ ع نام قدیم شہر مکہ جہان خانہ کعبہ واقع ہے
بکرہ ع بامداد و وقت صبح فجر کا موقع
بکرہ ف جو چرخی پانی بہرنے کے لئے چاہ پر لگاتے ہین
بکلانہ ہ بنگالہ مین ایک ملک ہے
بکرنگاہ ف معشوق نوجوان دلپسند
بنگاہ و بیگہ ف صبح کا وقت فجر کا موقع

بکزند ف زیر کرتہ قند شیرین پر قند وقسما شکر

باب با لام

بلیتہ ع رنج وآزار تکلیف وبیماری

بلحہ ع کاذ ریش جسکی ڈاہڑی بہی ہلتی ہو

بلبلہ ف کوزہ جسکی ٹونٹی اور ٹوپی دونوہون آوازکرتی

جسکو قل قل بہی کہتے ہین

بلبلہ ع شدت اندوہ ووسواس اندیشہ وتفکر

بلعلہ ع ہبیر مشہور پہل ہے جو دوامین مستعمل ہے

بلدہ ع شہر اور بڑا قصبہ اور بڑی آبادی

بلعنہ ع علامت مقابلہ کے جو کتاب پر لکھی جاتی ہے

بلہ ع جمع ابلہ کم عقلان یعنے نادان بیوقوف لوگ

بلکہ ف مشہور لفظ ہے اور مقام ظن وشبہ مین آتا ہے

پلہ ف درخت ڈہاک کا

پلہ ف درجہ ومرتبہ ترازو وپایہ نردبان

پلیتہ ف روئی یا رسی یا پارچہ باٹ دیا ہوا

پلنگینہ ف نام پارچہ جو پوست پلنگ کی طرح ہوتا ہے

پلفتہ ت آگ کی چنگاری تہوری سی آگ

باب با نون

بنگاہ وبنگہ ف گہر مکان جگہہ سکونت گاہ

بنیتہ ع بنیاد وآفرینش وپیدایش آلہی

بنیہ ع کعبہ معظمہ بیت اللہ

بندہ ف مشہور لفظ ہے

پنجشنبہ ف جمعرات کا دن

بنفشہ ف مشہور معطر اسپیدون کا نام ہی

بنانہ ع سر انگشت یعنے انگلی کا سر

بنہ ف درخت وساس وسامان ضروری

بنی سیبہ نام قبیلہ جو عرب کے ملک مین ہے

پنجگاہ ف پنج وقت نماز کے

پنجرہ ف مشہور لفظ ہی جسکو قفس کہتے ہین

پناہ ف یاری امداد پشت حمایت دستگیری

پنجاہ ف پچاس کا عدد عربی مین اسکو خمسین کہتے ہین

پنبہ ف روئی جس سے کپڑا بنتا ہی

پنج پایہ ف گنگچہ دریائی عربی مین سرطان ہے ایک جانور کا نام ہے

باب با واو

بوتہ ف سونا چاندی گلانے کی کوٹھالی اور ترکی مین بستر کا اونٹ کا بچہ یعنی کم بچہ

بوعزہ ایک قسم کا کہانا ہی جو آٹا دل گوشت ملاکر پکاتے ہین

بوزنہ ف بندر جو ایک مشہور جانور ہی

پوسیدہ ف پورانا گہسا ہوا بیکار شدہ

بورہ ع سہاگا جو ایک مشہور چیز ہے

بومرہ ع شیطان کی کنیت ہی

بوحنیفہ ع کنیت ابو نعمان امام اعظم کوفی رضی اللہ عنہ کی

پوشیدہ ف کرو فر یافتہ صاحب شان وشوکت

پوزنہ ف بڑا مشہور جانور ہے

پویہ ف دوڑنا اور دوڑنا اور تیز رفتاری

پوشانہ ف کشمیر کے گاہ مین المیتعلم ہی جسکی تعلیم ہی

پوست کندہ ف آشکارا و ظاہر ہوا

پول سیاہ پیسہ تانبے کا مضروب ہو
پوشیدہ ف پہنا ہوا اور چھپا ہوا آنکھوں سے

باب با ہا

بہانہ ع بوزنہ جسکو ہندی مین بندر کہتے ہین
بہرہ ف حصہ و نصیب و قسمت و بخرہ
بہیدانہ ف تخم بہی کا جو دوا مین مستعمل ہے
بہ ف اچھا بہتر بہت مناسب بہت
بہانہ ف سبب حیلہ باعث مکر و فریب و داو
بہیہ ف روشن و تابان اور چمکتی ہوئی
بہیمہ ع چارپایہ مثل گائے بیل گھوڑا گدہا وغیرہ
بہلہ ف دستانہ چوبی میر شکاران جسپر باز کو بٹھلاتے ہین

باب با یا

بیگانہ ف غیر و ناآشنا شخص ناواقف آدمی
بی شائبہ ف بے شک بے شبہ و بے گمان
بیشہ ف جنگل و ویران زمین
بیمہ ف ہنڈوی جسکے ذریعہ سے روپیہ بھیجا جاتا ہے
بے سکہ ف بے قدر و بے منزلت و بے رتبہ
بینہ ع ثابت و روشن و گواہ و شاہد
بیوہ ف رانڈ عورت جسکا خاوند مرگیا ہو
بیجادہ ف ایک زرد رنگ جوہر کا نام ہے
بیضہ ع تخم مرغ وغیرہ و سیاہیان و جماعت گروہ درمیان شہر
بیارہ ف بیلدار درخت مثل کدو انگور و خربوزہ تربوز وغیرہ
بیچہ ف معشوقہ عورت اور خوبصورت محبوب

پیگاہ و پیگہ ف وقت صبح و سحر
پیلہ ف خشکی کی زمین درمیان دریا
پیرایہ ف لباس و زیور و آرائش و زینت ظاہری
پیرزنہ ف چہلنی جسمین آٹا چھانتے ہین
پیشینہ ف اگلا اور پہلا
پیلپایہ ف کہم ستون کا جو عمارت مین ہوتا ہے
پیوستہ ف ملا ہوا اور ہمیشہ
پیغارہ ف سرزنش و طعنہ و ملامت و عتاب
پیغولہ ف گوشہ و کنارہ اور ایک طرف
پیلہ ف کرم ابریشم جسکے لعاب سے ریشم بنتا ہے
پیشگاہ ف صدر مجلس و دیوان و پیش تخت و بارگاہ
پیشین گاہ ف وقت نماز ظہر تین بجے دن کا وقت
پیادہ ف پانو سے چلنے والا بخلاف سوار کے
پیشہ ف طریق و کسب کار و طرز و روش
پیسہ ف پول سیاہ تانبے کے جو بادشاہ کے نام پر ہو
پیسہ ف ہر چیز سیاہ و سفید ملی ہوئی یعنے دو رنگ
پیختہ ف چھانا ہوا میدہ و یا سفوف وغیرہ

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جنکا اول حرف تا اور اخیر مین ہا ہے

تا با الف

تاغہ ت خالو والدہ کی بہن کا شوہر

تاسفہ ع غم و پریشانی و ملال و ضطر لبعض غم
تابخانہ ف تنور کا مقام اور وہ مکان جہاں آگ کا تھر
تابہ ف توا روٹی پکانے کا جو لوہے کا ہوتا ہے
تابندہ ف چمکنے والا روشن چمک دار۔
تازہ ف نیا اور سرسبز و خندان و شگفتہ۔
تافتہ ف کاتا ہوا سوت یا ابریشم وغیرہ
تازیانہ ف کوڑا جو چابک سوار ہاتھ میں رکھتے ہیں
تاتورہ ف ایک درخت کا نام ہے جسکا پھول اور پھل زہر ہوتا ہے
یعنے دہتورہ جسکے کھانے سے آدمی مرجاتا ہے
تادیہ ع پہونچانا ادا کرنا قرض وغیرہ کا

تا با بار

تبخالہ ف چھوٹے آبلے جو گرمی تپ سے انسان کی ہونٹوں کے گرد نکل آتے ہیں
تباہ ف خراب و خستہ و ابتر و پریشان حال۔
تبیارہ ف تپ لرزہ جو مشہور بیماری ہے۔
تبعہ ن خادمان و نوکران جمع تابعان و خدمتگاران
تبعہ ع بد انجام و بد مآل و بد سرانجام آدمی۔
تبقیہ ع باقی رکھنا بچاؤ کرنا کسی چیز میں سے
تبارک اللہ ع بزرگ ہوا اور پاک ہوا اللہ جل جلالہ۔
تبیرہ ف طبل و کوس و دہل و نقارہ جو بجایا جاتا ہے
تبصرہ ع بینا کرنا اور عینک لگا کر دیکھنا۔

تا با تار

تتمہ ع باقیماندہ مضمون یا عبارت وغیرہ

تا با ثار

تثنیہ ع دو کرنا دو گنا کرنا ایک حصہ پچھلے سے زیادہ کرنا

تا با جیم

تجربہ ع آزمانا امتحان کرنا کسی کا۔
تجزیہ ع پارہ پارہ کرنا تقسیم کرنا حصہ حصہ کرنا جز جز کرنا
تجلیہ ع روشن اور ظاہر کرنا چمکانا جلا دینا۔

تا با حار

تحفہ ع نادر انوکھا اور عجائب چیز۔
تحریمہ ع تکبیر اول نماز کی جو سب سے پہلی تکبیر ہے۔
تحیہ ع سلام و درود و زندگانی و ملک بادشاہی۔
تحلیہ ع شیرین کرنا زیور باندھنا صفت کرنا۔

تا با خار

تخت روندہ ف کنایۃً اسپ یعنے گھوڑا۔
تخمہ ف اصل و نژاد و اولاد و نسل۔
تختگاہ ف بادشاہ کا گھر جہاں اوسکا تخت ہو
تختہ ف لکڑی کتری ہوئی چوڑی لکڑی۔
تخمینہ ع اندازہ کرنا اٹکل سے کہنا آنکنا کسی چیز کا بغیر اسکے
کہ اوسکا شمار و حساب اچھی طرح سے کیا جائے۔
تخمہ ع بدہضمی یعنی امتلائے معدہ و ہیضہ جو مشہور بیماری ہے
تخلیہ ع تہی کردن یعنی خالی کرنا الگ رہنا۔
تخطیہ ع خطا پکڑنا قصور ثابت کرنا۔

تا با دال

تدسیہ ع تباہ کرنا گمراہ کرنا خراب و ابتر کرنا۔

تا با ذال

تذکرہ ع ذکر کرنا نصیحت کرنا ... کہنا۔

تا با رای

ترۂ ف ساگ کا پتا سبزی کا پتا ... سبزی۔
ترہ ع کینہ و غصہ و غضب و خشگی طبیعت کی۔
ترہ ع با صل اور فارسی میں ساگ تر کا می ... سبزی
ترجمہ ع بیان کرنا ایک بات کے دوسری زبان میں
ترقوہ ع گردن کا حلقہ یعنی ہنسلی گلے کی گردن کی ہڈی
تریاق ع معرب ایک معجون کا نام ہے۔
تراشنہ ف سنگ تراشوں کے ایک اوزار کا نام ہے۔
ترکہ ع جو مال کوئی چھوڑ کر مرجائے اور وارثوں کا حق ہو
ترنا سندفتان ف نان خورش یعنی وہ روٹی جو لازمہ ساتھ ہو
ترنجیدہ ف پرچین و ترش رو چین بجبین خشمناک آدمی
ترفیہ ع آسودگی و آرام و آسایش و خوش گزران ہونا
ترفہ ع آسودگی و دولتمندی و آسودہ حالی۔
ترانہ ف سرود و نغمہ و راگ جو گایا جائے۔

تا با زای

تزکیہ ع پاک کرنا زکوۃ دینا صاف کرنا درست کرنا۔

تا با سین

تسویہ ع برابر کرنا یکساں کرنا۔
تسعہ ع نو یعنی ۹ کے اعداد میں
تسمیہ ع نام رکھنا بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھنا خدا کا نام لینا
تسمہ ف لمبا چمڑا جسسے کوئی چیز باندھیں۔

تا با شین

تشت و طشت ف ... ایک باسن کا ہے جس کے ...
تشتہ ... پیمانہ ... جس سے ... ہیں
تشویہ ع ... بریاں کرنا ... کباب وغیرہ کو۔
تشبیہ ع مثال دینا تشبیہ بنانا شکل بیان کرنا
تشنہ ف پیاسا جسکو پانی پینے کی حاجت ہو۔

تا با صاد

تصفیہ ع صاف کرنا پاک کرنا فیصلہ کرنا کسی تنازعہ کا

تا با عین

تعریتہ ع ننگا کرنا برہنہ کرنا۔
تعزیتہ ع ماتم پرسی کرنا
تعلقہ ع علاقہ لگاؤ اور چند مواضعات جاگیر وغیرہ جو کسی کے متعلق ہوں
تعبیتہ ع آراستہ کرنا چھپانا درست کرنا۔
تعمیہ ع اندھا کرنا چھپانا معما کہنا رمز سے بات کرنا

تا با غین

تغذیہ ع خوراک دینا غذا دینا کھانا دینا۔

تا با فا

تفتہ ف گرم ہوا ہوا تپا ہوا جلا ہوا نہایت گرمی کی حالت میں
تفتیدہ ف جو چیز آگ سے گرم ہوئی ہو خواہ دھوپ سے
تفرقہ ع دو چیزوں میں فرق کرنا اور ان کو الگ الگ کرنا
تفہ ع جو چیز کچھ مزا نہ رکھتی ہو یعنی بے مزہ ہو
تفکہ ع میوہ کھانا میوہ چکھنا باغ سے۔
تفسیدہ ف نہایت گرم ہوا ہو جلتا ہوا۔

تا با قاف

معنے شعر [illegible] مشتمہ [illegible]

تا با کاف

تکمہ ف مشہور لفظ ہے جو انگرکھا یا اچکن وغیرہ مین لگایا جاتا ہے اوسکو گھنڈی کہتے ہین۔

تکیہ ع کسی چیز کے ساتھ پشت لگا کر بیٹھنا بہروسا کرنا

تکلہ ف نام بادشاہ جو شیراز مین فرمان فرما تہا۔

تکمہ ع ازار بند و سراویل بند اور ٹکڑا اوپارچہ۔

تا با لام

تلامذہ ع شاگردان خلوتیان و تابعان جو علما و فضلا کے کی خدمت مین ہون اسکا مفرد تلمیذ ہے جسکی معنی شاگرد کے ہین

تلخہ ع خلط صفرا جسکو پتہ کہتے ہین اور انسان کے جسم مین وہ صفرا کا گھر خالق حقیقی نے پیدا کیا ہے۔

تلبیہ ع لبیک کہنا حاجیون کا بوقت حج کے۔

تلوسہ و تلواسہ ع اندوہ و اضطراب غم و پریشانی

تلہ و طلہ مشہور لفظ ہے یعنی چاندی کا تار اور ریشم کو ملا کر جو بانا جاتا ہے سرخ و سپید دو قسم کا۔

تا با میم

تمرہ ع خرما جسکو ہندی مین کھجور کہتے ہین۔

تماچہ ف تھپڑ دھپہ جو کسیکو لگایا جاتا ہے [illegible]

تمیمہ ع تعویذ مہرہ سیاہ و سفید جو بچون کے گلے مین پہناتے ہین

تمویہ بروزن تفویض ع ملمع کرنا آرایش دنیا و مکر و فریب و خلق و چاپلوسی

تا با نون

تنبیہ ع آگاہ و ہوشیار کرنا خبر دینا

تنبّہ ع بروزن توکل آگاہ ہونا خبردار ہونا۔

تنزیہ ع دور کرنا پاک کرنا صفا و درست کرنا۔

تنزہ ع دور ہونا عیب سے پاک ہونا گناہ سے

تنورہ ف پوشش جنگ زرہ وغیرہ۔

تنہ ف بیخ درخت یعنی درخت کی جڑ

تنگہ ف روپیہ پیسہ جو رایج الوقت ہو۔

تنقیہ ع پاک و صاف کرنا آرایش دینا زینت دینا و درستی مین لانا خوبصورت بنانا کسی بگڑی ہوئی چیز کو

تنخواہ ف تنخواہ ہوا نوکر کی جو مقرر ہوتی ہے درماہہ مشاہرہ مدد معاش

تنوفہ ع بیابان و جنگل و ویرانہ زمین جہان آبادی نہو

تنمیہ ع افزایش و بالیدگی و تازگی و سرسبزی و زینت

تا با واو

تورہ ت رسم و قاعدہ اور وہ شریعت خود ساختہ جسکو چنگیز خان ظالم نے از خود وضع کیا تہا مجازاً قانون بادشاہی

توطیہ ع پامال کرنا بچھانا برابر کرنا تقریر کرنا کسی مشکل امر کی اصلی کلام اول تمہید اوٹھانا اور اوسکے ذریعہ سے اپنی کلام کو آراستگی دینا

تولاک اللہ ع اللہ تجہکو دوست رکھے یہہ کلمہ دعائیہ

تولہ ت بچہ سگ نغم از اقسام سگان یعنی ایک قسم کتون کا نام ہے

تولہ و تولچہ ف مشہور وزن ہے جو بارہ ماشہ کا ہوتا ہے [illegible]

توشہ ف زاد راہ رستہ کا خرچ جو مسافر پاس رکہتا ہے

توشک خانہ ف وہ جگہہ جہان اسباب و سامان گہر کا قسم پارچہ وغیرہ رکہا جاوے

توجہ ع کسیکی طرف منہ کرنا راغب ہونا مایل ہونا کسی پر

توجیہ ع منہ پھیرنا اور بیان کرنا کسی امر کی حقیقت
توبہ ع گناہ سے باز آنا جو کچھ ہو گناہ پر پشیمانی ظاہر کرنا
توسعہ ع فراخ کرنا وسعت دینا مہلت دینا۔
تودہ ف انبار کسی چیز کا ڈھیر لگا ہوا غلہ وغیرہ کا
توفیہ ع تمام دینا و نیک وفا کرنا اپنے عہد و اقرار پر
تولیہ ع کام کسی کے ذمہ پر کرنا۔

تا با ہا

تہیہ ف آمادگی و تیاری و درستی سامان سفر وغیرہ
تہ ف نیچے کا فرش تلی نیچے۔
تہلکہ ع نابود ہونا مرنا ہلاک ہونا۔
تہ کیرہ ف تہ دیگی جو دیگ کے نیچے رہ جاتی ہے
تہ جرعہ ف پس ماندہ شراب جو پیالہ میں رہ جاتی ہے
تہیگاہ ف پیٹ و پہلو و خسر نگاہ پنچی کا جسم۔

تا با یا

تیرہ ف تاریک و مکدر و خشمناک و سیاہ رنگ۔
تیغ کوہ ف بلندی کوہ اور چوٹی پہاڑ کی۔
تیغ دو دمہ ف وہ تلوار جس کے دونو طرف دھار ہو
تیہ ع بے آب جنگل اور وہ جنگل جس میں موسی علیہ السلام
چھ لاکھ لشکر کے ساتھ چالیس برس تک پھرتے رہے
تیشہ ف مشہور ہتیار جس سے ترکھان لکڑی تراشتے ہیں
تیر خانہ ف گھر کا شہتیر جس پر چھت ڈھلتی ہیں

چوتھی فصل

اون ثاآت کے بیان میں جنکے اول حرف ثا ہے اور آخیر میں سے ہے

ثالث ثلاثہ ع اشارہ بتثلیث ہے یعنی خدا تعالی کو عیسائیون نے تین حصون میں تقسیم کیا ہے یعنی خدا و روح القدس و مسیح ابن مریم
ثانیہ ع دقیقہ کا ساٹھواں حصہ گھنٹہ کا جسکو منٹ کہتے ہیں

ثا با عین

ثعلبیہ ع نام مقام و نام موضع و نام قصبہ۔

ثا با غین

ثغرہ ع مغاک جو سینہ و شکم کے درمیان ہوتا ہے

ثا با قاف

ثقہ ع مرد صاحب اعتبار اور اعتبار کرنا کسی معتبر پر۔
ثقبہ ع سوراخ اور چھید جو کسی چیز میں ہو۔
ثقبہ عنبیہ ع وہ سوراخ جو وسط طبقہ عنبیہ چشم میں واقع ہے

ثا با لام

ثلہ ع گروہ مردم اور آدمیون کا ہجوم و جماعت

ثا با میم

ثمینہ ع چیز گران قیمت جو ارزان نہو۔
ثمرہ ع پھل میوہ جو درختون سے حاصل ہوتا ہے۔
ثمار ع جمع ثمر بہت سے میوے اور پھل
ثمانیہ ع آٹھ جسکو فارسی میں ہشت کہتے ہیں

ثا با یا

ثیبہ ع وہ عورت جو خاوند کرچکی ہو بیاہی گئی ہو بخلاف باکرہ کے۔

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکا اول حرف جیم اور اخیر مین ہا ہی

جیم باالف

جارُ اللہ نام مصنف و مولف تفسیر کشاف ساکن شہر زمخشر

جاذبہ جذب کرنے والی یعنی ایک قوت کا نام ہی جو انسان کے جسم میں ہے

جاہ رتبہ دولت عزت و حرمت انسان کی۔

جانانہ معشوق محبوب جان سے عزیز

جانہ نام ایک نصارا کا ہی حضرت کے فرقہ انصار سے۔

جارحہ ہاتہہ اور وہ عضو جیسے کسب کرین کام کرنے کا عضو

جایزہ صلہ و انعام و خط مستقیم جو تصحیح کی علامت کے لئے مقرر کیا گیا ہو

جایگاہ جگہہ مقام اور وہ گھر جسمین سکونت کیجائے

جاریہ کشتی و سفینہ و آفتاب و کنیزک و پرستار و دختر و آب روان

جواری اسکی جمع ہی یعنے بہت سی کنیزین۔

جامہ پہننے کا کپڑا و چہار کا پیالہ جسمین شراب پیتے ہین

جادہ راہ باریک اور راست جسپر چلنے سے مسافر کبہی گمراہ نہو

جالہ پولا دریا یا دیگر کا جو لکڑیان باندہ کر بطور کشتی بنا لیتے ہین یا چند مشک پہونک کر اوسپر بیٹہتے ہین اور اوسکے ذریعہ سے دریا سے اوترجاتی ہین۔

جار آئینہ ایک قسم کا جنگی لباس ہے جو پہلوان پہنتے ہین

چارپایہ ڈنگر بیل وغیرہ جانور جو چار پیر سے چلتے ہین

چاردہ چودہ عدد مین ایک ہین اربع و عشر کہتے ہین

چارشنبہ بدہ کا دن

چار گوشہ جسکے چار گوشے یعنی کونے ہون جیسے چوکی

چار شانہ تنومند عاقل قوی ہیکل پہلودار شخص۔

چار موجہ بہنور گرداب جو دریا مین پڑتا ہو۔

چار یارہ نام رقص و نام ساز جو بجایا جاتا ہے۔

چارگامہ سپ تیز رفتار جو بہت تیز چلے۔

چانہ ہر چیز گرد و فلک اسفل و استخوان زنخ

چارہ علاج و تدبیر و مکر و فریب۔

چاہ کنوان جسسے پانی بہرا جاتا ہے۔

جانکاہ سخت مصیبت و غم و اندوہ۔

جیم با بار

جباہ جمع جبہ پیشانیان اور ماتہے آدمیون کے

جبر و مقابلہ علوم حساب سے ایک علم مشہور ہے۔

جبہجہہ شکنبہ یعنے معدہ جسکو اوجہڑی کہتے ہین

جبین گرفتہ ترش رو و ترش مزاج بدخو آدمی

جبریہ ایک فرقہ کا نام ہے جو کہتے ہین کہ بندہ محض بے اختیار ہے اسکو نیکی و بدی کی جزا و سزا نہین ہوگی اپنے اختیار سے کچہہ نہین کرسکتا بلکہ قادر حقیقی کی قدرت سے مجبور ہے جو کام اسسے سرزد ہوتا ہے

جبابہ صحرا و دشت و ویرانہ غیر آباد زمین۔

جبہہ پیشانی جسکو ہندی مین ماتہا کہتے ہین۔

جبہجلہ پارہ کوہ پارہ برف جو پہاڑ پر جم جائے۔

جیم با ثا

جثہ بدن و تن مردم و جسم انسانی۔

جیم با دال

جدہ ف معدہ پیٹ پہ یعنی کل دہ در دی۔

جدتہ نام شہر جو عرب کے کنارے پر آباد ہے۔

جیم با ذال

جذرہ شرارہ آتش یعنے آگ کا پتنگا۔

جذبہ ف کھینچاو کشش قلبی۔

جذوہ پارۂ آتش چنگارا آگ کا پرکالہ۔

جیم با رائے

جرنہ و جرمنہ اسپ نقرہ خنگ یعنے سفید گھوڑا

جرّہ دلیر و شجاع و اسپ تازی ع رساند گھوڑا و اسپ تر دو محل و باز شکاری

چرندہ چارپایہ جو گھاس چرنے والا ہے۔

جریدۂ تنہا و شاخ درخت بے برگ و دفتر دیوانی و کاغذ احتیاط

چرخہ ف سوت کاتنے کا چرخہ اور نام درخت۔

چرغبنہ ف بد آدمی پاجی آدمی بدذات۔

چرمینہ ف چمڑے کی چیز جو چمڑے کی بنی ہوئی ہو

جردہ ف سیاہ رنگ اسپ سبزہ یعنے سبزہ گھوڑا۔

جرعہ ایک مرتبہ پینے کا پانی جسسے پیٹ بھر جائے

جرگہ تصفت کھینچا اور انبوہ آدمیوں کا ہجوم لشکر کا۔

جرمانہ معاوضہ گناہ جو گنہگار سے لیا جاتا ہے۔

جریمہ گناہ و تقصیر و قصور و جرم جو کسی سے سرزد ہو

چراغوارہ قندیل جس میں چراغ رکھا جائے۔

چربہ ف قسم کاغذ باریک جو نہایت چربا ہوتا ہے۔

چردہ رنگ کرچہ غلط اکثر رنگ گھوڑے کی تعلق رکھتا جو سیاہ رنگ

جرزدہ پوست آدمی جوان کا۔

چرتہ ف رنگ پوست آدمی کا۔

جیم با زای

جزیلہ محکم و بسیار و مضبوط۔

جزدیدہ ف نابینا یعنے اندھا شخص جسکو نظر نہ آئے

جیم با سین

جستہ شیر دان بکری وغیرہ کا جسمیں دودہ رہتا ہے

جیم با شین

چشمہ ف پانی کا چشمہ جہان پانی نکلے۔

چشم دریدہ ف شوخ بیحیا بے مروت جو کسیکا لحاظ نکرے

چشم سیاہ معشوق جسکی آنکھیں سیاہ ہون۔

جیم با عین

جعبہ ترکش جس میں تیر رکھے جاتے ہیں

جیم با غین

جغلہ ت امرد یعنے سادہ رو و بے ریش آدمی

جغرشتہ ت دہ سوت جو ابھی دوک پر لپیٹا ہو جسکو ہندی میں کچھ کہتے ہیں

جغانہ ت نام ساز جو گانے کے وقت بجایا جاتا ہے

جغرافیہ علم صورت زمین کا۔

جیم با فار

جفتہ ف دولتہ جو گھوڑا یا گدھا مارا اور سرین سے پیچھے کی طرف پھینکے

جفتہ ف خمیدہ و کج و سر گوسپند جو ذبح کے بعد توڑا جائے

جیم با کاف

جگر گوشہ ف فرزند بیٹا پیارا

چکیدہ ف قطرہ جو نم کم

چکمنہ ت مونہ مسر جتہ پا نمت پہنچے ہین

چکرت یا رچا قنقیہ سک پہیکی بعد علمہ یعنی [illegible]

چکاد قطرہ ٹپکنا اور پرگنہ اور مرحلہ اور مکان

چکیدہ ف قطرہ وخورد یعنے چہوٹا سا۔

چگونہ ف کیونکر کسطرح کس باعث سے

جیم بالام

جلگہ ت مرغزار سرسبز میدان جہان سبزہ اور بہت گہاس ہو اور مرغ ایک قسم کی گہاس ہے۔

جلالہ ء تعریف الہی جل جلالہ وعم نوالہ

جلوہ ء اپنے آپ کو دکہلانا ظاہر ہونا چمکنا۔

جلسنہ ف زرہ جو جنگ مین پہنتے ہین۔

چلہ ف چالیس عدد اور چالیس عدد دین اور چالیس روز کی عبادت جو بزرگ لوگ ایک مقام پر بیٹھ کر کرتے ہین

چلغوزہ ف ایک میوہ کا نام ہے جو مشہور ہے۔

چلپاسہ ف چہپکلی جو ایک مشہور جانور ہے۔

جیم بامیم

جمازہ ء شتر تیز رفتار جو چلنے مین تیز ہو۔

جمعہ ء روز آدینہ جسکو شکروار کہتے ہین۔

جمرہ ء انگرا آتش اور سنگریزے جو پہینکے حاجیون نے حج کر وقت جیسے کہ حکم ہے اور نام مہینے کا جو قسم مورہی اور بعد آپ کے نکل آتا ہے

جمیلہ ء خوبصورت عورت اور حسین عورت۔

جملہ ء بزرگ بلند وصاحب رتبہ ودرجہ۔

چچیدہ ف کاسہ سکو یک چوکہہ پہاڑ [illegible] اور چاہ جو شورستان مین ہو وہ

چمانہ ف کدو منقش بصورت پیالہ جس مین شراب پیتے ہین اور یعنی خرامان اور ناز سے چلتا ہوا۔

چچیرت قاشق وکفگیر کو چکہ جسسے طعام ہنڈیا سے نکالتے ہین

جیم بانون

جنہ ء پریان جنیان جو قسم مخلوقات خالق حقیقی ہے

جنہ ء سپر فراخ یعنے چوڑی ڈہال۔

جنانہ ء مد کو دک جو ایک حمل سے پیدا ہو جسکو [illegible] کہتے ہین

جنازہ ء تابوت مردہ جو اوٹہایا جائے

جیم باواو

چوترہ ف چبوترہ جو زمین سے کسیقدر بلند بنا ہو۔

جولہ ت ایک قوم ترک کا نام ہے۔

جودہ ء نیکی اور نیک ہونا اور سب سے اچہا ہونا

جودہ ء دوڑنا نیک چال چلنا گہوڑے کا۔

جونہ ء عطردان وطبلہ جس مین عطر رکہتے ہین۔

جوبہ ء دورباش دو شاخہ۔

جولاہا کپڑا بننے والا بافندہ جسکو عربی مین نساج کہتے ہین

جوئندہ ف ڈہونڈنے والا جستجو کرنے والا

جوزہ ف مرغی کا چہوٹا بچہ۔

جولیدہ ف پریشان وغمناک واندوہگین۔

جاہر مجرد ذات بحت خداوند کبریا جلشانہ کی

جوالہ ء بہت پہرنے والا اور گرد پہرنے والا جازادہ لڑکی

ہونا حرف اول کا زیر سے ہیں ہندی میں

جیم با ہا

جہودا ؔ رنگ زرد کپڑا جو یہودی ہمیشہ پہنا کرتے ہیں اور اس عمل کو عبادت جانتے ہیں۔

چہار تار ؔ نام ساز کا ہے۔

چہار گاہ ؔ ایک راگ کا نام ہے جو چار وقت گایا جاتا ہے

چہچہہ ؔ آواز بلبل کی اور اسکی بولی۔

چہرہ ؔ منہ صورت شکل۔

جہندہ ؔ کودنے والا گھوڑا وغیرہ

چہر ؔ کیا ہے۔

چہاردہ ؔ چودہ اعداد میں جسکو عربی میں اربع عشر کہتے ہیں

جیم با یا

چیرہ ؔ غالب شجاع دلاور جو انمرد زبردست۔

چینہ ؔ روؔ دیوار جو اینٹوں کا ردہ لگاتے جاتے ہیں

جیوہ ؔ سیماب جسکو ہندی میں پارہ کہتے ہیں

جیغہ ؔ نام زیور مرصع جو سر پر سب لوگ باندھتے ہیں

جیغہ جیغہ ؔ منہ پر ستاری غنیا وقت سنگار کے۔

جیفہ ؔ مردار جسمے بو آتی ہو اور سڑ گیا ہو۔

جیلنہ ؔ مرغون کا دانہ جو اونکو کھلایا جاتا ہے۔

جیرہ ؔ طعام راتبہ جو کسیکو دیا جائے۔

جینیہ ؔ تکبر غنہ جو جنگ کے وقت پہلوان پہنتے ہیں

چہٹی فصل

ہوں لغات کے بیان میں جنکا اول حرف حا اور آخیر میں ہاے ہوز ہے

حا با الف

حادثہ ؔ سختی مصیبت تنگی۔

حافظہ ؔ قوت یاد رکھنے والی۔

حایطہ ؔ چاردیواری اور گڑھ جو بنا ہوا ہو۔

حاطہ ؔ چاردیواری گھر کی۔

حاملہ ؔ حمل والی عورت۔

حاسہ ؔ ایک قوت کا نام ہے مثل قوت سامعہ و باصرہ

حاش للہ ؔ پاکی ہے اللہ کو۔

حاشیہ ؔ کنارہ ہر چیز و شتران جو ان و خدمتگاران

حاشیہ قدیمہ ؔ نام کتاب شرح کتاب تجرید۔

حاجیہ ؔ حج کرنے والی عورت۔

حارہ ؔ کشت زار یعنی کھیتی۔

حا با با

حبالہ ؔ دام و رسن یعنی جالی اور رسی۔

حبہ ؔ دانہ وزن یک سرخ۔

حا با جیم

حجلہ ؔ چپر کھٹ جو چھتری دار پلنگ ہوتا ہے۔

حجہ ؔ سال اور ایکبار حج کرنا خانہ کعبہ کا۔

حا با دال

حدقہ ؔ سیاہی چشم و خانہ چشم یعنی سیاہی آنکھ کی اور آنکھ کا غار

حدیقہ ؔ وہ باغ جسکے گرد دیوار ہو اور جمین اسکی مجدود ہو

حدیثیہ کے پاس ایک موضع ہے۔

حدیبیہ ا کو خوشبو بہا ہوا۔

حا با ذال

حذیفہ ع نام ایک صحابی کا جو آنحضرت صلعم کا ہمنشین تھا

حا با راے

حرفہ ا کسب پیشہ جس سے آدمی اپنا گزارہ کرے۔

حرہ ع آزاد جو کسیکی کنیز یعنے زر خرید نہو انکو حبیلی

حربگاہ ف وہی کا مقام جنگ کی جگہ۔

حریرہ ع نام ایک قسم کے طعام کا ہے۔

حرہ ع سنگستان اور پتھریلی زمین۔

حراقہ کشتی و نفط اندازی۔

حراق و حراقہ ع سوختہ چقماق و شعلہ

حرام نوشہ ف حرام خوار و نمکحرام

حرارہ ع رقص کرنا بانچنا اور کوڑا کرخوش آنا

حرم گاہ ف محل سرا و مشکوحہ و حلیلہ عورت گھر کی بی بی

حا با زاے

حزمہ ع دستہ کا غذ و دستہ خوشہ گندم جسکو گڈی کہتے ہیں

حزب اللہ ع گروہ بزرگان و گروہ اولیاء اللہ۔

حا با سین

حسابیہ ع نام شاعر جو عرب میں رہتا تھا۔

حسنہ ع نیکی و نیک چلا ہے اور اچھا۔

حسب مرضی و حسب فرمودہ حکم کے موافق ارشاد بموجب

حسینہ ع خوبصورت عورت معشوقہ محبوبہ۔

حا با شین

حشفہ ع سر ذکر مرد جسکو سپاری کہتے ہیں۔

حشاشتہ تھوڑی جان جو کسی بیض یا زخمی کے جسم میں تھا

حا با صاد

حصینہ ع استوار و محکم و مضبوط عمارت وغیرہ

حصبہ ع چیچک ایک بیماری کا نام ہے جس سے جسم پر سرخ باریک دانے نکلتے ہیں کمال سوزش ہوتی ہے

حا با طاے

حطمہ ع آتش قوی نام ایک دوزخ کا ساتواں دوزخوں میں سے

حا با فاے

حفصہ ع نام دختر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا۔

حفرہ ع سوراخ اور مغاک جو زمین میں ہو۔

حفلہ ع انبوہی و بسیاری و زیادتی ہے

حا با قاف

حقنہ ع دوا جو دبر سے پہونچائی جاتی ہے۔

حقبہ ع مدت ہشتاد سال یعنے اسی برس کی میعاد

حقہ ع ڈبا زیور رکھنے کا مجازاً پاندان۔

حقہ ع شتر بچہ سہ سالہ یعنی تین برس کی عمر کا اونٹ

حا با کاف

حکۃ ع خارش جو بیماری مشہور ہے ہندی کھجلی

حکمنامہ ف پروانہ جو حاکم کی طرف سے جاری ہو

حا با لام

حلیلہ ع زن منکوحہ اور گھر کی بی بی اور حرہ عورت

حَلفَہ ع ایک مرتبہ قسم کہانا حلف دوہانا۔
حَلَبَہ ع تخم مینہی جو ایک قسم کی ترکاری مشہور ہے
حَلَمَہ ع سر پستان عورت کے پستان کے بوبی۔
حُلیَہ حِلیَہ زیور خلقت وصورت خلقت وزینت دنیا
حُلّہ ع بردینی وجامہ وازار ود ... جوڑا۔
حُلّہ ع نام ایک شہر کا۔
حَلقَہ ع مجلس و اجتماع ومقام خاص لحاظ ودایرہ
حلیمہ ع نام دایہ رسول جسنے آنحضرت کو دودہ پلایا

حا با میم

حَملَہ ع دہاوہ کرنا کسی پر واسطے جنگ کے۔
حُموضَہ ع ترشی کہٹائی لذت مین۔
حَمدُونہ ع بوزنہ جسکو ہندی مین بندر کہتے ہین
حُمرَہ ع رمل کی سولہ شکلون سے ایک کا نام ہے۔
حَمَلَہ جمع حامل بردارندگان یعنے بوجہ اوٹہانے والے
حُمَہ زہر گزدم یعنے بچہو کا زہر۔
حَمزَہ ع نام عم رسول اور نام سبزہ جسکو ترہ تیز کہتے ہیں
حمامہ ع کبوتر جو مشہور پرندہ ہے۔

حا با نون

حنانہ ع نوحہ کرنے والا اور نام ایک لکڑی کے ستون کا ہے جو
پیچہے حضرت کے ہجرہ کے تہا جسسے تکیہ لگا کر بیٹہتے تہے جب منبر بنا گیا
تو وہان بیٹہنا ترک کیا وہ حضرت کی جدائی سے غمگین ہو کر
رونے لگا آخر حضرت نے خاموش کرایا اور وعدہ کیا کہ قیامت مین
تو بہشت مین درخت بنیگا یہہ وعدہ دیکر اوسکو دفن کرا دیا

حَنِیَّہ کمان جو چلانے کے وقت آواز کرے۔
حَنجَرَہ ع حلق وگلو جسسے انسان کی آواز نکلتی ہے
حَنطہ گندم یعنے گیہون جسکے آرد کی روٹی پکاتی ہین ہندی مین گیہون اسکو کہتے ہین

حا با واو

حوصلہ مدہ مرغ ہندی پوٹا جس مین مرغ کا دانہ جمع رہتا ہے
حوالہ ع سپرد کرنا تفویض کرنا۔
حَوضَہ ع ایک حوض پانی کا۔
حوارہ ع نان میدہ سفید رنگ یعنے میدے کی سفید روٹی
حوزہ ع اندر و درمیان یعنے بیچ مین۔

حا با یا

حَیَّہ ع سانپ جسکو فارسی مین مار کہتے ہین۔
حی کردہ احاطہ کیا گیا قید مین لایا گیا تعرف مین لیا گیا
حُیَرَہ ع ایک قسم کا نام ہے اور گردن کی پیٹہہ جسکو گدی کہتے ہین
حَیطَہ ع احاطہ مکان کا۔
حَیاصَہ ع دہ دوال جیسے گہوڑی کا تنگ باندہتے ہین
حَیلُولَہ ع دو چیز کے بیچ درمیان مین آنا۔
حِیلَہ ع فریب بہانہ مکر سبب باعث۔

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکا اول حرف خا اور آخر مین ہا ہے

خا با الف

خازنہ ع مخفف خواہر زن یعنے سالی جورو کی بہن

خاگینہ ف مشہور کہانا ہے جو بیضہ سے پکاتے ہین خاگینہ کو
خارہ ف سنگ سخت اور ایک قسم کا کپڑا جو دہوپ مین بہت جاتا ہے
خازہ ف گوندی ہوئی مٹی اور ریگل جو دیوار پر لگاتی جاتی ہے
خالیہ ع گزشتہ و قدیم و کہنہ و کہن سال۔
خاصرہ ع تہیگاہ و کمر۔
خانقاہ ع معرب خانگاہ خانہ سکونت درویشان فقیر
خانوادہ ف خاندان امیرون و بزرگون کا۔
خاشہ ف خاشاک یعنے کوڑا۔
خاکروبہ ف جو کوڑا خاکروبی کے بعد جمع ہو۔
خاک انگیختہ ف کرہ زمین اور دہرتی۔
خاکہ ف ڈہانچ مسودہ تصویر کا۔
خالہ ف ماکی بہن ماسی۔
خامہ ف قلم لکہنے کا جسسے لکہتے ہین۔
خاک مردہ ف گہر و مکان و سکونت کی جگہ۔
خاک مردہ ف شور زمین جس مین کچہہ پیدا نہو۔
خایہ بیضہ مرغان و خایہ مردان یعنے خصیے ر
خاصہ ف ایک تعریف خاص جو کسی فرد مین ہو چنانچہ
نطق کہ خاصہ تعریف انسان کی ہے۔
خالصہ ع خالص اور زمین و ولایت جو خاص ملک بادشاہی

خا با بار

خبیجہ ع تمر ہندی جسکو املی کہتے ہین اور لذت مین ترش

خا با تار

ختامہ ع وہ کاغذ جسپر مہر کرین مہر والا کاغذ۔

خنیعہ ع زنگیر جو تیر انداز انگلی پر پہنتے ہین
ختنہ ع سنت کرنا جو مسلمانون مین رسم ہے۔

خا با جیم

خجستہ ف مبارک و ہمایون و پابرکت۔

خا با دال

خدعہ و خدعہ و خدعہ مکر و فریب و دغا۔
خدیجہ ع نام زوجہ محمد صلعم مادر بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہا کا
خدشہ ع خراش و شک و شبہ و وہم و خیال۔

خا با رائے

خرخشہ ف مجادلہ بیموقع بے محل جہگڑا۔
خرگاہ ف خیمہ خرگاہ کیونکہ خر پہلوی زبان مین خوشی کو کہتے ہین
خربزہ ف مشہور میوہ ہے جسکو خربوزہ کہتے ہین
خرمن ماہ ف ہالہ چاند کا جو چاند کے گرد پڑتا ہے۔
خردہ ف ریزہ ہر چیز کا اور رنگت ہر چیز کی۔
خرفہ ف مشہور و ہو ترکاری و رنگ قسم ہوتا ہے۔
خرقہ ع گودڑی فقیرون و درویشون کے پہننے کی۔
خرمہرہ ف کوڑیان۔
خربندہ ف مالک خر و خادم خر یعنے گدہے والا۔
خرزہرہ ف درخت کنیر جو مشہور چیز ہے۔
خرابی بصرہ ف کنایتہً خرابی و موت و بربادی
خرپشتہ ف گریوہ و پشتہ کلان و اونچی زمین۔
خرہ ف کہنچار یعنے وہ کہال جو بعد لگانے بکری کے پاؤن وغیرہ نکلتی ہے
خرچہ ف لاگت و خرچ جو کسی چیز کی تیاری پر ہو

خریطہ ع تھیلی و کیسہ جسمین کوئی چیز رکھین
خرزہ ع ارضہ یعنی دیمک جو ایک کم ہوتا ہے اور لکڑی کو کہا جاتا ہے
خُرَّہ ع خروس و صراحی شراب کی۔
خرابہ ف ویرانہ جنگل غیر آباد زمین اجڑا ہوا ملک
خریدہ ف بروزن خمیدہ خرتکر وزن شیر مگین اور درخت
خرزہ ف آلت یعنی کیر و قضیب مردونکا عضو تناسل
خرباچہ بچہ خر یعنی گدہے کا بچہ جو ابھی چھوٹا ساہے
خردلہ ف رائی مشہور تخم ہے اور اچار مین ڈالا جاتا ہے

خا با زاے

خزاعہ ع نام قبیلہ جو عرب کے ملک مین رہتا ہے
خزانہ ف گنج ہر ایک چیز کا جو جمع کیا گیا ہو۔
خزینہ ع خزانہ و مال اور بہت سی دولت جو جمع ہو

خا با سین

خستہ ف خراب اور ٹوٹا ہوا اور میوہ کی گٹھلی
خسانیدہ ف تھکا ہوا اور بھگویا ہوا
خسوانہ ف فقیرون کی گودڑی
خسر پورہ ف سالا عورت کا بھائی
خسروانہ ف بادشاہانہ شان و شوکت کے ساتھ
خسک دانہ ف تخم گل عصفر کسومبے کا بیج
خسارہ ع زیان نقصان جو کسیکو تجارت کلم مین ہو

خا با شین

خشخشہ ع کھڑکھڑانے کی آواز اور نئے کپڑے کی
خشکہ ف چاول ابالے ہوئے جو صرف چاول ہون

خشیہ ع خوف و ڈر و اندیشہ جو کسی سے ہو۔

خا با صاد

خصمانہ ف غور و پرداخت و حمایت و امداد۔
خُصیہ ع بیضہ انڈا اور خصئے مرد کے۔
خَصاصہ ع درویشی و فقیری و مفلسی و خالی
خصاصہ ع درخت انگور کے میوہ کے چکھنے کے بعد جو کچھ میوہ درخت پر باقی رہے

خا با طاء

خطیئہ ع گناہ تقصیر جو کسی سے سرزد ہو۔
خطرہ ع جو خیال دل سے اوٹھے
خطابہ ع خطبہ پڑھنا امام کا منبر پر کھڑے ہوکر۔
خطبہ ع عورت کے ساتھ نکاح کرنا اور وہ عبارت حمد و ثنا کی
جو بوقت نکاح کے پڑھین اور دیباچہ ہر ایک کتاب کا
خطفہ ع ایکبار چمکنا بجلی ایسا کہ نگاہ اچک لیجاوے یا بات کہ
خطہ ع راستہ علاقہ اور سرزمین۔
خطوہ ع فاصلہ درمیان ہر دو پا بوقت رفتار۔

خا با فاء

خفاجہ ع نام قوم عرب مین۔
خفیجہ ع جو لکڑی پل چلایا ہوا ہوتا ہے کہ اوس سے کام ہوتا ہے اور دیر پا لگا ہو
خفیہ ع پوشیدہ اور چھپا ہوا آنکھون سے۔
خفقہ ع گھونٹنا گلے سے پکڑ کر دبانا۔

خا با لام

خلاشہ ع خاشاک کوڑا و کانٹے۔
خلّہ ع سیخ اور ہر چیز نوک دار۔

خلیتہ ف تہیلہ جسمین کچھ ڈالا جائے اور کیسہ۔
خلطہ ع شراکت آمیزش۔
خلابہ ع کسی کو زبان سے فریب دینا دانو مین لانا۔
خلیفہ ع قایم مقام پیچھے آنے والا بادشاہ والی ملک
خلال مامیرہ ف سویان مہمہ کی جو پکا کر شیر و شکر سا کہا تے ہیں
خلاصہ ع اصل پاک صاف۔
خلالہ ع تنکا دانت کریدنے کا۔

خا با میم

خمخانہ ع شراب خانہ جہان شراب بکتی ہو۔
خمسہ متحیرہ ع پانچ ستارے سوا قمر و شمس کے۔
خمیر مایہ ف جس چیز کا زیادہ کرنا منظور ہو۔
خمرہ چہوٹا خم اور چہوٹا مٹکا۔
خمیازہ ع انگڑائی و جماہی جو انسان کو آتی ہے
خمسہ ع پانچ عدد مین اور پانچ مصرع کا شعر جسکو مخمس بھی کہتے ہیں

خا با نون

خندہ ف ہنسی۔
خنیدہ ف پسندیدہ اور مطبوع طبع اور لایق۔

خا با واو

خوشہ ف مشہور لفظ ہے جسکو ہند مین بہُٹا کہتے ہین
خواستہ ف چاہا ہوا و مال و زر و خزانہ۔
خون گرفتہ ف اجل گرفتہ جسکو موت کہین لیجائے
خوبلیہ ف ناراست و کج باز فریبی و دغاباز۔
خوردہ ف ریزہ کسی چیز کا اور برادہ کسی چیز کا۔

خواجہ ت صاحب مالک پیر و مرشد و استاد
خوجہ ف غلام جو خصی ہو یعنی نا در زاد زنانہ ہو
خورہ ف نام مرض جسکو بالخورہ کہتے ہین۔
خوانچہ ف چہوٹا خوان جس مین کہانا رکھہ کر کہاتے ہین۔
خواندہ ف پڑہا ہوا صاحب علم اور بلایا ہوا۔

خا با یا

خیرہ ف سرگشتہ و حیران و شوخ و تاریک و سیاہ۔
خیمہ ع تنبو ڈیرہ جسمین لشکر رہتا ہے۔
خیرخواہ ف بہلائی چاہنے والا دوست رفیق۔

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکا اول حرف دال اور آخیر مین ہا ہے

دال با الف

داعیہ ع خواہش و ارادہ اور بلانیوالی عورت آواز دینیوالی
داخلہ ع اندرونی عورت جو گہر مین آ چکی ہو۔
دار الخلافہ ع بادشاہی مقام جہان بادشاہ رہتا ہو
داروغہ ف افسر محافظ کام کا ذمہ دار۔
داہیہ ع بار سختی و مصیبت و غم و اندوہ و رنج۔
دایہ ف بچے کو پرورش کرنے والی عورت جو بچے کو دودھ دے
دامن کوہ ف جو زمین پہاڑ کے نیچے ہو متصل پہاڑ۔
داجہ ف غلہ عدس یعنی مسور کا غلہ۔
دافعہ ع دوا مسہل جو مواد کو نکالے۔

دایرہ ف حلقہ و نام ساز جو بجایا جاتا ہے۔
دالوغہ ۂ ہندوانہ یعنے تربوز۔
دابّہ ۂ جو حیوان زمین پر اپنے پاؤن سے چلے۔
داد ۂ کنیزک اور حاکم منصف و عادل۔
دانیہ ۂ نزدیک ہونے والا پاس جانے والا۔
دایرۂ عظمہ ۂ گردش آسمان کی اور بڑا دایرہ۔

دال با بار

دبیلہ ۂ ورم کلان طور یعنے پھوڑا جو انسان کے جسم پر ہوتا ہے
دبّہ ف کوپہ چمڑے کا جس مین گھی وغیرہ اشیا رکھتے ہین
دبدبہ ف آواز نقارہ مجاز اشان و شوکت و عزت و انجام

دال با جیم

دجاجہ ۂ ماکیان و خروس یعنے مرغا مرغی۔
دجلہ ۂ نام رود جو بغداد کے نیچے جاری ہے۔

دال با خاء

دخن و دخنہ ۂ غلہ ارزن جسکو اہل فارس گاورس اور ہندی
دخمہ ف قبرستان آتش پرستون کا۔

دال با دال

ددہ ف چارپایۂ درندہ جو کاٹتا ہو مانند سگ و گرگ وغیرہ

دال با راے

دردوازہ ۂ روم مین ایک قلعہ کا نام ہے۔
درمکہ ف نان میدہ جو سفید ہوتا
درّاعہ ۂ مشایخ کے لباس سے ایک لباس ہے۔
درّہ ۂ وہ چمڑا جس سے قاضی مجرم کو شرعی حد کی سزا دیتے ہین

درہ ف پہاڑ کا درہ اور پہاڑی راستہ
درّہ ۂ مروارید بزرگ یعنے بڑا موتی۔
دراجہ ۂ دو بڑی برج جو قلعہ کے دروازہ کے دونو طرف ہوتے تھے
دریوزہ و دریوزہ گر ف گدائی و گدا یعنے گدائی کرنے والا
درمنہ ف نام گیاہ جو دوا مین مستعمل ہے
دریچہ ف چھوٹا دروازہ اور کھڑکی۔
درجہ ۂ رتبہ پایہ اور زینہ کا ہر ایک پایہ۔
درکہ ۂ طبقہ دوزخ و پایہ زیرین۔
درگہ و درگاہ ف دربار بادشاہی۔
درقہ ۂ سپر و زرہ جو جنگ مین پہنتے ہین۔
درندہ ف پھاڑنے والا سگ و گرگ وغیرہ
دروازہ ف گھر کا در و دہلیز آمد و رفت کی جگہہ
درماندہ ف ضعیف و بیچارہ اور تھکا ہوا کمزور و ناتوان۔
دریدہ ف پھٹا ہوا کپڑا وغیرہ

دال با سین

دستارچہ ف دستار خورد و رومال جو سر پر باندھین۔
دستگاہ ف سرمایہ و سامان و مال و دولت۔
دست تنگ ف عجیب و غریب بخیل و مسک جو خرچ نکرے
دستہ ف مشہور لفظ ہے ہاتھ مین پکڑنے کی جگہہ
دستوانہ و دستینہ ف نام زیور یعنے پہونچی۔
دستانہ ف غلاف ہاتھ کا۔
دست بغچہ ف گٹھری چھوٹی سی جو ہاتھ مین رکھین
دستپناہ ف آگ کے پکڑنے کا چمٹا۔

دال باشین

دشنہ ن خنجر اور یہ چھرا لوہے کا

دال باغین

دغدغہ ع ترس وبیم وتشویش و اندیشہ و پریشانی۔

دِغدغہ ع گدگدی کرنا کسی کی بغلون مین۔

دال با فا

دفینہ ع زمین مین گاڑا ہوا مال وغیرہ۔

دفعہ ع ایک بار ایک مرتبہ۔

دال باقاف

دُقہ ع باریکی اور دہ چوب جسکے کوئی چیز کوٹین یعنی موگری

ولباس گدائی خرقہ درویشی۔

دُقہ ع گرد وغبار وتاریکی جو بسبب ابر کے ہو

دقیقہ ع باریک اور ایک حصہ ساٹھہ درجہ سے اور تمام درجہ

آسمان کے تین سو ساٹھہ ہین اور بارہ برج اور ہر برج تیس درجہ

اور ہر درجہ کے ساٹھہ دقیقے اور ہر دقیقہ کے ساٹھہ ثانیہ ہین

دال باکاف

دُکہ ف تخفیف لفظ دوکان یعنی دوکان سوداگر کا۔

دگلہ ت قبائی سپاہیان جو سر سے پانو تک ہو۔

دال بالام

ولیدہ ف دلا ہوا غلہ گھوڑے کا دانہ۔

دلبستہ ف عاشق پریشان مفتون دل دادہ۔

دلخستہ ف رنجیدہ غمناک پریشان حال۔

دلیرانہ ف دلیری کی مانند بہادرون کی مانند۔

دلالہ ع وہ عورت جو دو بدکار مرد اور عورت مین سنا ہو

یعنے دونون کو آپس مین ملا دیوے۔

دلمہ ع بندھا ہوا دودھ جیسا پنیر دہی وغیرہ۔

دلہ ع گربہ صحرائی روباہ سفید یعنے جنگلی بلی ور سفید لومڑی

دلائل ثلاثہ تین دلائل یعنے فنا فی الشیخ وفنا فی الرسول وفنا فی اللہ

دال بامیم

دَمَنہ باد کش آہنگران نام ہوا کی جسے بارش سختی کی ساتھ ہو

دمدمہ ف فریب چاپلوسی مکر وحیلہ وظاہر داری خوشامد نقارہ

وآواز نقارہ ومکان سر کوب قلعہ جس پر توپ وغیرہ چڑہا دیتے ہین

دمامہ ف نقارہ ودہل جو جنگ مین بجاتے ہین مجاز اشتہاری

دمنہ ایک گیدڑ کا نام ہے جو فرضی نام رکھا گیا ہے عربی

مین سرگین خشک یعنے سوکھا ہوا گوبر۔

دال بانون

دَنیّہ ع ناکس زبون وخراب و نامطبوع۔

دُنبہ ف گوسپند جو مشہور چارپایہ ہے دم اسکی چوڑی چربی دار ہوتی ہے

دندانہ ف دانت کنگھی وغیرہ کے۔

دنبالہ دم چارپایان وشملہ دستار اور ہر چیز جسکی مشابہ دم کی ہو

دال با واو

دوازدہ ف بارہ عدد جسکو عربی مین اثنا عشر کہتے ہین

دوپیازہ ف قسم سالن کا ہے۔

دُودَہ ف کاجل چراغ کا۔

دودلہ ف جسکا ایک ارادہ نہو۔

دوشہ ف دودہ دہونے کا برتن۔

دوشنبہ ف پیر کا دن۔
دُودَہ ف کرم جو کسی چیز میں پڑ جائیں۔
دوعمر ۶ درخت بسیار بزرگ بڑا درخت۔
دوشیزہ ف عورت بکر و جوان بالغہ عورت
دوشاخہ ف ایک قسم کی تہذیب کا نام ہے۔
دُوالَہ ف گیاہ خوشبو یعنی چھار چھیلا۔
دوگانہ ف دو رکعت نماز کی۔
دَوْرَہ ف مشہور لفظ ہی بمعنے گردش کرنا پھرنا۔
دواسپہ ف سوار جو دو گھوڑے رکھتا ہو۔

دال با ہاء

دَہ ف دس ۱۰ عدد میں جسکو عربی میں عشر کہتے ہیں
دِہ ف قریہ گانو چھوٹی سی آبادی
دَہْرَہ ف قسم شمشیر خورد جسکو نیمچہ کہتے ہیں۔
دہانہ ف موہانہ دریا وغیرہ کا۔
دہریہ ۶ یہ ایک مرتد قوم ہے جو زمانہ کو خدا کہتے ہیں انکا بیان ہے کہ زمانہ قدیم سے ایسا ہی چلا آتا ہے اور ایسا ہی رہیگا خود بخود ہر ایک چیز پیدا ہوتی ہے اور خود بخود فنا ہو جاتی ہے کوئی شخص اسکا خالق نہیں
دہنہ ف کنارہ دریا و سرحد ملک نام دوا۔

دال با یاء

دِینہ ف دیروز یعنے گذرا ہوا دن۔
دیگچہ ف ہنڈیا جسمیں کہانا پکائیں
دیوانہ ف بیہوش بیعقل بے شعور۔
دیرینہ ف کہنہ یعنے پرانا۔
دیوچہ ف جونک جو مشہور کرم ہے۔
دیبہ ف قسم پارچہ جسکو دیبا کہتے ہیں۔
دیباچہ خطبہ کتاب و نام پارچہ و پیشانی و رخسار۔
دیوہ ف ریشم کا کپڑا۔
دِیمَہ ف رخسارہ و روشنی و قسم چرم۔

نویں فصل

ان لغات کے بیان میں جنکے اول حرف ذال اور آخر میں ہا رہے

ذال با الف

ذائقہ ۶ نام قوت جس سے انسان ہر چیز کا مزہ معلوم کر لیتا ہے اور وہ قوت جو زبان میں رکھی گئی ہے۔

ذال با باء

ذُبحہ ۶ نام بیماری جو دونو طرف حلق کی ورم ہو جاتا ہے۔

ذال با خاء

ذخیرہ ۶ جو چیز کسی اور وقت کیواسطے رکھ چھوڑیں اور وہ چیز جو بہت سی جمع کیجائے مثلاً ذخیرہ غلہ وغیرہ۔
ذُخْرَہ ۶ ذخیرہ اور سختی و رنج و آفت و بلا۔

ذال با راء

ذُرْوَہ ذِرْوَہ ۶ پہاڑ کی بلندی اور چوٹی اور اونچا محل
ذریعہ ۶ وسیلہ دوست آویز و سبب باعث۔
ذَرّہ ۶ مشہور لفظ ہے جو دہوپ میں اڑتا ہوا نظر آتا ہے۔

ذال با کاف

ذکرارّہ ع ایک قسم کا ذکر نفی اثبات کا جو صوفی کرتے ہیں

ذال با میم

ذمیمہ ع نکوہیدہ زشت یعنی بُرا جسکو کوئی پسند نہ کرے
ذمّہ ع مشہور لفظ ہے ضمانت وعہد پیمان ذمہ داری

ذال با واو

ذوذوابہ وذوذبابہ ع نبودی دار ستارہ۔
ذوابہ ع گیسو وموی پیشانی ماتھے کے بال

ذال بایائے

ذی القعدہ ع نام گیارہویں مہینے قمریکا جسکو خالی مہینہ کہتے ہیں
ذی الحجہ ع نام بارہویں مہینے قمریکا یعنی حج کا مہینہ

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکا اول حرف رائے اور اخیر میں ہا ہے

رائے با الف

راہ ف رستہ و پردہ سرود و انتظار و کرت و بار و دفعہ
رافضیۂ ع وہ گروہ جو اپنے مالک کا نافرمان ہو اور اپنے آقا سے الگ ہوجاوے مجازاً بے وفا فرقہ رفضیہ جنہوں نے زید شہید کے ساتھہ وقت پر بیوفائی کی تہی۔
رائحہ ع بوئے خوش ہوائے خوش۔
رابطہ ع پیوند و علاقہ و ذریعہ و باعث و سبب۔
رابیہ ع زمین بلند اور اونچا مقام
راستہ ف صف دوکانہائے بازار و راہ۔
راحلہ ف ستور بارکش و شتر سواری۔
راست مزہ ف شیرین و مزہ دار و ذائقہ دار۔
راوِیہ ع شتر آبکش و ظرف آب یعنی اونٹ بوجہ اٹہانے والا یا پکہال
رابعہ ع چہارم اور نام ایک عورت کا جو اپنے وقت میں قطب وقت تہی اپنے باپ کے گہر جب تہی لڑکی تہی اور بصرہ میں رہتی تہی خواجہ حسن بصری سے اسنے فیض پایا تھا
راتبہ ع ثابت و قایم و برقرار گرفتہ یا مشتق رتوب جسکے معنی ہیں ٹہیرنا

رائے با بار

ربیبہ ع وہ دختر جو پہلے خاوند کی نطفہ سے کوئی عورت اپنے ہمراہ دوسرے خاوند کے گہر لاوے معنی اسکے پرورش یافتہ یعنی پرورش کی ہوئی لڑکی۔
ربقہ ع رسی سوت و مونج وغیرہ کی
ربوہ ع زمین بلند کنایہ زمین بیت المقدس کی جو زمین ہند سے چار فرسخ بلند ہے۔
ربضہ ت خوش اور چہوٹا اور مقبول صورت۔

رائے با تاء

رتبہ ع پایہ و درجہ و عہدہ و عزت و حرمت۔

رائے با جیم

رجلہ ع ترہ خرفہ یعنی خرفہ کا سبزہ اور خرفہ کا ساگ
رجفہ ع لرزنا زمین کا جسکو بہونچال کہتے ہیں۔

رائے با حاء

رحبہ ع زمین فراخ و صحن مسجد و کاروان سرائے و مکان صحن دار

رائے با خاء

رخوہ ع ایک دوا کا نام ہے کہ بدنکو سست کردیتی ہے دوا فروش

ہتھی جو نرمی زبان سے نکلیں جیسا کہ شرح ذرہ میں ہے خسرو
رَخنَہ ع سوراخ و عیب نقص و خرابی۔

راے با دال

رَدَہ ف صف و قطار و اینٹ کا ردہ جو دیوار میں لگایا جاے۔

راے با ذال

رُذالَہ ع تفل اس چیز کا جس سے خلاصہ نکال لیا ہو جیسا کہ تلوں سے تیل نکالکر تفل رہجاتا ہے ہندی میں اسکو پھوک کہتے ہیں مجازاً ناقص و فرومایہ و ناکارہ آدمی۔
رَذالَہ ع ناکس و فرومایہ ہونا بیکار و ناقص ہونا۔
رَذیلَہ ع ناکسی و فرومایگی اور عورت فرومایہ

راے با زاے

رَزمہ ع پشتوارہ بقچہ جامہ و رخت۔
رَزمگاہ ف لڑائی کی جگہ جہاں دو فریق لڑائی کریں
رَزدہ ف مرد حریص پرخوار آدمی جو کہانا بہت کہاے۔

راے با سین

رُسغَہ ع پیوند ہاتھ اور پانو کے اور جوڑ عضو کے۔
رَستَہ ف صف قطار و بازار و وہ کانٹے جو بالوں میں ہوں۔
رُستَہ ف اگا ہوا درخت و محکم و استوار بلند عمارت۔
رِشتَہ ف کاتا ہوا سوت اور بٹا ہوا تاگا۔
رِسالَہ ع بہیجا اور بہیجا ہوا مجازاً کتاب خط و پیغام۔

راے با شین

رَشحَہ ع پانی جو کہیں سے ٹپکے مجازاً قطرہ پانی کا۔
رِشتَہ ف تار و سلک و اندیشہ و ایک بیماری کا نام جو

رَشتَہ ف رنگ کیا ہوا کوئی کا غذ یا کپڑا وغیرہ۔
رَشیقَہ ع نیکو قد و زیبا اندام و خوبصورت۔
رِشاشَہ ع ٹپکنا پانی کا اور گرنا قطروں کا۔
رِشوَہ ع رشوت لینا ناجایز اجرت لینا کسی کام میں

راے با صاد

رصدگاہ ف جاے امید و چبوترہ یا جگہ۔

راے با ضاد

رَضِیَّہ ع خوشی کیا گیا رضامند کیا گیا اور نام دختر سلطان شمس الدین التمش جو دہلی کے تخت پر تخت نشین ہوئی تہی آخر اراکین دربار نے معزول کر دیا۔
رَضَوِیَّہ ع جو لوگ امام علی رضا کی اولاد میں یہ ایک فرقہ سادات کا مشہد مقدس میں ہے۔

راے با عین

رَعشَہ ع ایک بیماری کا نام ہے جس سے کانپنا ہاتھ پانو کا۔

راے با فا

رُفقَہ ع گروہ ہمسفر اور بہت دوست جو کسی کام میں شریک رہیں
رَفاہ ع تن آسانی و فراخی جمع رفہ۔
رِفادَہ ع پٹی جو زخم پر باندہتے ہیں۔

راے با قاف

رَقبَہ ع گردن و بندہ و عبد و غلام زر خرید۔
رُقبَہ ع وہ ہاتھ جو پانی کرنے کے لیے اور میں متعلقہ کسی کی

رُقعَہ ع کپڑے یا کاغذ کا ٹکڑا مجازاً مختصر تحریر اور خط۔
رُقیَہ ع سحر و افسون منتر جو جادوگر پڑہتے ہیں۔

رقیہ ع نام دختر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

رقص کچکاہ و رقص چارپارہ ایک قسم کا رقص ہے جسکو چارتال کہتے ہیں۔

رائے با کاف

رکوہ ع ابریق چرمی یعنی چھاگل جرمی کا لوٹا جو درویش پاس رکھتے ہیں

رکبہ ع زانو جو ایک عضو آدمی کے اعضا سے ہے۔

رائے با میم

رمنہ ع چراگاہ جہاں مویشی چراتے ہیں۔

رمہ ع بکریوں کا گلہ

رماغہ ع تالو نوزاد لڑکے کا جو سر کے اوپر ہلتا ہے۔

رمکہ ع اسپ مادہ یعنے گھوڑی

رائے با نون

رنجہ ف تکلیف دیا ہوا رنج پہنچایا ہوا۔

رائے با واو

رودخانہ ف جسجگہ کبھی دریا جاری ہو چکا ہو۔

رودہ ف آنت جو پیٹ کے اندر ہے۔

روزمرہ ف ہر روز کی بات

روزہ ف تمام دن کچھہ نہ کہانا۔

روزینہ ف وظیفہ روزمرہ کا

روسیاہ ف گنہگار خدا کا تقصیری

روزنامچہ ف روزمرہ حساب کا کاغذ جو اہل دفتر وغیرہ کا ناروسراف وغیرہ رکہتے ہیں۔

روضہ ع باغ و سبزہ زار و گلزار

ردیہ ع عادت و فکر و تامل و طریق و دستور

روز سیاہ ف روز ماتم و تنگی کا روز و مفلسی کا زمانہ۔

روح اللہ ف خطاب عیسی علیہ السلام کا جو بغیر باپ کے پیدا ہوئے

روبہ و روباہ ف لومڑی جو مشہور جانور ہے۔

رائے با ہا ر

رہمہ ف باران نرم یعنی وہ بارش جو قطرہ قطرہ برسے۔

رہوہ ع زمین پست اور وہ زمین جہاں پانی ٹھہر رہے

رہ ف کرت مرتبہ قاعدہ قانون راستہ و آہنگ نغمہ اور طرز و طریقہ

رائے با یائے

ریہ ع عضو شش یعنی پھیپھڑا جو اندرونی عضو ہے۔

ریحانہ ع وہ زمین جسمیں ریحان ہو مجازاً باغ و گلزار۔

ریزہ ف ٹکڑا چاندی و سونا وغیرہ کا۔

ریشہ ع ریشہائے درخت و طرہ ہائے دستار

گیارہویں فصل

اون لغات کے بیان میں جن کے اول حرف زائے اور اخیر میں ہا ہے

زائے با الف

زادہ ف پیدا ہوا ہوا۔

زاد راہ ف راہ کا خرچ

زانیہ ع زنا کرانے والی عورت

زاہدہ ع بندگی کرنے والی عورت

زائچہ ف نجومیوں کا زائچہ

زاویہ ع کنج و پہلو و گوشہ خانہ و گوشہ۔
ژالہ ف اولہ جو آسمان سے برستا ہے۔

زاے با بار

زبانہ ع شعلہ آتش و شاہی ترازو و موکلان عذاب
زبرہ ف پارہ آہن و نام کوکب۔
زبانیہ ع موکلان دوزخ و موکلان عذاب پیادگان سیاست
زبدہ ع مسکہ و خلاصہ ہر چیز
زباوہ ع پشتہائی بلند زمین جہاں پانی نہ ٹھہرے
زبیدہ ع نام زن ہارون رشید جو نہایت نیکو کار تھی
زبان زدہ ف مشہور بات جو سب کو معلوم ہو

زاے با جیم

زچہ ع جننے والی عورت جو بچہ جن چکی ہو۔
زجاجہ ع شیشہ کانچ اور برتن جو کانچ کا بنا ہوا ہو

زاے با حاء

زحلوفہ ع لغزانک یعنی زمین ایک طرف سے بلند اور ایک طرف سے پست یعنی ڈھلتی ہوئی زمین۔

زاے با خاء

زخمہ ع ہر چیز جس سے ساز بجاویں اور مضراب جس سے ساز بجاتے ہیں
زخرفہ ع جھوٹ کو آراستہ کرنا۔

زاے با دال

زدہ ف مارا ہوا زد و کوب کیا ہوا۔

زاے با راے

زرہ ف مشہور چیز اور آہنی لباس جو جنگ میں پہنتے ہیں
زرافہ ع ایک جانور بدیع شکل کا نام ہے۔
زردہ ف اسپ زرد رنگ جسکو سمند بھی کہتے ہیں
زرادخانہ ف سلاح خانہ جہاں ہتھیار رکھتے ہیں

زاے با فاء

زفافہ ع کو پیا انگ کا جسکو فارسی میں انگشت کہتے ہیں

زاے با قاف

زقہ ع وہ آب و دانہ جو طائر و پرند اپنے معدہ سے نکالکر بچہ کو کھلاتے ہیں ہندی میں اُسکو چوگا کہتے ہیں۔

زاے با لام

زلہ ع پس خوردہ طعام اور فارسی میں ایک کرم کا نام ہے جو برسات کے موسم میں تمام رات برابر بولتا ہے ہندی میں اُسکو جھینگر کہتے ہیں۔

زاے با میم

زمانہ ف وقت اور دن اور عمر
زمین مردہ ف زمین خشک بے آب و شور زمین
زمزمہ ف سرود آہستہ یعنے آہستہ گانا۔
زمرہ ع گروہ مردم و جماعت آدمیوں کی۔

زاے با نون

ژندہ ف پرانا کپڑا خرقہ گودڑی۔
زنبورہ ف توپ کوچک یعنے چھوٹی توپ
زندہ ف کلاں و بزرگ و صاحب جان بخلاف مردہ
زنینہ تہمت کرنا گمان نیک یا بد بیجا کسیکی نسبت
زنگولہ ف ٹلی گھنگھریاں وغیرہ و جلاجل یعنی جھانجھ اور

نام ایک مقام کا مقامات موسیقی سے علاوہ اسکے پانزیب اور گھونگروں کو بھی زنگولہ کہتے ہیں۔

زنگانہ ف نام سرود و نام رود اور وہ شہر جو زنگی گاؤں کے قریب ہے

زائے با واو

زواله ع آٹے کا پیڑہ جسکی روٹی بناتے ہیں۔

زوزه ت نوحہ گریہ و ماتم و غم و الم۔

ژولیده ف برہم و درہم و پریشان بدحالتیں۔

زوجه ع منکوحہ عورت گھر کی بی بی جو حرہ ہو۔

زوره ع کمر کی ہڈی یعنی استخوان کمر۔

زائے با ہاء

زہازه ت کلمۂ آفرین و تحسین و شاباش۔

زه ف واہ واہ چلہ کمان و کنارہ ہر چیز اور زہ گریبان کی جو لگائی جاتی ہے۔

زه نطفہ و بچہ و فرزند اور جننا عورت کا بچہ کو اور جو پیدا ہو عورت کا

زہره و تیسرے آسمان پر ستارہ ہے اور نام ایک عورت کا جسپر ہاروت و ماروت عاشق ہوئے تھے و خوبی و آراستگی و تازگی دنیا و سفیدی و حسن و نام قبیلہ عرب و شگوفہ۔

زہره ع تھوڑا آدمی جسکو پتا کہتے ہیں و دلیری شجاعت و طاقت

زائے با یاء

زینه ف پوڑی جسکے ذریعہ سے مکان پر چڑھتے ہیں۔

زیاده ف بڑھا ہوا۔

زیره ف نام ایک مصالحہ کا ہے۔

زیر جامه ف پاجامہ غرارہ ازار و ہوتی وغیرہ۔

بارہویں فصل

اون لغات کے بیان میں جن کے اول حرف سین و اخیر میں ہا ہے

سین با الف

ساخته ف تیار و مستعد و آمادہ و موجود۔

ساده ف امرد بے ریشہ احمق و نادان بیوقوف۔

ساچمه ت بندوق کا چھرہ جو بھر کر چلاتے ہیں۔

سامعه ع سننے کی طاقت جو خالق حقیقی نے کان کے پردہ میں رکھی ہے اور یہاں اسکی ذریعہ سے بات سن سکتا ہے

ساجیه ع باراں شدید اور زور و شور کی بارش۔

ساقه ع دنبالہ لشکر ہندی میں چنڈاول۔

سابقه ع پہلا قدیمی اور پہلی عورت

ساحره ع زن جادوگر جو منتری ہو۔

ساہره ع روئے زمین ہموار اور ہموار میدان

ساماکچه و ساماخچه ف سینہ بند زنان جسکو انگیا کہتے ہیں

سایه ع قسم چادر و پردہ و فوت اور نام ایک عورت کا

سایره ع نام زن حضرت ابراہیم خلیل اللہ جو نمرود کی دختر تھی

ساوه ف عراق عجم میں ایک شہر ہے جسکا یہ نام ہے۔

سالخه ع وہ شکار جو دست راست آوے۔

سالقه ع زرہ جو سپاہی پہنتے ہیں اور آہنی لباس ہوتا

سین با باء

سبحه ع تسبیح جسمیں سو دانے پرو کے ہوتے ہیں اور ایک امام ہوتا ہے

سپاہ ف فوج لشکر
سبوسہ ف لفا یعنے خشکی جو سر میں ہو جاتی ہے۔
سپارہ ف تیسواں حصہ قرآن کا۔
سبابہ ع وہ انگلی جو ابہام کے پاس ہے انگشت شہادت اسکو کہتے ہیں
سبزہ ف سبزی و نام ایک مرغ کا۔
سبز ینہ ف معشوق سبزہ رنگ یعنے سانولا معشوق۔
سبحان اللہ ع پاک ہے اللہ تعالیٰ اسکی ذات پاک ہے۔
سپیدہ ف سفیدی صبح کی اور فجر کا وقت۔

سین با تا

ستودہ ف صفت کیا گیا سراہا گیا
ستوہ ف ملول و تنگ و عاجز و باز ماندہ
ستنبہ ف صورت مکروہ نام دیو جو خواب میں ڈراتا ہے
ستارہ ف مشہور لفظ ہے یعنی تارا جو آسمان پر نظر آتا ہے۔
ستوقہ کھوٹا سکہ کھوٹا روپیہ یا پیسہ۔
ستہ ع شش یعنے چھ اعداد میں
ستونہ ف کھوٹی چاندی یا سونا۔
ستیزندہ ف لڑنے والا جنگ کرنے والا۔
ستیزہ ف لڑائی جنگ عداوت خصومت۔

سین با جیم

سجادہ ع مصلے نماز پڑھنے کا جسپر نماز پڑھتے ہیں
سجدہ ع سجدہ کرنا اور نام سورۂ قرآن کا۔
سجیہ ع خصلت عادت و خو و خلق و طرز و طریق۔

سین با حا

سحرہ ع جمع ساحر جادوگر لوگ جو جادو کرتے ہیں
سحنہ ع شکل و صورت و نرمی و تازگی و خوش خوئی و خوش آوازی

سین با خا

سخت چاویدہ ف ہرزہ و پوچ و ناکارہ و خراب
سخت زہ ف سخت کمان جس سے تیر چلاتے ہیں۔
سخرہ ع تمسخر و خوش طبعی و خوش کلامی و وہ شخص جس ساتھ خوش طبعی کریں اور مفت وغیرہ کا بیگار یعنی مزدوری کسیکو کرنی پڑے یعنی مزدوری نملے
سختہ ف وزن کیا ہوا۔

سین با دال

سدیوہ نام دیو جسنے سلیمان علیہ السلام کی انگشتری چرائی تھی۔
سدہ ف آتش پرستوں کے ایک جشن کا نام ہے۔
سدہ ع آستانہ دہلیز اور گرہ جو اُسترلونمیں پڑجائے۔
سدنہ ع دربانان و خادمان جمع سادن۔
سدرہ ع بیری کا درخت جسکے پھل کو بھی بیر کہتے ہیں۔

سین با رای

سرگروہ ف سردار افسر مقدم
سرحلقہ ف سردار سرگروہ افسر مقدم
سرچشمہ ف چشمہ پانی کا جہاں پانی نکلے۔
سروالہ ف شلوار پاجامہ ازار کمر کا کپڑا۔
سرہ ع ناف انسان کی اور میانہ ہر چیز کا۔
سرہ ع خالص پاکیزہ و خلاصہ و برگزیدہ
سرگشتہ ف حیران بھٹکا ہوا پریشان حال ابتر۔
سرنامہ ف پتہ و نشان کتاب یا خط کا جو لفافے پر لکھا جائے

سرانچہ ف خانہ کوچک و خیمہ کلان

سرپنجہ ف پنجہ دست و زور و قوت و ظلم و تعدی۔

سرداب ف تہ خانہ جو مکان کے نیچے ہوتا ہے۔

سرخچہ ف چیچک جسکو خسرا بھی کہتے ہیں۔

سرایندہ ف گانے والا سرود کرنے والا۔

سُرفہ ع ایک جانور کا نام ہے جو درخت کو سوراخ کردیتا ہے اور نام بیماری یعنے کہانسی۔

سَرقہ ع دزدی کرنا چوری کرنا کسی کا مال چورانا۔

سَرِیّہ ع وہ لشکر جو زیادہ پچاس سے ہو و چہارسو آدمی تک یعنی

سُرِّیّہ ع وہ کنیز جو مدخولہ مالک کی ہو۔

سُریچہ ف جانور جسکو ممولا کہتے ہیں۔

سرزدہ ف بے خبر و بے اطلاع۔

سرگزہ ف جزیہ جو مسلمان کفار سے لیتے ہیں۔

سربراہ ف مدار المہام و منتظم و مختار کار۔

سربستہ ف ڈہکی ہوئی چیز جسپر سرپوش ہو۔

سررشتہ ف مدعا مقصود معاملہ

سرغنہ ف افسر سرگروہ بڑا عظیم الرتبہ

سرمایہ ف پونجی اصل مال جسمیں سود شامل نہو۔

سراسیمہ ف شوریدہ و پریشان حال و ابتر و خراب۔

سُراقہ ع قریش میں ایک قبیلہ ہے۔

سرونگاہ ف جائے رستن شاخ حیوان

سراپردہ ف خیمہ وغیرہ جسمیں امیر کا ڈیرہ ہو۔

سرپوشیدہ ف زن و دوشیزہ یعنی کنواری لڑکی یعنی جسکو شوہر کا نزدیک

سین با عین

سَعفہ ع بیماری گنج کی جو سر میں ہوتی ہے۔

سین با فاء

سُفتَجہ ع کاغذ ہنڈوی جسکے ذریعہ سے روپے

سفینہ ع کشتی اور بیاض اشعار کا جسمیں شعر لکہے ہوں

سِفلہ ع کمبنہ فرومایہ نالایق کم حوصلہ آدمی۔

سُفتَہ ف ایک قسم کا تیر اور کاغذ زر یعنی ہنڈوی جسکا معرب سفتجہ ہے و تحفہ و ہدیہ پیشکش و سوغات۔

سِفتَہ ف ہر چیز سطبر خصوصاً کپڑا موٹا جسکو گہدر کہتے ہیں

سفیدمہرہ ف سنکہہ جو ہندو بجاتے ہیں۔

سُفتہ ف پرویا ہوا موتی وغیرہ۔

سُفرہ عربی میں توشہ دان مسافر کا و دسترخوان طعام کا اور فارسی میں بمعنی مگر و اصطلاح قیود و نو لفظو نکے سفرہ بمعنی دسترخوان مستعمل ہے

سَفِیہ ع بر وزن فصیح مرد کم عقل و بیوقوف

سین با قاف

سُقطہ ع ٹکڑا کسی چیز کا جو اسسے گرجائے اور اسکا ٹکڑا۔

سَقطہ ع پھسلنا اور گرنا کسی مقام سے

سِقایہ ع پیالہ آب و برتن پانی پلانیکا اور وہ جگہہ جہاں پانی پلاتے

سَقیفہ ع مشورہ سخن بیہودہ اور کمی بات۔

سَقسطہ ع زیادہ گوئی و چیز آوہی

سین با کاف

سُکاچہ ف شکل مہیب جسسے آدمی خواب میں ڈرتا ہے

سَکتَہ ع نام بیماری جسمیں آدمی بیخبر مثل مردہ کے ہوجاتا ہے یہانتک کہ

کہ لوگ اسکو مردہ تصور کرتے ہیں جنبش و حرکت نبض بالکل نہین
ہوتی اور نہ سانس آتا جاتا معلوم ہوتا اطبا لوگ آئینہ
اسکے منہ کے آگے رکھکر معلوم کرتے ہیں کہ یہ زندہ ہے یا مُردہ۔
سَکَنَہ ع باشندگان جمع ساکن جسکے معنے رہنے والے کے ہیں
سَکِینَہ ع آرام و آسایش و آہستگی و نام دختر امام حسین علیہ السلام
سِکّہ ع ضرب سیم و زر و بازار و رستہ و تسلط و حکومت۔
سکیزہ ع کود نالات مارنا اور لیٹنا۔
سُکُرّہ ع چھوٹا کاسہ مٹی کا چھوٹا پیالہ۔

سین با لام

سِلسِلَہ ع زنجیر آہنی و طلا و نقرہ و شجرہ حسبی و نسبی و نام کتاب مجازاً نسل و اولاد و قرابت و رشتہ داری۔
سُلالَہ ع باہر نکالا گیا مجازاً نطفہ و بچہ اور طفل صغیر کو دودھ سے الگ کرنا و خلاصہ۔
سَلِیقَہ ع سرشت طبیعت عادت خو و طرز و طریق و چال چلن
سَلَف ع گذرا ہوا اور گذری ہوئی لوگ یعنی متقدمین لوگ
سُلفَہ ع جو چیز ناشتا کہائی جائے یعنی صبح صبح نہار کہایا جائے
سَلَّت ت ٹوکرا پیارا جو بانس وغیرہ لکڑیوں سے بناتی ہیں

سین با میم

سَمِیطَہ ت سلک مروارید یعنی موتیوں کی لڑی اور موتیوں کی مالا
سَمنَہ ع پوشیدہ و پنہان آنکھوں سے چھپا ہوا۔
سُمّنہ ع نام میوہ جسکو چرونجی کہتے ہیں۔
سَمِینَہ ع نام جامہ جو بہت باریک ہوتا ہے۔

سین با نون

سنخہ ف پتھر کے ٹکڑے جن سے تولتے ہیں۔
سَنَدَرَہ ف سرگین آدمی جو نہایت سطبر ہو۔
سَنَہ ع سال جسکو ہند میں برس کہتے ہیں۔
سِنَہ ع غنودگی کی حالت سونیکی قریب۔
سُنّت ع روش طریق و عادت و خو اور فارسی میں جدہ پسر یعنی بہو بیٹے کی
سِنبہ ع دندانے کسی چیز کے مثل کنگی وغیرہ۔
سنگچہ ف تگرگ و ژالہ یعنی اولہ جو برستا ہے۔
سنگلاخ ف بہت سے پتھر سخت
سُنبُلَہ ع خوشہ گندم و جو وغیرہ اور نام چھٹے برج آسمانی کا جو خوشہ کی شکل پر ہے۔
سَنِیَّہ ع روشن و بلند و ظاہر و برملا۔
سُنبَہ ف اوزار آہنی جس سے سوراخ کرتے ہیں۔
سَنبوسَہ ف ایک قسم کا کہانا ہے۔

سین با واو

سُورَہ ع تکمہ قبا کا اور چولہ جو قبا کے زیر بغل سیا جاتا ہے
سورہ ٹکڑا قرآن کا۔
سوختہ ف جلا ہوا کپڑا جسپر چقماق جہاڑتے ہیں
سوسہ ف وہ کرم جو گندم میں پڑ جاتا ہے سُرسُری بھی اسکو کہتے ہیں

سین با ہا

سُہَیلَہ ع ایک قسم کا خیمہ ہے جو نہایت اچھا ہوتا ہے
سہ برگہ ف ایک پھول کا نام ہے جسکی تین پتے ہوتے ہیں
سہ شنبہ ف منگل کا روز عربی میں ثلثا کہتے ہیں۔

سین با یا

سیپارہ ف تیسواں حصہ قرآن مجید کا۔
سیم سوختہ ف زر خالص جسمیں ملاؤ نہو۔
سَیِّئَہ ع گناہ کبیرہ جو آدمی سے سرزد ہو۔
سِیبَہ ت قلعہ کی سوپچہ جو دیوار و میں ہوں۔
سِیاہہ ت جمع کرنا رقم آمدنی کو روزنامچہ میں۔
سِینہ ف مشہور لفظ ہی جسکو چھاتی کہتے ہیں۔
سیہ چردہ ف سیاہ رنگ یعنے کالا رنگ۔
سیاہ ف کالا جو ایک رنگ ہے۔
سیزدہ ف تیرہ ۱۳ عدد میں جسکو عربی میں ثلاثہ عشر کہتے ہیں
سَیّارہ ع سیر کرنیوالا مسافر اور ستارہ دورہ کرنیوالا۔
سیہ نامہ ف بدکار گنہگار فاسق فاجر آدمی۔
سیہ سینہ ف بیرحم و بدخو و دل آزار شخص۔
سیہ کاسہ ف بخیل و بیفیض و ممسک آدمی۔
سیہ خانہ ف ویران گھر غیر آباد جگہ و مکان۔

تیرہویں فصل

اون لغات کے بیان میں جنکے اول حرف شین اور آخر میں ہا ہے

شین با الف

شارِقہ ع وہ چیز جو روشن ہو و روشنی آفتاب کی۔
شاقّہ ع دشوار سخت نہایت مشکل غیر ممکن۔
شاہنشاہ ف شاہ بادشاہ بادشاہوں کا بادشاہ۔
شاطر زادہ ف خادم چست و چالاک نوکر۔

شانہ ف کنگھی و نام سلاح جو دندانہ دار ہوتا ہے۔
شایستہ ف لایق اور بہتر اور بہت اچھا۔
شائبہ ع مل جانا بد چیز کا نیک چیز میں و آلودہ ہونا
شاخشانہ ف حیلہ و مکر و فریب دغا و فتنہ و فساد
شارہ ع دستار منقش یعنے چیرا جو سر پر باندھتے ہیں
شاخچہ ف چھوٹی شاخ کسی درخت کی۔
شادگونہ ف دن بطریہ توشک بچھونا و فرش جو بچھایا جاتا ہے

شین با بار

شبہ ف دانہ آبگینہ یعنے چپٹا و سیاہ رنگ ہوتی جو نام تعویذ ہے
شبکہ ف دام صیاد اور جالی لوہے وغیرہ کی۔
شبانہ ع نام طایر جو خوش آواز ہوتا ہے۔
شبہ ع شک گمان و وہم و خیال۔
شابہ ع آگ جلانے والا شخص۔
شبینہ ف کل رات گذشتہ کی بات۔
شبیہ ع نظیر و مانند و مشابہ۔

شین با جیم

شجرہ ع درخت اور شجرہ نسب نامہ جو لکھتے ہیں۔

شین با حار

شحنہ ع کوتوال اور محافظ شہر کا۔
شحمہ ع چربی و نرمہ گوش و نبا گوش۔

شین با خار

شخودہ ف ناخن سے چھیلی ہوئی کوئی چیز۔

شین با دال

شَدَہ ع علم ونشان جو لشکر میں ہوتے ہیں۔
شَدِیدَہ ع سخت مشکل و ناممکن اور وہ عورت جو سختی کی متحمل ہو

شین با رے

شَرحہ شَرحہ ع پارہ پارہ ٹکڑے ٹکڑے۔
شَرِیجہ ع وہ کمان جو نے سے بناتے ہیں۔
شَرمہ ف شرمندہ و خجل و شرمسار۔
شَرطیہ ع قضیہ شرطیہ۔
شَرَہ ع غلبہ حرص و غلبۂ ہوا و شہوت۔
شَرَہ ع نشاط و تیزی و جوانی و حرص۔ و حریص آدمی
شُرطَہ ع باد موافق جہاز کے لئے مراد کی ہوا۔
شُرفہ ت کنگرہ محل و عمارت بلند۔
شَرقَہ ع آواز پا یعنے پانو کی آواز
شَرمِندہ وہ شخص جو اپنے بداعمالی سے شرم کرتا ہو
شَرعَہ ع کمان کا چلہ کمان و سودہ یعنی آنت۔
شَرزَہ خشمناک و مہیب ہمناک جو شیر و پلنگ کی تعریف میں ہے
شَرذِمہ ع تہوڑے آدمی ایک بار میوہ کا۔
شَرَارَہ ع آتشپارہ اور چنگارے آگ کی اور پتنگا آگ کا
شَررہ ع آتشپارہ پتنگا آگ کا۔

شین با شین

شَشش روزہ ف زمانہ پیدایش موجودات و میعاد ظہور کائنات جو چھ روز کا عرصہ از روئی نص ثابت ہے۔

شین با عین

شَعبدَہ ع وہ بازی جو سحر اور فن سے کریں۔

شَعشَعہ ع روشنی آفتاب کی اور شراب چمکتی ہوئی
شُعبَہ ع شاخ درخت اور راگ جو راگ سے نکلے۔
شُعلَہ ف آگ کا شعلہ جو مشہور لفظ ہے۔
شعلہ جوالہ ف بتی جو لکڑی دونو طرف سے جلا کر پھیرتے ہیں

شین با غین

شَغِبَہ ع وہ چمڑا جو کام کرنیکے سبب سے سخت ہو جائے و بمعنی ذلیل و خوار و فریفتہ و دیوانہ و کم عقل۔

شین با فا

شفاہ ع جمع شفت لبہا یعنی بہت سے ہونٹھ۔
شَفرَہ ع موچیونکی رانبی جس سے کام کرتے ہیں
شُفرَہ ع آنکہہ کی پلک جسکو اہل فارس مژہ کہتے ہیں
شُفعَہ ع ہمسایگی پاس پاس ہونا دیوار بدیوار رہونا
شَفقَہ ع سوت جو ابھی و کپ رہو جسکو بنڈی اور جہلی کہتے ہیں

شین با قاف

شُقّہ ع پارچہ جامہ و کاغذ وغیرہ کا۔
شَقشَقَہ ع بولنا اونٹ کا اور شتر کی آواز۔
شَقیقَہ ع آدہا سر یعنی ایک کان اور ایک آنکہہ کے اسکی درد کو بھی شقیقہ کہتے ہیں

شین با کاف

شکوہ ف شان و شوکت جو امرا اور بادشاہونکو حاصل ہو
شِکوَہ ف شکایت گلا و ترس و بیم و خوف۔
شگوفہ ف نیا نکلنا پتوں اور پہولوں کا درخت سے
شکرانہ ف احسان مندی بجا لانا کسی محسن کے احسان کا شکر کرنا
شِکرَہ ف نام مرغ جو شکاری ہوتا ہے۔

شگنجہ ف وہ آلہ جسمیں کچھ سی چیز رکھکر دبائیں و قسم ایک طرح کی تہذیب کا اور بمعنی قید درد تکلیف و رنج کے۔
شکنبہ ف معدہ یعنے اوجھری جسمیں کھانا جمع ہوکر ہضم ہوتا ہے
شکم بندہ ف حریص پرخور جسکا پیٹ بہر نہیں آتا۔
شکر پورہ ف سنبوسہ جو ایک قسم کا کھانا ہے۔
شکر پارہ ف قسم ایک شیرینی کا ہے جو مربع ٹکڑے چھوٹے چھوٹے بنائے جاتے ہیں

شین بالام

شلہ ع نوع طعام جو چانولوں کو آب گوشت میں یعنی شوربے میں پکاتے ہیں
شلّہ ت لتہ حیض کا اور عورت کی شرمگاہ اور پرستش کرنا جو اسلام
شلّہ ع سرگین ڈالنے کی جگہ جہاں گوبر جمع کریں۔
شلّہ ع قصاص اور بدلہ جو کسی سے لیا جائے۔

شین بامیم

شمیدہ ف بیہوش و پشیمان و غمناک و اندوہگین۔
شمّہ ع تھوڑی بو اور ایکبارگی سونگھنا کسی بو کا۔
شمہ ع بالائی جو دودہ پر آجاتی ہے۔
شمسہ ع تابان اور کلس جو چمکتا ہوا نظر آتا ہو۔
شمسیہ ع نام ایک رسالہ کا ہے منطق کے علم میں۔
شمامہ ع بوے خوش جسکے سونگھنے سے طبع خوش ہو۔
شمامہ ع قسم خربوزہ جو خوشبودار ہوتا ہے۔
شمامچہ ف چیز خوشبودار جس سے خوشبو آئے۔

شین بانون

شنوف نام ایک ورزش جو پہلوان کرتے ہیں۔
شنوسہ ت عطسہ یعنے چھینک۔

شناہ ف تیرنا پانی میں تیراک ہونا۔
شنشہ ف مرد دغاباز و بدخو جو کسی کا کہنا نہ مانے اپنی مرضی سے کام کرے

شین باواو

شولہ ع نام انیسویں منزل کا منازل قمر سے
شوشہ ف تودہ و پشتہ و زمین بلند۔
شوریدہ ف بدمزہ و پریشان حال و دیوانہ۔
شورہ ف شور زمین اور چیز نمکین اور نام ایک گھاس کا
شوہرہ ت سہرا جو شادی میں دولہ کے سر پر باندھتے ہیں
شورابہ ف وہ زمین جسکا پانی شور ہو جس سے نمک بنتا ہے

شین باہا

شہرہ ع مشہور و اشتہار اور سہرہ پھولوں کا بناکر دولہ کے سر پر باندھتے ہیں
شہبرہ ع پیرزن بوڑھی عورت ضعیفہ۔
شہ ف بادشاہ والی ملک و ولایت کا۔
شہنشاہ ف بڑا بادشاہ بادشاہوں کا بادشاہ۔
شہلہ ف پیرزن بوڑھی عورت ضعیفہ۔

شین بایا

شیہہ ف آواز اسپ جسکو عربی میں صہیل کہتے ہیں۔
شیمہ ع طبیعت و عادت و خو و طرز و طریق۔
شیفتہ ف عاشق و مدہوش مسلوب الحواس
شیرویہ نام پسر خسرو پرویز بادشاہ
شیوہ ف ناز و کرشمہ و طرز و روش۔
شیعہ ع قوم و گروہ و نام فرقہ جو خلافت ثلاثہ کا انکار کرتے ہیں
شیشہ ف شراب وغیرہ کا شیشہ۔

شیرزه ع قدرت قوت طاقت -
شیره ف چیپ لیس اور شیره نچوڑا ہوا -

چودہوین فصل

ان لغات کے بیان میں جنکے اول حرف صاد اور اخیر میں ہا ہے

صاد باالف

صابیه ع پہونچنے والا کسی چیز کی ماہیت کو -
صاعقه ع وه بجلی جو بادل سے زمین پر گرے -

صاد با با

صبیه ع دختر یعنے لڑکی -
صبغة الله ع ملت دین محمدی صلی الله علیه وسلم -
صبره ع غله کا توده بے وزن یعنی تولا ہوا ہو -

صاد با حا

صحیفه ع کتاب رساله و خط وغیره -
صحابه ع یاران اور یاری کرنا - امداد دینا -

صاد با خا

صخره ع ایک بڑا پتھر بیت المقدس میں ہے اور نام ایک دیو کا جو بہت بدشکل ہے اور سلیمان کی انگشتری لے گیا تھا -
صخریة ع سنگستان یعنی پتھریلی زمین -

صاد با دال

صدره ع سینه پوش و نیم تنه و پیراہن بے رد -
صندقه ع مقام نرم جو کنارے پر ہے دریا کے -

صدو چاردہ ف ایک سو چوده سورتیں قرآن مجید کی
صدمه ع آسیب و آزار پہونچانا کسیکو اور ٹھوکر -
صدیقه ع لقب بی بی عایشه زوجه پیغمبر صلی الله علیه وسلم کا
صدقه ع خیرات جو خدا کیواسطے فقیروں کو دیں -
صدقه جاریه ع بنوانا نہر و چاه و مسجد و سرا وغیره کا جاریه اسکا اسواسطے نام ہے کہ فیض اسکا جاری رہتا ہے -

صاد با را

صرمیه ع قطع کرنا کسی کام کا اور خاتمه پر پہونچانا اراده کا
صرخه ع فریاد و فغان بانگ ندا و فریاد مجازاً چلانا فریاد
صره ع تھیلی و ہمیان جسمیں روپیه رکھیں -
صرفه ع بخل و تنگی و فایده و نفع و حیله مکر و افزونی و فرحت و نام ستاره

صاد با عین

صعقه ع بیہوشی -
صعوه ع ایک طایر کا نام ہے اسکو ہندی میں ممولا کہتے ہیں -
صعده ع گورخر و گورخران جو مشہور جنگلی جانور ہے

صاد با فا

صفه ف دیوانخانه اور مردوں کے بیٹھنے کا مقام -
صفوه ع خلاصه ہر چیز کا -
صفیه ع محمد صلی الله علیه وسلم کی ایک منکوحه کا نام ہے
صفحه ع ایک رخ ورق اور رخ کسی چیز کا جو چوڑا ہو خنده کا
صفویه ف خاندان سلاطین صفویه جو ایران میں بادشاه منسوب بشاه صفی و اسماعیل صفوی -

صاد با لام

صلصلہ ع آواز زنجیر آہن و جرس یعنی گھڑیال

صُلبیّہ ع نام ساتویں دوہ آنکھ کے پردوں سے

صلایۃ ع وہ پتھر جسپر دار و پیسیں مجازاً اگرا جو پتھر بنا ہو

صِلَہ ع انعام و عطاء و پیوند خویشی و قرابت۔

صاد با نون

صندوقچہ ف چھوٹا صندوق جسمیں اسباب کہا جاتی۔

صاد با واو

صور علمیہ عالم موجودات و عالم کائنات و عالم دنیا

صومعہ ع عبادت خانہ جہاں بیٹھکر عابد لوگ خدا کی بندگی کرتے ہیں

صُوبہ ف بادشاہت کا ایک حصہ۔

صاد با ہا

صَہ ت خاموش باش چپ رہو۔

صَہوَہ ع درمیان پشت اسپ یعنی گھوڑے کی پیٹھ کا میانہ

صاد با یا

صیغہ ع زر کو بوتیہ میں ڈالنا اور نکاح و پیوند اور پہچاننا لفظ کا کہ کس صیغہ میں ہے۔

صیحہ ع بانگ و آوازہ و عذاب و تکلیف و رنج۔

پندرہوین فصل

ان لغات کے بیان مین جنکا اول حرف ضاد اور آخر مین ہا ہے

ضاد با الف

ضابطہ ع قاعدہ و دستور و رواج جو رائج ہو۔

ضاد با حا

ضحوکہ ع جو چیز لوگوں کو ہنسائے اور وہ تماشا جسکو دیکھکر لوگ ہنسیں

ضحوکہ ع بہت ہنسنے والا شخص خندہ پیشانی۔

ضحکہ ع جسپر لوگ ہنسیں اور تمسخر کریں۔

ضاد با را

ضربہ ع پانسہ قمار کھیلنے کا جس سے جوا کھیلتے ہیں۔

ضرّہ ع زن ازراع یعنی سوت دو سوکن ایک شوہر کی دو عورتین

ضاد با غین

ضغطہ ع ایک بار نچوڑنا کسی چیز کا۔

ضُغطہ ع سختی و مشقت محنت و رنج و تکلیف۔

ضاد با فا

ضفیرہ ع بال گوندھے اور جمع کیے ہوئے یعنی چونڈا اور چوٹی

ضاد با میم

ضمیمہ ع پیوند کیا گیا بڑھایا گیا زائد کیا گیا۔

الضمۃ ع پیش کی حرکت جو حرف پر لگائی جاتی ہے۔

سولہوین فصل

ان لغات کی بیان مین جنکی اول حرف طا اور آخر مین ہا ہے

طا با الف

طاحونہ ع آسیا یعنی چکی آٹا پیسنے کی۔

طاقچہ ف چھوٹا طاق جو دیوار میں ہو۔

طالعہ ع روشن ہونیوالا چمکنے والا۔

طائر سدرہ ع جبرئیل جو فرشتہ مقرب درگاہ الٰہی ہے

طابہ و طیبہ ع دو نام مدینہ منورہ کے ہیں جو مشہور شہر ہے اور روضہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا اسی جگہہ پر واقع ہے۔

طاقہ ع ایک تہان کپڑے کا اور اکیلا۔

طائفہ ع گروہ مردم اور جماعت آدمیوں کی۔

طا با با

طبانچہ ف مشہور لفظ ہے جسکو تھپڑ کہتے ہیں۔

طبقہ ع درجہ رتبہ منزل۔

طبلہ ف صندوقچہ اور نقارہ چھوٹا جو بجاتے ہیں۔

طبائع اربعہ ع صفرا سودا بلغم و خون یہ چار دو خلطیں انسان کے جسم میں موجب حیات ہیں۔

طا با رائے

طرفہ ع ایکبار آنکھہ کو برہم مارنا اور سرخ نقطہ جو آنکھہ میں پیدا ہوتا ہے

طرفہ ع عجیب خوش اور بہت اچھا۔

طرہ ف زلف کے موپیشانی اور کنارہ پر جیز کا اور چھجہ مکان کا

طراوہ ع جامہ رنگین جو علم کے سر پر باندھتے ہیں۔

طریدہ ع حملہ و شور و فتنہ و ہجوم۔

طریقہ ع روش و چال چلن و مذہب و دین۔

طا با عین

طعمہ ع خورش و روزی اور ایکبار چکھنا کسی طعام کا مزہ لینا۔

طعنہ ع تیر دانا عیب جوئی ایکیکے عیب کو اسکے روبرو کہنا۔

طا با فا

طفرہ ع توقف میں کسی کو دنا اچھلنا۔

طا با لام

طلیعہ ع فوج جو رات کی پاسبان ہو و مقدم لشکر یعنی وہ فوج جو تمام لشکر کے پیش رو ہو۔

طلایہ ف فوج پاسدار شب جو رات کو حفاظت و چوکیداری کا کام دیوے

طلبہ ع جمع طالب بہت سے طلبگار علم وغیرہ کے۔

طلحہ ع پیغمبر علیہ السلام کی ایک اصحاب کا نام ہے عشرہ مبشرہ سے

طا با میم

طماقہ و طماخہ ت کلاہ باز یعنی جو ٹوپی باز کے سر پر رکھی جاوے

طا با نون

طنبور و طنبورہ ع ایک قسم کا مشہور ساز ہے معنی اسکے کدو کی ہیں وہ ساز بھی کدو سے بنایا جاتا ہے۔

طنطنہ ف آواز طنبورہ کر و فر و آواز زیر۔

طا با واو

طوطیہ ع بچھانا تمہید بنانا کلام کو سنوارنا۔

طویلہ جہاں گھوڑے باندھتے ہیں مشتق طول ہے یعنی لمحان دراز

طیرہ ع آوارگی و حجالت ط با یا و شرمندگی و شرمساری۔

طیرہ ع خشم و غضب و غصہ و کینہ و ناراضی۔

طیارہ ع گھوڑا تیز رفتار اور کشتی تیز رو اور جانور جو اڑنے والا ہو مجازاً تیز

طیبہ ع لقب شہر مدینہ منورہ کا ہے۔

سترہویں فصل

اون لغات کے بیان میں جن کے اول حرف ظا اور آخر میں ہا ہے

ظا با غین

ظِلغِیَعہ ع زن منکوحہ دہو مج نشین دستر دار حرہ

ظا با فاء

ظَفَرَہ ع ناخونہ آنکھ کا جو آنکھ میں ٹھ جاتا ہے ایک بیماری کا نام ہے

ظا با لام

ظِلُّ اللہ ع سایہ خدا یعنی بادشاہ وقت و حاکم جسکی حکومت جاری ہے

ظَلَمَہ ع جمع ظالم یعنے ظالمان۔

ظُلَّہ ع سایبان و خیمہ وغیرہ۔

ظا با نون

ظَنِینَہ ع شک کی بات جسکی درستی میں شبہ ہو۔

ظا با ہاء

ظِہَارَہ ع ابرہ قبا یعنی وہ کپڑا جو قبا کے اوپر لگایا جاتا ہے۔

اٹھارہویں فصل

اون لغات کے بیان میں جنکے اول حرف عین اور اخیر میں ہا رہے

عین با الف

عامر عامرہ ع آباد کرنیوالا اور مکان جو آباد ہو مجازاً شہر و گانو

عامہ ع عام لوگ چہوٹے بڑے۔

عارفہ ع زن خداشناس جو خدا کی بندگی کرے۔

عاصفہ ع باد تند و سخت مجازاً آندہی جو چلتی ہے

عانہ ع بدن زیر ناف تا شرمگاہ یعنی پیڑو کا بدن

عین با باء

عَبدُ الجَنّہ ع کابوس یعنی نیند میں ڈرنا ایک بیماری خیالی ہے

عَبَرَہ ع محصول کشتی و اشک چشم یعنے آنسو۔

عَبدُہٗ ع بندہ اوسکا بندہ یعنی خدا کا۔

عَبَدَہ ع بہت بندے بہت سے تابعدار حکم ماننے والے۔

عین با تاء

عُتبہ ع نام ایک شخص کا ساکنان سے عرب کے۔

عَتَبَہ ع دہلیز کے نیچے لکڑی و تختی و نام ایک شکل کا اشکال رمل سے

عین با جیم

عُجَالَہ جو شخص جلدی حاضر لایا جائے۔

عُجَّہ ع خاگینہ جو بیضہ سے بنا کر کہاتے ہیں۔

عَجوَہ ع قسم خرما سے اعلے جو مدینہ میں ہوتی ہے

عَجَزَہ ع جمع عاجز کی یعنی بہت سے عاجز لوگ۔

عین با دال

عُدوَہ ع دریا کا کنارا یعنی ساحل دریا۔

عِدَّہ ع گروہ او شمار روز مدت کا جس سے مطلقہ عورت کا نکاح دوسرے مرد سے جائز ہو

عین با راء

عَرَقِیَّہ ع رومال چہوٹا جس سے عرق پونچہیں۔

عُروَہ ع گوشہ او دستہ آفتابہ وغیرہ کا جس سے اوسکو پکڑ سکیں مجازاً ذریعہ و وسیلہ۔

عَرَزِیَّہ ع کومن فقرہ جو اسکی پشت پر ہوتا ہے۔

عَرَضِیَّہ ع وہ بات جو ظاہر کرنیکے لایق ہو اور عرض کیجائے

عَرَاصِنَہ ع سوغات جو سفر سے لائی جائے مشکش و تردد دوستانہ

عَرَضَہ ع ایک بار ظاہر کرنا کسی بات کا ابلاغ حق تمنا امید مشکش کیا گیا

عرض گاہ میدان شمار کرنے سپاہ کا جہان لشکر کی حاضری

عَرَّادَہ توپ وغیرہ جس سے گولہ چلائین۔

عَرْبَدَہ ع بدخوئی و جنگ جوئی و بدمزاجی و طبیعتی۔

عَرَفَہ ع نہم ماہ ذوالحج جبکہ مسلمان حج کرتے ہین اور حاجی عرفات مین جا کر احکام حج کے بجالاتے ہین۔

عَرْصَہ ع میدان جنگ و بساط شطرنج و مطلق میدان فراخ

عین باشین

عِشْوَہ ع ناز و فریب حرکات معشوقانہ اور پوشیدہ کا کرنا

عَشِیْرَہ ع خویشان و رشتہ داران یعنی قریبی ناطہ کے لوگ

عَشَقَہ ف بیل عشق پیچان کی جو مشہور بیل ہے پہول

عَشِیْقَہ ع معشوقہ جسپر کوئی عاشق ہو۔

عین باصاد

عُصَارَہ ع رس نچوڑا ہوا انگور وغیرہ کا

عِصَابَہ ع رومال سر باندھنے کا۔

عَصَبَہ ع پٹھے کہ حس و حرکت ہوتی ہے مفاصل کی اوس سے ہے

عُصْبَہ ع گروہ مردان دس سے چالیس تک

عَصِیْبَہ ع ایک قسم کے حلوے کا نام ہے۔

عُصَارَہ ع جو چیز نچوڑنے سے نکلے مثل روغن و آب وغیرہ

عین باضاد

عِضَادَہ دہلیز کے دونو بازوون کی لکڑیان

عُضْلَہ گوشت ولہ

عین باطار

عَطْفَہ ع موڑنا پہیرنا پلیٹنا مہربانی سے پیش آنا مہربانی کرنا اور سنجاف دامن کا جو لگایا جاتا ہے۔

عَطُوْفَہ ع مہربان عورت نرم مزاج بی بی۔

عَطِیَہ ع بخشش و مہربانی و کرم و لطف۔

عین بافار

عَفِیْفَہ ع پاکدامن عورت نیکوکار بی بی۔

عین باقاف

عَقَبَہ ع دشوار رستی دشوار مکان اور دشوار جسکا ظہور مین آنا مشکل ہو

عُقْلَہ ع بندہ و نام ایک منحوس شکل کا اشکال رمل سے

عَقِیْلَہ ع سردار قوم و برگزیدہ و ہوشیار و افسر۔

عَقِیْقَہ ع ضیافت پیدا ہونے بچے و نام رکہنے اور بال اترانے کے

عَقِیْدَہ ع جو بات دل مین قایم ہو چکی ہو۔

عَقْوَہ ع میدان و صحن سرا یعنے گہر کا آنگن۔

عقول عشرہ دہ فرشتگان مقرب الہی۔

عُقْدَہ ع گرہ اور مشکل بات جسکا ظہور مین آنا آسانی سے نہو

عین بالام

عَلَاوَہ ع مزید بران و اسکے سوائے۔

عَلَانِیَہ ع ظاہر و آشکار سب کے روبرو۔

عَلِیْقَہ ع گہوڑے کی دانہ کہلانے کا توبرہ۔

عِلَاقَہ ع آویزش و رابطہ و پیوند از راہ دوستی یا دشمنی دو شخصون یا چند شخصون مین۔

عَلَّامَہ ع عورت دانا اور صاحب علم و صاحب ہنر۔

عَلِیَّہ ع بلند اور اونچی عمارت اور اونچا رتبہ۔

عَلُوْفَہ ع خرچ خوراک روزمینہ و درماہہ و وظیفہ

علیحدہ ۶ الگ اپنی حد پر اپنے مقام پر۔

عین با میم

عَمَّۃ ۶ پہوپہی باپ کی بہن۔
عَمَامَۃ ۶ و عِمَامَۃ ۶ دستار۔
عُمْلَہ ۶ کار و عمل۔
عَمَلَہ ۶ نیکے۔
عَمَلَہ ۶ کام کرنیوالے جمع عامل۔
عَمَل خانہ ف دیوانخانہ۔
عُمْدَہ ۶ اچھا اور جائے اعتماد
عُمْرَہ ۶ حاجیون کی ایک قسم کی عبادت

عین با نون

عِنَبِیَّۃ ۶ نام تیسرے طبقہ کا آنکھون کے سات طبقون میں
عَنْبَرِینَہ ۶ ایک پولا زیور ہوتا ہے جسمین عنبر رکہتی ہین
عنکبوتیہ ۶ آنکھون کے چوتھے طبقے کا نام ہے۔

عین با واو

عَوَارَہ ۶ بد دل۔
عَوِیْصَہ ۶ مشکل و دشوار۔

عین با یاء

عِیْلَہ ۶ درویشی۔
عَیْبَہ ۶ چرمی صندوق کپڑوں کا۔
عَیْقَہ ۶ نہر کا کنارہ۔
عین اللہ ۶ امان خدا۔

اونیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف غین اور آخیر مین ہا ہے

غین با الف

غائلہ ۶ شر و بدی و آفت۔
غاشیہ ۶ قباحت بیاری دل و زین پوش اسپ
غالیہ ۶ نام خوشبوئے مرکب۔
غازہ ۶ گلگونہ جو عورتین منہہ پر ملتی ہین۔
غادیہ ۶ صبح اور جو بادل صبح کو آوے۔
غاذیہ ۶ قوت ہضم غذا۔

غین با با

غِبطہ ۶ کسیکی مال نیکی کی آرزو کرنی بغیر اسکے کہ اسکی مال کا زوال چاہتا ہو

غین با دال

غَدْوَہ ۶ وقت میان فجر و طلوع آفتاب۔

غین با رائے

غُرْفَہ ۶ ایکدفعہ اوٹھانا پانی کا ہاتھ سے۔
غُرْفَہ ۶ بعقد ریگ شت بالاخانہ جو چوبارہ کسکا پیچھے ہو
غَرِقَہ ۶ غرق ہوا ہوا۔
غَرْجَہ ف مخنث و نادان زبون۔
غَرَارَہ ۶ نا آزمودہ کار ہونا فریب کہانا۔
غَرَارَہ ۶ گون جوال۔
غَرْغَرَہ ۶ پانی منہہ مین لیکر کلی کرنی۔

غرّہ ۶ سفیدی پیشانی اسپ بمعنی تاریخ پہلی ہر مہینے کی
غرابہ ۶ فریفتگی۔
غرّہ ۶ فریفتہ ہونا۔
غریدہ ف ۲ آوا ذکرنیوالا۔

غین بازائے

غزالہ ۶ بچہ آہو جو مادہ ہو و بمعنے آفتاب۔
غزوہ ۶ جنگ اہل اسلام با کفار بہمراہی امام وقت کے

غین باسین

غسالہ ۶ وہ پانی جس سے نہائیں یا نہا چکے ہوں
غسلی نہ ف حمام۔

غین باشین

غشاوہ ۶ پردہ۔

غین باصاد

غصّہ ۶ اندوہ گلا گھر

غین بالام

غلالہ ۶ وہ کپڑا جو زرہ کے نیچے پہنیں۔
غلالہ ف زلف معشوق۔
غلہ ف اناج۔
غلولہ ف جوش ہجوم و گولہ۔
غلمہ ف تیزی شہوت۔
غلبہ زبردستی و زور۔
غلمہ ۶ جمع غلام۔

غین بامیم

غمزہ ۶ ابرو اور آنکھہ سے اشارہ کرنا
غمرہ ۶ پسخوردہ اور جرعۂ آب۔
غمکدہ ف غم خانہ۔

غین بانون

غنچہ ف کلی پہول کی۔
غنّہ ۶ وہ نون جسکی آواز ناک میں سے نکلے جیسکہ چنانچہ میں نون غنہ ہے

غین باواو

غوطہ ۶ پانی میں جانا و نام شہر کا۔
غورہ ۶ ترش انگور و انگور خام جو ترش ہو۔
غوزہ ۶ وہ پوست جو روئی کے اوپر ہوتا ہے۔
غوجہ ف مرغ کی کلغی۔
غوطہ ۶ ڈبکی پانی میں لگانا۔

غین بایائے

غیضہ ۶ بیشہ و جنگل اور غیر آباد زمین۔
غیبہ ۶ ترکش و جعبہ جسمیں تیر رکھتے ہیں۔

بیسویں فصل

اون لغات کے بیان میں جن کے اول حرف فا اور آخیر میں ہا ہے

فا باالف

فارہ ۶ نافہ مشک تیز رفتار و زیرک۔
فاژہ ف خمیازہ یعنی جمائی جو آدمی لیتا ہے
فائحہ ۶ خوشبو و خوشبو دینے والی چیز۔

فاکہہ ع میوہ ہر قسم کا اور پہل جو کہایا جاتا ہے
فاطمہ ع وہ عورت جسنے دو سالہ بچہ کا دودہ چہوڑایا ہو اور نام
دختر نیک اختر محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور حسن حسین علیہم السلام
فاتحہ ع کہولنیوالی عورت اور نام پہلی سورہ قرآن مجید
کا و ابتدائے ہر چیز کا ۔
فاختہ ف قمری جانور مشہور ہے ۔
فاضلہ ع بزرگ اور زیادہ عطا و مہربانی ۔
فاصلہ ع فرق دو چیزون مین ۔
فاحشہ ع بدکار عورت زانیہ عورت ۔
فاقہ ع گرسنہ و نہار بہوکہے رہنا ۔
فالودہ ف چاولون کی پیچہ جمی ہوئی ۔
فایدہ ف نفع اور سود اور بہلائی ۔

فا با تاء

فتنہ ع خرابی و دیوانگی و فریفتہ عاشق و لدادہ ۔
فتحہ ع حرکت زبر کی جو حروف پر دیجاتی ہے ۔
فتیلہ ع بتی چراغ وغیرہ کی جو روئی و تاگے سے بنائی جاے
فتاتہ ع ریزہ ہاے ہر چیز اور ٹکڑے ہر چیز کے ۔

فا با جیم

فجیعہ ف وہ پوشیدہ بات جو مشہور ہو جاے اور ہر کسیکو معلوم ہو
فجرہ جمع فاجر زناکار زانی بدکاران فاسقان و فاجران ۔

فا با خاء

فخفرہ ع بروزن مسخرہ قلعہ جو مشہور قلعہ ہے ۔

فا با دال

فدیہ ع صدقہ ایثار اپنی جان کا تصدق ۔

فا با راء

فرسودہ ف کہنہ و ریختہ و خراب شدہ اور گہسا ہوا ۔
فرغانہ ف ماوراء النہر مین ایک علاقہ ہے جہان کی قند اندن و چشم مشہور ہے
فرازندہ ف بلند کرنیوالا اوپر چڑہانے والا ۔
فروزینہ ف خار و خاشاک آگ جلانے کا ایندہن ۔
فرہ ف شان شوکت فخر عزت و آبرو و توقیر ۔
فرہ ف زیادتی و غلبہ و سبقت و پیش دستی ۔
فرہ ف خوش طبیعت اور خوش ہونا رضامند ہونا ۔
فرزانہ ف حکیم و دانشمند و دانا و صاحب علم ۔
فرزجہ ع وہ ٹکڑا کپڑہ کا جو دوا تر کرکے عورتیں فرج مین رکہین
فرومایہ ف بے ہنر و کم دولت و کم عقل و مفلس و نادار ۔
فرشتہ ف مخلوقات آسمانی یعنی ملایک ۔
فرشتہ ف معرب پرستہ بندگی کرنے والا ۔
فروختہ ف بیچا گیا جسکی قیمت انسان لے چکا ہو ۔
فرقہ ع جماعت قوم گروہ آدمیوں کا ۔
فرودگاہ ف اترنے کی جگہہ بستر کا مقام ۔
فروشندہ ف بیچنے والا جو چیز کو بیچے ۔
فرجہ ع سوراخ و شگاف و فاصلہ دو چیزون مین ۔
فرنیہ ف وہ جانور جسکی گردن شیر یا پلنگ یا سگ نے توڑی ہو
فرہیختہ ف ادب آموختہ صاحب علم و دانا ۔
فربہ ف موٹا جسیم پر گوشت ۔
فریبہ ع بہتان و افترا و جہوٹی بات ۔

فراغوف ایک شہر کا نام ہے ہرات کے علاقہ مین۔

فَرِیضَہ ع فرض یعنی خدا کا حکم واجب پڑنا نسل سے اسکا انکار کفر ہو

فَرَاشتَہ ع جاروب یعنے جہاڑو جس سے جگہ صاف کرتے ہین۔

فَرغوزَہ ف شتر و پیچیدہ یعنی گوندہا ہوا اور لپٹا ہوا۔

فَرِیفتَہ ف عاشق دیوانہ و فریب کہا ہے ہوے وادہین آئے ہوے

فرائض پنجگانہ فرض پنج وقت کی نماز جو مسلمانون پر فرض ہے۔

فرخندہ ف مبارک و خجستہ و نیک۔

فَرُوجَہ ف چوزہ بچہ مرغی کا جو چہوٹا سا ہو۔

فَرفرَہ ف پہرکی چرخی کی جسمین تاگا یعنی رشتہ ڈالکر اسکو

پہراتی ہین اور یہ ایک کہیل لڑکون کی ہے۔

فا با سین

فَسِیحَہ ع فراخ اور چوڑی چیز۔

فَسَقَہ ع فاسقان یعنی بدکار لوگ۔

فَسَدَہ ع فساد کرنیوالے اور فتنہ انگیز لوگ۔

فَسَانَہ ف حکایت بے اصل داستان یعنی جو غیر واقع حال ہے

جیسے کہ فسانہ عجائب و مثنوی میر حسن۔ وغیرہ۔

فا با صاد

فصول چارگانہ چہار فصل یعنی موسم بہار تابستان و خزان و زمستان

فا با ضاد

فُضَالَہ ع پس ماندہ کہانا وغیرہ

فِضَّہ ع چاندی نقرہ جو مشہور دہات ہے۔

فا با قاف

فِقہ ع پا جانا اور نام علم احکام شریعت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

فُقَہَاء ع دانائی و فہم و ہوش فہم و ادراک۔

فَقِیہ ع دانا اور عالم دین کا شرع کا واقف۔

فِقرَہ ع پارہ استخوان مہرہ پشت و جہوٹی عبارت شعر کی جو بطور سجع کے ہو

فا با کاف

فِگانَہ ف حمل جو نو مہینے سے اول گر جاے۔

فا با لام

فَلَنگہ ع ایک چہوٹی لکڑی بطور ڈنڈے کے جو خیمہ کی چوب کے سر پر رکہتے

ہین بنر جرخ کی لکڑی کا سکا جسپر ستاتی ہین فارسی مین ریشہ کہتے مین

فَلسَفہ ع حکیم و دانشمند ہونا صاحب علم و فضل ہونا۔

فَلاسِفَہ ع حکیمان و دانشمندان صاحبان علم و فضل۔

فُلَّہ ع پہلے دن کا دودہ جو آگ پر رکہنے سے پہٹ جاتا ہے یعنی کہیس و پیوسی

فا با واو

فَوَّارَہ ف جوش مارنیوالا فورا جو جوش مارنیوالا۔

فُوطَہ ف جامہ لنگی و دستار و رومال وغیرہ اور پردہ جو رہا یا خزانہ ہی فساد سے ڈالتے ہیں

فُورہ ع جوش و خروش و طبع ہوا۔

فُوہ ع دہان یعنی منہہ افواہ اسکی جمع ہے۔

فُوَّہ ع مجیٹہ جس سے کپڑے رنگتے ہین۔

فَوَاکِہ ع جمع فاکہہ میوہ و درختونکی پہل جو کہاے جاتے ہیں

فا با یار

فیروزہ ف ایک زنگاری جوہر کا نام ہے جو قیمتی ہوتا ہے

فیصلہ ع جدا ہونا حق کا باطل سے۔

فی نفسہ ع اپنی ذات مین۔

قَیلُولَہ ع عصر کے وقت سونا جو حسب موت صحت عقل اور ڈالتا ہے

رفقہ ع گروہ مردم و قوم و جماعت آدمیونکی۔
فی الجملہ ع حاصل کلام مجمل کلام یعنی کلام اور تہوڑاسا اور قلیل کلام

اکیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف قاف اور آخر مین ہا ء ہے

قاف باالف

قاب خانہ ف قمارخانہ قاب ہڈی کو کہتے ہین اور ہڈے قمار کے ہڈی کے ہوتے ہین سواسطے قابخانہ نام رکہا گیا۔
قارورہ ع حقہ باروت کا اور شیشہ کانچ کا جسمین پیشاب ڈالکر طبیب کو دکہاتے ہین۔
قاقلہ ع چہوٹی الایچی جو مشہور چیز ہے۔
قاہ قاہ ع خندہ باواز یعنے آواز سے ہنسنا۔
قابلہ ع متکفل و ضامن و دایہ دودہ پلانے والی۔
قالیچہ ف بچہونا فرش مکلف اور قالین چہوٹا۔
قاصمہ ف توڑنیوالی خوار کرنیوالی برباد کرنیوالی۔
قانعہ ف صاحب قناعت عورت صابر۔
قارعہ ع حادثہ و سختی و روز قیامت حشر کا دن۔
قاہرہ ع غالب و زبردست اور نام شہر کا مصر سلطنت مین۔
قافیہ ع پیچہے چلنے والا اور قافیہ جو نظم مین ہوتا ہے چنانچہ دوستان کا قافیہ بوستان ہے۔
قاعدہ ع دستور طریق اور عورت بیٹہی ہوئی اور بڑہیا زن۔
قافلہ ع گروہ مردم و کاروان جو ملکر سفر کرین۔

قائمہ ع خط مستقیم پر دوسرا خط اسطرح قایم ہو کر اوس سے دو زاویہ پیدا ہون اسطرح زاویہ قائمہ | زاویہ

قاف بابا

قبہ ع گنبد اور اونچی عمارت جو گول بنی ہوئی ہو۔
قبرغہ ت پہلو و استخوان پہلو۔
قبالہ ع تمسک قبالہ و سند قانی و بیعنامہ وغیرہ۔
قبلہ ع جو سمت منہہ کے سامہنے ہو یعنی روبرو ہو۔
قبیلہ ع گروہ جو اولاد ایک باپ کی ہو یعنی ہم جدی۔
قبضہ ع مٹھی مین لینا اور تصرف مین لیا ہوا مال وغیرہ۔
قبرہ ع نام ایک خوش صوت جانور کا ہے۔
قباچہ ف چہوٹی قبا و سینہ بند و صدری۔

قاف باحا

قحبہ ع زن بدکار اور کہانسی کی بیاری جسکو فارسی کہتے ہین۔

قاف بادال

قدوہ ع پیشوا آگے چلنے والا امام سرگروہ۔
قدرمایہ ع تہوڑاسا مقدار حسب ضرورت
قدریہ ع یہ ایک دو فرقہ خلاف مذہب محمدی کے جو انکا قول ہے کہ نیکی کا عوض اور بدی کی سزا نہین ملیگی کیونکہ جو کچہ اوسنے کیا اوسکی تقدیر مین ہی لکہا تہا جو اوسنے کیا اپنے اختیار سے نہین کیا۔

قاف بارا

قرابہ و قرابہ ع شیشہ شراب کا جسکو صراحی بہی کہتے ہین۔
قریحہ ع آدمی کی طبیعت انسان کا مزاج۔

قرہ ۔ خنکی و سردی و راحت و روشنی و تازگی ۔

قرطہ ۔ گوشوارہ جھمکا جو ایک مشہور زیور ہے ۔

قربہ ۔ مشک پانی کی جسمین پانی بھرا جاتا ہے ۔

قراضہ ۔ ریزہ سونے چاندی کا اور درہم و دینار

قرعہ ۔ چوب پارہ اور آلہ فال دیکھنے کا نجوم کے علم میں ۔

قرعہ ۔ کدو کی تر یعنے وہ کدو جو ہنوز سبز ہو ۔

قریہ ۔ گانو چھوٹی سی آبادی ۔

قرمیتہ ۔ مناسبت پیوستگی و نزدیکی ۔

قرحہ ۔ زخم و ریش جو پرانا پڑ جائے ۔

قرحہ ۔ وہ زخم جسمین ریم ہو یعنی تر زخم ۔

قرون خالیہ ۔ گذشتہ زمانے گذری ہوئی وقت ۔

قاف با سین

قسطنطنیہ ۔ نام شہر دار الملک روم کی سلطنت کا ہے ۔

قسامہ ۔ سوگند دینا قسم کہلانا حلف دینا کسیکو ۔

قسیمیہ ۔ مشک یعنی کستوری جو مشہور خوشبو ہے ۔

قسوۃ ۔ سخت دل ہونا بیرحم ہونا ۔

قسورہ ۔ شیر درندہ یعنی جنگلی شیر شکاری ۔

قاف با شین

قشقہ ۔ ماتھے پر ٹیکا لگانا جیسکہ برہمن ہندو لگاتے ہیں ۔

قشعریرہ ۔ بالون کا بدنپر کھڑے ہو جانا بسبب صدمے کے

قاف با صاد

قصبہ ۔ چھوٹا شہر اور نے جو اندر سے پولی ہو مجازاً بانس پولا ہوتا ہے

قصب الذریرہ ۔ ہندی چرایتہ جو ایک مشہور دوا ہے

قصعہ ۔ کاسہ بزرگ یعنی بڑا پیالہ ۔

قصبچہ ۔ پارچہ قسم کتان جو عمدہ ہوتا ہے ۔

قصیدہ ۔ مغز سطبر و غلیظ اور نظم میں وہ نظم جسکے دونو مصرعے پہلے بیت کے اور ابیات کے دوسرے مصرعے کے ساتھ ہم قافیہ و ہم ردیف ہوں اور پندرہ بیت سے کم نہو ۔

قصہ ۔ سرگذشت و داستان احوال ۔

قاف با ضاد

قضیہ ۔ مطلوب حکم و خبر و جھگڑا و مقدمہ جسکا ابھی فیصلہ نہو ۔

قاف با طار

قطرہ ۔ بوند پانی کی جو کہیں سے ٹپکے اور وزنا قدم رکھ چلنا

قطیعہ ۔ گلہ بکریوں اور گھوڑوں وغیرہ کا ۔

قطامہ ۔ بہت شہوت والی عورت ماخوذ قطم سے جسکے معنی ہیں شہوت کے

قطعہ ۔ ہر چیز کا ٹکڑا اور شعرا کے نزدیک دو بیت یا زیادہ جسکا مطلع نہو

قاف با عین

قعدہ ۔ بیٹھنا اور بیٹھنا نماز میں قدر التحیات پڑھنے کے

قعدہ ۔ ایک قسم نشست کا ہے جو زانو دبا کر بیٹھتے ہیں ۔

قعدہ ۔ پالکی و گھوڑا وغیرہ جسپر سوار ہوں ۔

قعقعہ ۔ آواز کاغذ و پوست خشک و آواز سلاح یعنی ہتھیار کے

قعیدہ ۔ عورت ہمنشین شوہر کی یعنی شوہر کے پاس بیٹھنے والی عورت

قاف با فار

قفہ ۔ زمین بلند جائے بلند مکان بلند و چھلنی و مینا

قاف با لام

قلابہ ۔ مچھلی پکڑنے کی کنڈی جس سے مچھلی پکڑی جاتی ہے

قلعہ قہقہہ نام ایک قلعہ کا آذربائیجان کی ولایت مین کہا مشہور ہے

قلمہ چھپا ہوا کسی چیز کا چہرہ بزرگ و بہت بڑا سکا

قلہ و بادامی رنگ گہوڑا جو ایک قسم کا گہوڑا ہے

قلیہ وہ بہونا ہوا گوشت اور قیما گوشت جسمین ادراک ہوتے

قلاوہ و گلوبند سگ شتر وغیرہ جس سے اسکو باندہتے ہین

قلبہ ت ہل جو زمین مین چلاتے ہین اور کہیتی کو تیار کرتے

قلنغہ ت مرہ اور زرکاری طلبا و جزئیات کی جو حلقہ بنا کر بکارتی

قلنسہ ت کلاہ یعنی ٹوپی جو سر پر رکہتی ہین

قلعہ مشہور لفظ ہے یعنی بادشاہی مکان مستحکم

قلقلہ جوش و بیقراری و اضطراب

قلقلہ آواز طرح کی جو شراب نکالتے وقت نکلتی ہے

قاف با میم

قمہ ملندی و سر ہر چیز کا اور کلس گنبد کی جو کبہ گنبد اور پر لگا ہوتا

قمہ ت نام سلاح یعنی ایک ہتھیار کا نام ہے

قمرغہ ت شکارگاہ بادشاہان جہان شکار کہیلتے ہین

قمرہ قمارخانہ و قمار جو کہیلتے ہین

قمقمہ کوزہ آفتابہ و دیرتن

قمامہ خار و خاشاک جو جاروب سے جمع ہو ہندی کوڑا

قاف با نون

قنورہ قسم جامہ رنگین جو قیمتی ہوتا ہے

قنیہ سرمایہ اور پونجی اور اصل مال

قنینہ شراب کا برتن جسمین شراب رکہی جائے

قنطرہ پل جو دریا پر باندہتے ہین اور سیر گذرتے

قاف با واو

قوارہ ٹکڑا او وہ مدور پارچہ جو درزی گریبان کتر کر نکالتے

قورخانہ سلاح خانہ جہان ہتہیار رکہے جائین

قوقہ ت تکمہ گریبان وغیرہ کا

قورمہ گوشت بریان بہونا ہوا گوشت

قوصرہ خریطہ جو لمبا ہو کہجور ہر وغیرہ کے لیے کہجور کے پتون سے بناتے

قوۃ قوت و استعداد و امکان

قاف با ہاے

قہوہ ایک قسم کے تخم ہین جنکو جوش دیکر انکا پانی

پیتے ہین عرب مین یہ بہت لوگ پیتے ہین

قہقاہ آواز سے ہنسنا نہایت خوشی کی حالت مین

قاف با یاے

قیصریہ نام ایک شہر کا ہے

قیدافہ نام نوشابہ ملکہ ملک بردع جسکا ذکر سکندرنامہ مین ہے

قیلولہ دوپہر کو سونا جسکی اجازت ہے ملک سنت طریقہ

قیافہ صورت سے شخص کو پہچاننا اور انسان کے اعضا کو دیکہ

اسکی اصلی حالت سے آگاہ ہونا و شگون لینا

بائیسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جنکی اول حرف کاف اور آخر مین ہا ہے

کاف با الف

کاوہ نام پہلوان ایک ملک کا جسکے کمال قیمتی ...

پر خروج کرکے ذبیح دن کو بادشاہ بنایا۔

کالیوہ ف سرگشتہ و حیران و احمق و بیوقوف۔

کالیدہ ف پریشان و درہم و برہم و ابتر حالی۔

کامہ ف مقصود و مراد و نانخورش جو ترش مزہ ہو۔

کاشانہ ف خانہ کوچک خانۂ زمستان شہر کی سردی کے بچنے کا گہر۔

کازہ ف جہونپڑا صومعہ کین گاہ صیاد ان۔

کاجیشہ ف گل معصفر کسنبہ کے پہول۔

کاژیرہ و کاجیرہ ف گل معصفر یعنی کسنبہ کے پہول۔

کارنامہ ف تواریخ کی کتاب جس میں قاعدہ و قانون ملکی اور سلطنت کا ہو اور وہ کتاب جو مصور اپنی صنعت و کمال کے ظہور کے لئے بناتے ہین۔

کاک ف متاع و کدو کو شراب اور خربزہ خام جس میں رطوبت نہ رہے سوکہہ گیا ہو۔

کاچہ ف زنخ یعنی ٹہوڑی انسان کی۔

کاردست ف بستن مشکل کام اور شکل جسکا کرنا مشکل ہو۔

کافہ ع تمام و گروہ و جماعت اور قوم و خلقت۔

کارگاہ ف جائے ظہور اور کام کی جگہ جہان کاریگر کام کرتے ہین۔

کاورس ف بارہ یک غلہ و ہر چیز ریزہ مدینہ ذرہ و ذرہ۔

کاسہ ف پیالہ لکڑی کا جو درویش و فقیر رکہتے ہین۔

کاژہ ف جہولا یعنی رسی کو درخت کی شاخ پر باندہ کر جہولنا۔

گاہ ف وقت اور مقام اور کبہی۔

گاہ گاہ ف کبہی کبہی وقت بے وقت۔

گاو دوشہ ف دودہ دوہنے کا برتن۔

گاہ ف یہ لفظ الفاظ زائد سے ہے جو اعداد کے الفاظ کے آخر میں لاتے ہین تا عدد مرتبہ معلوم ہو جیسے دوگانہ و سہ گانہ۔

کاف با بار

کبیسہ ع چارہ پہر جو کمی بیشی ہو جاتی ہو اس سبب سے ہر چوتھا برس سال قمری کی نسبت سال شمسی میں ایک دن بڑہ جاتا ہے ہند میں لوند کہتے ہین۔

کبیشہ ع نام غلام پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم۔

کباده ف کمان جو بہت نرم ہو۔

کاف با تار

کتارہ ف ایک قسم کے خنجر کا نام ہے یعنی کٹار۔

کتیبہ ع لشکر اور نام قلعہ قلاع خیبر سے جو یہودیوں کی علاقہ میں ہے۔

کتنگہ ف عصائے کوچک جو فقرا ہاتہہ میں رکہتے ہین۔

کتابہ ع جو بخط جلی مسجد و مقبرہ و محراب و منبر پر کلمۂ شریف یا اشعار لکہتے ہین۔

کتبہ ع ایک مرتبہ لکہنا اور تحریر کرنا کسی چیز کا۔

کاف با جیم

کجاوہ ف جو اونٹ کی پشت پر باندہتے ہین۔

کچہ ف انگشتری بے نگین یعنی چہلا۔

کچہ ف گیند کہیلنے کی جس سے لڑکے کہیلتے ہین۔

کاف با دال

کدہ ف گہر و مقام مثل میکدہ وغیرہ

کدیرہ ف مکدر و پوشیدہ اور چہپی ہوئی چیز۔

گدیہ و گدیہ ف گدائی کرنا و بہیک مانگنا۔

کاف با ذال

گذاف ف جسکا تخمینہ و وزن کیا گیا ہو یعنی سے بے قاعدہ و قیاس کہا جاوے ہر زہ و بیہودہ۔

گذرگاہ ف رستہ چلنے کا اور گذر دریا کا جہان سے عبور کرین۔

گذارہ ف جو چیز حد سے گذر جاوے۔

کاف با رار

گراسته ع کتاب رقرآن مجید وغیرہ مصاحف۔
گراسته ع جزو دس کتاب کا یا سیپارہ یا اوراق
گرانه ع کنارہ ہر چیز کا خاتمہ انجام ہر چیز کا۔
کرایه ع اجرت باربرداری شتر و اسپ واستر وغیرہ و اجرت
سکونت خانہ و دوکان مدابہی و سزاواری۔
کرسنه ع غلہ مٹر جو مشہور معروف غلہ ہے۔
کره ع گیند اور ہر چیز جو گول اور مدور ہو۔
کره ع بچہ اسپ و خر و تازیانہ یعنی چابک گہوڑ و لنکا
کره ع ناخوشی سختی و رنج و کراہت بیماری کہہ تکلیف۔
کره ع جبر و نارضامندی و زبردستی و بیگار
کریه ع کریہہ نامرغوب نامطبوع و ناپسند۔
کره ع کوس اور اسپ و تازیانہ۔
کرشمه ف اشارہ چشم یعنے آنکہہ کا اشارہ
کریهه ع زبون مکروہ و ناپسند۔
گربه ف بلی مشہور جانور ہے۔
گروه ف جماعت و ہجوم لوگون کا۔
گرده ف کبد مشہور عضو ہے اندرونی عضوون سے
گریه ف رونا کسی ماتم یا غم و اندیشے مین۔
کرم پیله ف کرم ابریشم جسکے لعاب سے ریشم بنتا ہے
گروهه ف گولی بندوق کی و گلولہ جو مدور ہو
گران سایه ف مردم مالیقدر و صاحب رتبہ و غنی۔
گربکینه ف پوستین چمڑے کی جو پہنتے ہین۔
گرمابه ف حمام گرم پانی مین نہانیکی جگہہ۔

گردانیه ف نام ایک پردہ موسیقی کا۔
گرلوه ف پشتہ زمین کا طبقہ زمین۔
گرسنه و گرسنه ف بھوکہا جسکا پیٹ خالی ہو
گرگ باران دیده ف مرد آزمودہ کار معاملہ فہم۔
گرزه ف کفچہ دار و ہیبت ہنگ سانپ وغیرہ
گره ف گانٹھہ جو بندی ہوئی ہو۔
گره ف سبو گلی یعنے گہڑا مٹی کا۔
گردکوه ف ایک پہاڑ کا نام ہے۔
گروه ف آدمیون کی جماعت اور بہت سے آدمی
گرفته ف طعنہ و ملامت و بدگوئی۔

کاف با زاے

گزبره ف کشنیز سبز یعنے ہرا دہنیا۔
گزره ف کوا و کاک یعنے وہ گوشت پارہ جو حلق
مین آویزان ہی اور کار و بزرگ جم کار جس سے گوشت قیمہ کرتے ہین
گزدمه ف بدعمل دغاباز فریبی آدمی۔
گزه ف قسم پیکان تیر اور گھوڑی خفتہ جس سے نقارہ بجاتے ہین
گزیده و گزیت ف خراج و جزیہ و رشوت جو وصول کیا جاتے

کاف با سین

گسیده ف ناسرہ متاع بے رواج کہوٹا روپیہ۔
گسسته ف موئے زلف جو رخسار و نپر لٹکا رہتا ہے
کسره ع حرکت زیر کی جو حرف کے نیچے دیجاتی ہے

کاف با شین

کشته ف آلودہ و شقتالو وغیرہ و قسم ایک میوہ کا جو خشک

چٹا ہوا بند خستہ نکالکر خشک کرتے ہین

کشادہ ف کہلا ہوا جو بند نہو۔

کشتہ ف ہوا ہوا پیرا ہوا۔

کاف با عین

کعبہ ع نام بیت اللہ و مکان رفیع و بلند و عظیم الشان

کاف با فار

کفچہ ہ پہن سانپ کا۔

کفہ ع پلہ ترازو کا جسیطرح سانپ ن کرتے ہین

کفہ ع حاشیہ پیراہن سنجاف پیراہن کا۔

کفہ ف خوشہ نیم کوفتہ جس سے ابہی غلہ نہ نکلا ہو

کفارہ ع چہپانے والا گناہونکا ادا کرنا معاوضہ گناہ کا

مثلاً روزہ توڑی تو ساٹھ روزے رکہی ور قسم توڑی تو بندہ آزاد کری

کفیدہ ف ترقیدہ شگافتہ یعنی چرا ہوا پہٹا ہوا۔

کفایہ ع کافی ہونا بس ہونا پورا ہونا۔

کفرۃ ع جمع کافر یعنی بہت سے کافر۔

گفتہ ف کہا ہوا کلمہ اور زبان سے نکالا ہوا۔

کاف با لام

کلمہ ع وا یکلاٹ باصطلاح نحویان کلمہ یعنی لفظ جو معنی رکہتا ہو

کلہ ت خیمہ کوچک یا چپر کہٹ پردہ دار۔

کلہ ف ٹوپی اور آلہ تناسل کا و حرکات جماع۔

کلفتہ ف اندکہ ذم برید رجو شخص زبان اچہی طرح

بات نہ کرسکتا ہو اور جو بدبت کو جہکتا کلان سوسیا لکھ۔

گلدستہ ف مشہور لفظ ہے یعنی بہیم ہو تکا دستہ باندہا ہوا

کلاغہ و کلاوہ ف داد کشتی کا۔

کلیچہ ف خمیری روٹی جو نرم ہوتی ہے۔

کلاوہ کلابہ ف سوت کی انٹا۔

کُلیہ ع گردہ جو ایک اندرونی عضو ہے۔

کُلیہ ع جگی و تمامی اور سارا و تمام۔

کُلنبہ ف وہ کلچہ جسکے اندر مغز بادام وغیرہ کیڑ کی پکاتے ہین

کُلالہ ف موی پیچیدہ یعنی زلف کی گوندی ہوئی لٹ

کُلبہ ف چہوٹا گہر اور دوکان و گوشہ گہر کا۔

گلولہ ف گولی گولہ بندوق و توپ کی گولی۔

گلہ ف جانورون کا غول۔

گِلہ ف شکایت جو کسیکی کیجائے۔

کُلاہ ف تاج شاہی ور ٹوپی سر پہ رکہنی کی۔

کلیلہ ف نام ایک گیدڑ کا۔

کلا پیسہ ف پہرا آنکہونکا اصلی حالت سے چنانچہ سیاہی

چہپ جاتی ہے نہایت شہوت کی لذت یا ضعف جسم کی سبب سے

کلاسہ ف چونہ و کلی وغیرہ اسباب عمارت کا۔

گلگونہ ف سرخ رنگ جو عورتین منہہ پر لگا کر وقت

ملتی ہین جس سے سرخی چہرہ کی زیادہ ہو جاتی ہے۔

گل ملہ ف معمارونکا ہتہیار ہے جس سے کہگل بہاتے ہین

اور گارا جو دیوار مین لگایا جاتا ہے اوسی سے بہایا جاتا ہے۔

گل کوزہ ف ایک پہول کا نام ہے جو بہت بڑا ہوتا ہے

گلابہ ف گارا جس سے عمارت بناتی ہین اور دیوار و زمین لگاتی ہین

کاف با میم

کمانچہ ف مشہور ساز ہی جسمین ترکیبان سہپر زیادہ
کماحقہ ع بہت بہت سچ سچ حق حق۔
کمنہ ع جو اور زیادہ اندا ہو۔
کمینہ ف نیچ پاجی سفلہ آدمی۔
گماشتہ ف نائب نوکر مختار کار۔
گمراہ ف راہ بہولا ہوا مجازاً مرد گنہگار و خلاف قیاس مرد
کمانہ ف ترکہانون کا کمانہ جسمین تانت بہرہ ہوتا ہی۔
کمرکوہ ف درمیان کوہ و بلندی کوہ۔

کاف بانون

کنجارہ ف گلگونہ جو خوبصورت لوگ منہ پر ملتی ہین۔
کُندَہ ف موٹا اور بڑی پیڑ جسپر سے روٹی پکاتی ہین۔
گنجہ ف نام شہر مسکن نظامی گنجوی مصنف سکندر نامہ
گنجینہ ف خزانہ ہر چیز کا مجازاً بہت سا مال و دولت۔
کنایہ ع پوشیدہ بات کنایہ رمز و اشارے سے۔
کنانہ ع ترکش تیرون کا۔
کُنہ ع پایان وقت کار و وقت اخیر کار و حقیقت کار۔
کُنہ ع پوشیدہ اور فارسی مین چیچڑ جو ایک مشہور حشرہ ہی
کنگرہ ف دیوار کے اوپر کا سرا۔
گناہ ف دوش خطا و تقصیر و گناہ جرم۔
گندہ ف ناپاک پلید خراب۔
گنجفہ ف ایک کہیل کا نام ہی جو مشہور ہے۔
گُندہ ف ہر ایک بانٹی لکڑی کو جسمین سوراخ دار
جسمین مجرم کے پانو ڈالکر قید کرتی ہین اسکو کہتو ہین

کندہ ف خندق۔
کنیسہ ع نصاری کا عبادتخانہ یعنی گرجا۔
کنارہ ف مشہور لفظ ہی کونا طرف اور اخیر ہر چیز کا۔
کنجارہ ف کہل تون در سرسون کی جو روغن کے نکالنے سے نکلتی ہی
کُناسہ ع خاشاک جو جاروب سے نکلتے ہین یعنی کوڑا

کاف باواو

کورہ ع آتشدان آہنگران وغیرہ جہان آگ جلائی جائے۔
کوکبہ ع ستارہ و فر و شکوہ و دبدبہ اظہار فخر۔
کوہ پایہ ف زمین مرتفع جو پہاڑ کی نیچے ہوتی ہی۔
کوہان ف برآمدگی پشت بیل اور اونٹ کا کوہان۔
کُونَتَنَہ ف سرین آدمی یعنی چوتڑ آدمی کے۔
کوزہ ف مشہور لفظ ہی جسکو لوٹا کہتی ہین۔
کورکہ ت نقارہ ڈہول کا جو بجایا جاتا ہی۔
کوفتہ ف مونگری جس سے کپڑا ٹہوکتی ہین۔
کوتاہ ف پست قد جو لمبا نہو چہوٹے قد کا آدمی۔
کوچہ ف گلی جو مشہور لفظ ہی
کوہ ف پہاڑ اور اونچی زمین پتھریلی۔
گولہ ف توپ کا گولہ۔
گوشہ ف کونا زاویہ۔
گونہ ف رنگ قسم و ڈہنگ۔
گوئندہ ف کہنے والا۔
کوکہ ت بہادر رضاعی دودھ بہائی جو دو شخص نے ایک دایہ کا دودھ پیا ہو
کوسہ ع مرد بے ریش جسکی ریش نہو۔

کوفتہ ف آسیب زدہ بیمار درماندہ۔
کوملہ ف حباب جو پانی مین پیدا ہوتا ہے۔
کوہ ع روزن جو دیوار مین ہوا اور روشندان۔
کوتاہ پاچہ ف کوتاہ قد نام جانور چارپایہ۔
کووہ ت بدن تن جسم آدمی کا۔
کوشوار ف نام ایک رعینی بہولکا اور مجمع حساب کے فرد کی
کوسالہ ف بچہ گاو دشتر ذلیل و بچہ سنود سالہ۔
کونہ ف رنگ و لون چہرہ کا۔
کوبیازہ ف ایک قسم کا بلیج مین پکاتی ہین۔

کاف باہار

کہنہ ف پورانا بہت سالونکا بہت مدت کی چیز۔
کہینہ ف بہت چہوٹا۔
کہ ف مخفف کاہ یعنے گہاس۔
گہ ف مخفف گاہ یعنے کبہی۔
گہوارہ ف جہولہ جسپر لڑکے بیٹھ کر جہولتی ہین۔

کاف بایار

کیسہ ف تہیلی و ہمیان جسمین روپیہ پیسہ کہین۔
کینہ ف غصہ عداوت جو دل مین ہو۔
گیاہ ف گہاس گہوڑونکا چارہ۔
گیسو بریدہ ف زن بیحیا و بے شرم و بے لحاظ۔
گیوہ ف کفش ہندی یعنے ہند کی جوتی جو جنگلی لوگ پہنتے ہین
گیلہ ع پیمانہ غلہ یعنے کاجسکو ٹوپہ کہتی ہین۔

تیئسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف لام اور اخیر مین ہا ہے

لام باالف

لابہ ع تملق و چاپلوسی و خوشامد و چرب زبانی۔
لانہ ع خانہ زنبور یعنے شہد آشیانہ مرغان یعنے جو انکا گہونسلا
لاغیہ ع زن بیہودہ نام گیاہ شیوار یعنے وہ گہاس جسمین دودہ نکلتا ہی
لاہرہ ع ایک قسم کی کشتی یعنے معبر جسکی ذریعہ سے دریا اوتر
لاجرعہ ع ایک دم مین پی جانا جو پیالہ مین ہو یعنے دم لینا
لاحقہ ع ایک کے بعد دوسری چیز ملی ہوئی یعنے پے در پے
لامحالہ ع ناچار و بالضرور جو کام کرنا واجب ہو۔
لامسہ ع قوت مس کرنے کی یعنے ہاتھ لگا کر معلوم کرنیکی طاقت
لامہ ع زرہ آہنی لوہے کی زرہ جو جنگ مین پہنتے ہین
لاوہ ع داوکی سا بازی طفلان گلی ڈنڈا جو ایک کہیل کا نام ہے
لاونہ ع دال کی سا ساگ جسکی رسیان بناتی ہین۔
لازمہ ع ضروری اسباب جو انسان کو چاہئے۔
لایہ ع وردہ دیوار کا تہہ کپڑے اور کاغذ کی۔
لازقہ ع ہر چیز چپکنے والی مثل لئی و سریش وغیرہ
لالہ ف مشہور پہول سرخ رنگ ہے جسمین سیاہ داغ ہین عربی مین اوسکو شقایق کہتے ہین۔
لاشہ ف زبونی و لاغر و ضعیف لنا بچہ یا گہوڑا یا گدہ وغیرہ

لام بایار

لبیشہ ف ہماڑی گہونگی جو بالون مین باندہتے ہین۔
لباچہ ف بالاپوش جو قبا کے اوپر باندہتے ہین۔

لام با ثاء

لثغہ ع نام تپ بلغمی جو بلغم کی خلط سے پیدا ہوتا ہے۔
لثہ ع مسوڑہ دانت کا دانتون کے اوپر کا گوشت۔

لام با جیم

لجہ ع دریا بہت عمیق یعنے بہت گول پانی۔

لام با حاء

لحظہ ع ایک دفعہ نظر کرنیکا مقدار مجازاً تہوڑا مقدار
لحیہ ع ریش یعنے داڑہی۔
لحمہ ع باز کا طعمہ اور بانا سوت کا۔
لحقہ ع پیچھے سے آکر ملنے والی لاحق و شامل ہونیوالا شخص۔

لام با خاء

لخچہ ف شعلہ آتش و اخگر یعنے انگار آگ کا۔
لخشہ ت شعلہ آتش و اخگر۔
لخلخہ ع خوشبو سونگھانا۔

لام با ذال

لذعہ ع سانپ اور بچھو کا نیش مارنا۔

لام با طاء

لطیفہ ع خوشی و خوشی کی بات اور اچھی بات جس سے دل خوش ہو۔

لام با عین

لعوشہ ع آرایش و گلگونہ دستکار کا اسباب۔

لام با فاء

لفجہ ع پر کا گوشت یعنی ٹکڑا گوشت کا۔

لام با قاف

لقمہ ع نوالہ طعام کا۔
لقوہ ع بیماری کا نام جس سے منہ ٹیڑہا ہوجاتا ہے۔
لقطہ ع گری ہوئی چیز کو پانا۔
لقیہ ع ملاقات کرنا ملنا کسی سے۔

لام با کاف

لکہ ع داغ و پارچہ اور ٹکڑا۔

لام با میم

لمحہ ع مقدار آنکھ جھپکنے کا۔
لمعہ ع روشنی اور چمکارا اور جلوہ کسی روشن چیز کا۔
لمعہ ع عضو جو خشک ہو چکا ہو یعنی بیکار عضو۔

لام با واو

لوزینہ ف حلوا جسمین مغز ڈالی جائین لذیذ حلوا۔
لوح ناخواندہ ف علم لدنی جو غیب سے حاصل ہو۔
لولیشہ ف رسن نعلبندی کہ بوقت گہوڑے کے پانو کو باندہتے ہین۔
لواشہ ع کشتی کے ایک فن کا نام ہے۔
لولہ ف آویزہ گوش اور موتی اور جھمکن۔

لام با ہاء

لہجہ ع بول چال بامحاورہ کلام بے نقص۔

لام با یاء

لینہ ع تنہ درخت خرما اور نرمی۔
لیقہ ع دوات کلہنی کے اندر جو صوف ہوتا ہے۔

چھبیسوین فصل

اون لغات کے بیانمین جنکا اول حرف میم

اور آخر مین ہا ہے

میم با الف

مائدہ ع خوان طعام کہانیکا خوانچہ۔
ماشہ ع دست پناہ آہنگرون جس سے گرم لوہا پکڑتی ہین فرنی سندسی اور پیالہ بندوق کا اور تور بندوق کا اور الہ جسمین آتش رکہا جاتا ماشی آتش دان
ماضغہ ع قوت چبانے کی جو دانتون مین ہے۔
مالکانہ ف مالک ہونے کا حق۔
مالیدہ ف قسم طعام کا ہے۔
ماندہ ف رہا ہوا تہکا ہوا۔
ماہیانہ ماہانہ ف جو دربارہ مقرر ہو تنخواہ۔
مایتہ ع ایک سے عدد ہین جنکو فارسی مین صد کہتی ہین۔
ماہچہ ف پہلی کی صورت جو علم پر بناتی ہین۔
ماہیچہ ف سویان میدہ کی جو شیر و شکر کے ساتہ کہاتی ہین
ماشورہ ع سوت جو نکلی پر ہو یعنی نیڈی سوت کی۔
ماثورہ ع دعا ماثورہ صاحب تاثیر۔
ماشطہ ع دایہ مشاطہ سنگار کرنیوالی۔
ماسکہ ع نگاہ رکہنے والی قوت جو بدن مین ہے۔
ماجدہ ع زن بزرگوار مثل والدہ جدہ وغیرہ۔
ماہیہ ع برما جس سے لکڑی مین سوراخ کرتے ہین۔
ماویہ ع ضیافت و رمہانی جو مہمان کی کیجائے۔
مارگزیدہ ف سانپ کٹیہ دار یعنی ہیچ دار سانپ۔
ماریہ ع دایہ ملو جسکی پیٹ سے انسان پیدا ہو پہلے ہو
مایہ ف اصل و مادہ پونجی یعنی اصلی مال جو سود کے
ماوہ ع اصل مر خیز و منبع ہر کا۔

مارچوبہ ایک گہاس ہے نرم نرم جسے پینا دو کو کہا جاتا
ماضیہ ع گذری ہوئی بات اور گذرا ہوا زمانہ۔

میم با با

مباہجہ ع باہم فخر کرنا اور شان و شوکت جتلانا۔
مبادلہ ع بدلنا عوض معاوضہ کرنا۔
مبسوطہ ع فراخ کیا گیا چوڑا کیا گیا۔
مبرّدہ ع سرد کرنیوالی چیز جسکی تاثیر سرد ہو۔
مبثوثہ ع پراگندہ و پریشان و ابتر و خراب۔
مباہلہ ع بد دعا کرنا کسیکے حق مین بدی چاہنا
مبالغہ اصل حد سے بڑہنا اندازہ سے تجاوز کرنا جسکی معنی بار بار

میم با تا

متنبہ ع خبردار اور آگاہ جو غافل نہو۔
متداولہ ع نوبت بنوبت کیا گیا۔
متنوعہ ع گوناگون طرح طرح قسم قسم۔
متخیلہ ع خیال کیا گیا اور ایک قوت کا نام ہے۔
متاجرہ ع تجارت کرنا سوداگری کا کام کرنا۔
متجبرہ ع جبر کرنیوالی ظالم لوگ زبردست۔
متضادہ ع ضد کرنیوالا ہٹ کرنیوالا۔
متناہیہ ع انتہا تک پہونچنیوالا اخیر تک پہونچنیوالا۔
متتالیہ ع پے در پے آنیوالا بار بار آنیوالا۔
متدارکہ ع پانے والا ادراک پانیوالا۔
متقرف برما جس سے لکڑی مین سوراخ کرتے ہین۔
متوجہ ع متوجہ کرنیوالا۔

مشعبذ ۔ عذاب کرنیوالا اور بازیگری چیز دکھلانے والا
متعہ ۔ میعادی نکاح جو شیعہ مذہب میں جائز ہو

میم با تا

مشابہ ۔ حرف تشبیہ بمعنے مانند مشتق شبہ سے ۔
مثال ۔ فرمان بادشاہی جو شاہی دربار سے جاری ہو
مثانہ ۔ جگہ جمع ہونیکی پیشاب کی انسان و حیوان کے پیٹ میں ۔
مثلہ ۔ کان ناک کاٹنا عذاب کرنا اعضا جدا کرنا ۔

میم با جیم

مجاہدہ ۔ محنت و مشقت و کوشش و جنگ لڑائی ۔
مجندہ ۔ جمع کرنا اور جگہہ جمع کرنیکی جہاں کوئی چیز جمع کیجائے لیا گیا ہے تنجید سے جسکی معنی لشکر کے ہیں ۔
مجمع علیہ ۔ جس بات پر اتفاق ہو ہر ایک شخص کا ۔
مجنہ ۔ نام بازار قریب بہ مکہ ۔
مجاوبہ ۔ جواب دینا کسیکو ۔
مجرہ ۔ کہکشان جو مشہور ستارے ہیں ۔
مجادلہ ۔ جنگ لڑائی معرکہ وغیرہ ۔

میم با حا

محبرہ ۔ دوات سیاہی کا برتن جس سے لکھتے ہیں
محافہ و محفہ ۔ ہودج و پالکی وغیرہ جسپر سوار ہوتے
محلہ ۔ اترنے کا مقام و منزل و سکونت گاہ ۔
محوطہ ۔ احاطہ کرنا و جائے محفوظ یعنی چار دیواری
محرابگہ ۔ مسجد میں سجدہ کرنیکی جگہہ ۔
محاربہ ۔ پردہ نشین و ستردار عورت ۔

محاکمہ ۔ حاکم کے پاس جانا دادخواہی کرنا ۔
محکمہ ۔ جائے حکومت اور حکم دینے کی جگہہ ۔
محجوبہ ۔ پردہ نشین و ستردار عورت ۔
محتبلہ ۔ زن حیلہ گر و مکارہ و دغاباز
محجمہ ۔ آلہ حجامت کرنے کا یعنی استرا ۔
محتالہ ۔ زن بدکار و حیلہ گر و دغاباز ۔
محروسہ ۔ نگاہبانی کیا گیا حراست میں کہا گیا ۔
محاورہ ۔ حق زباندانی ادا کرنا جواب دینا ۔
محاصرہ ۔ بند کرنا چار و طرف سے بندش میں لینا ۔
محترفہ ۔ پیشہ ور و صناع لوگ کاریگر ۔
محکیہ ۔ حکایت کیا گیا بات کیا گیا ۔
محاسبہ ۔ حساب و شمار و گنتی ۔
محمودہ ۔ سقمونیا ایک دوا کا نام ہے اور تعریف کی گئی عورت
محادثہ ۔ باہم باتیں کرنا حدیث کا ذکر کرنا ۔

میم با خا

مخطوبہ ۔ عورت جسکی خواستگاری کی گئی ہو نکاح کیلئے
مخدرہ ۔ عورت پردہ نشین و ستردار عورت ۔
مخرقہ ۔ شرمندگی و تیرگی و خجالت ۔
مخرقہ ۔ خرقہ درویشاں اور گودڑی فقیروں کی ۔
مخنیقہ ۔ جنبیدہ و لغزیدہ و خراب کردہ شدہ ۔
مخاصمہ ۔ خصومت کرنا لڑنا عداوت کرنا ۔
مخاطرہ ۔ اندیشہ و خطرہ و خوف و بیم ۔
مخیلہ ۔ خیال کرنیکا مقام یعنی دماغ ۔

مُخیّلہ ع نام قوت خیالی جسکا نام وہم ہے۔

مُخمَصہ ع سوزش و گرسنگی و غم و اندوہ و فکر و اندیشہ۔

میم با دال

مَدِینَہ ع مطلق شہر و نام شہر مسکن پیغمبر صلعم مدفن آنحضرت کا۔

مَدرَسَہ ع جای درس و تعلیم علم پڑہانے کا مقام۔

مِدَّہ ع ریم جو زخم سے نکلتی ہے۔

مُدرِکہ ع نام ایک قوت کا ہے جس سے انسان ہر ایک چیز کی حقیقت کو پاتا ہے۔

میم با ذال

مَذخُورَہ ع ذخیرہ کیا گیا جمع رکھا گیا مال وغیرہ۔

مَذمُومَہ ہر چیز زشت و بد و بد صورت۔

میم با را

مَرَّۃ ع تلوہ یعنی انسان کا پتہ جو صفرا کا گھر ہے۔

مَرَّۃ ع ایک مرتبہ ایک بار ایکدفعہ۔

مُرَارَہ ع تلخہ حیوان یعنی حیوان کا پتہ۔

مَرصُوصَہ استوار کیا گیا مضبوط و محکم کیا گیا۔

مُرتَّبہ ع درست کیا گیا تیار کیا گیا استوار کیا گیا۔

مَرتَبہ ع درجہ اور رتبہ اور پایہ اور دفعہ
مُردَہ ع مردہ حاق دو دیوان سرکش جمع مارد کے لفظی

مَرد ف مرد شجاع و بہادر و دلاور و جنگ آور۔

مُردَہ ف مرا ہوا شخص بیجان ہوا ہوا۔

مَرغُولہ پیچ و تاب کہائی ہوئی و پیچیدگی۔

مَروَحَہ ع باد کش پنکہا جس سے ہوا لیتے ہین۔

مُرسَلہ ع بہیجا گیا اور ہار جو عورتونکے گلے مین پہنتی ہین۔

مُرفَّہ ع آسودہ حال ع جو آسایش و آرام کیا لیتین۔

مُرضِعَہ ع عورت شیر دینے والی یعنی دایہ جو بچے کو دودھ پلائے

مَرحَلہ ع منزل گاہ جہانپر جاکر مقام ہوتی ہے اسی کو جمع مراحل

شتر وغیرہ یہاں سفر کا مقدار مسافت جو چار فرسنگ معین ہے

مَراغہ ع پہلنا جانور کا اور نام شہر۔

مُراقَبہ ع امید رکہنا نگاہ رکہنا گردن نیچے کو ڈالنا

قلب کیطرف رجوع کرنا۔

مَروَہ ع مکہ معظمہ مین ایک پہاڑ ہے۔

مَرثِیہ ع مردہ کی تعریف کرنا اور اسکے اوصاف بیان کرنا

مراتب چارگانہ ف شریعت طریقت حقیقت معرفت

میم با زا

مُزدَلِفَہ ع مکہ شریف مین ایک مقام کا نام ہے۔

مَزبَلہ ع گندگی ڈالنیکا مکان مجازاً کوڑی۔

مَزابِلہ ع جمع مزبلہ وہ بہت سے مقام جہاں گندگی ڈالیں

مُزدَوَجہ ع آپسمین ملی ہوئی چیزین آپسمین متصل۔

مَزادَہ ع توشہ دان جسمین سفر کا اسباب و زادراہ رکہین

مُزلِقَہ ع لغزش دینے والا دانو دینے والا۔

مُژدَہ ف خوشخبری و بشارت نیک بات کی۔

مَزہ ف چسکا لذت ذائقہ طعام وغیرہ کا۔

مُزلَفَہ ع نزدیک لایا گیا پاس لایا گیا۔

میم با سین

مَسئَلہ ع کسی ایسی چیز سے سوال کرنا جو لوگونمین پوچھی جاے

مَستانہ ف مستون کی طرح۔

مَسخَرہ ع ہنسی کرنیوالا یعنی باتین کرنیوالا۔

مستحاضہ ع وہ عورت جسکو ایام حیض سے زیادہ خون آوے یعنے تین دن سے زیادہ۔

مشرجہ ع چراغدان جہان چراغ جلاکر رکہین۔

مستمرہ ع رواں استوار و دائمی ہمیشہ رہنے والا۔

مستطاعہ ع قوت رکہا گیا۔

مسودہ ع لکہا گیا سیاہ کیا گیا۔

مستانفہ ع آغاز کرنیوالا شروع کرنے والا۔

مسبحہ ع انگشت شہادت جسکو سبابہ کہتے ہین۔

مستکرہ ع ناخوش و زشت و بدصورت۔

میم با شین

مشاہرہ ع ماہیانہ و تنخواہ مقررۂ دو ماہ و روزینہ۔

مشاہدہ ع دیکہنا حاضر ہونا روبرو آنا۔

مشورہ ع مشورہ پوچہنا صلاح پوچہنا۔

مشابہ ع مانند مثل نظیر شکل سے شکل ملتی ہوئی۔

مشتبہ ع شبہ کی چیز جو لایق یقین کرنیکے ہو۔

مشرقہ ع نامہ جو اعلیٰ ادنیٰ کیطرف سے لکہی یعنی بالا سے نیچیکیطرف۔

مشرعہ ع جائے آبخوردن یعنی پانی پینیکا مقام۔

مشافہہ ع روبرو ہونا روبرو سخن کہنا بالمواجہہ ہونا۔

مشربہ ع جسطرف سے پانی پئین پانی پینیکا آبخورہ۔

مشاعرہ ع باہم ملکر شعر پڑہنا اور شاعرونکا ملکر سخن کہنا۔

مشعرہ ع شعر پڑہنیکا مقام جہان شاعر جمع ہون۔

مشغلہ ع شور و غوغا و کاروبار و شغل اور مقام شغل۔

مشیمہ ع وہ پتلا پوست جو بچہ پر وقت تولد کے لپٹا ہوتا ہے

اور نام پردہ ششم پردہ چشم سے۔

مشارالیہ جسکی طرف اشارہ ہو بات کرنیکے وقت۔

مشعلہ ع مشعل اور وہ جلتی ہوئی چیز جس سے شعلہ نکلے۔

مشاطہ ع شانہ کش یعنے دایہ سنگار کرنے والی۔

مشترکہ ع جس چیز مین شرکت ہو اور وہ چیز جسمین شرکا کا حصہ ہو۔

میم با صاد

مصطبہ ع میخانہ قمار خانہ جہان شراب پکتی ہے اور نکالی جاتی ہو۔

مصورہ ع ایک قوت کا نام جس سے خود بخود بحکم نقاش حقیقی رحم مین شکل بچیکی بن جاتی ہے اور یہ قوت عورت کی رحم مین رکہی گئی ہے۔

مصافحہ ع بوقت ملاقات ہاتہ مین ہاتہ لینا۔

مصقلہ ع آلہ صیقل کرنیکا جس سے کسی چیز کو جلا دین۔

میم با ضاد

مضادہ ع ضد ہونا اور ضد کرنے والی عورت۔

مضاف الیہ وہ اسم جسکی طرف کسی شی کو لگا دین جیسے زید کا گہوڑا زید مضاف گہوڑا مضاف الیہ اور کا علامت اضافت کے اردو مین اور فارسی مین کسرہ آخر لفظ علامت اضافت کی ہے چنانچہ غلام عمر یعنی عمر کا غلام

مضلہ ع مقام گمراہی یعنی رستہ بہولنیکی جگہ۔

مضایقہ ع مقام تنگی و تردد و تفکر و اندیشہ۔

مضغہ ع گوشت پارہ گوشت کا ٹکڑا۔

میم با طاء

مطارحہ ع مشورہ کلام و خوشہ انگور وغیرہ کا۔

مطائبہ ع خوش طبعی دل لگی مزاح و ٹھٹھا -
مطمورہ ع پوشیدہ کیا گیا نہاں خانہ پوشیدہ مقام
مطیّۃ ع سواری مرکب جسپر سوار ہوں -
مطوّعہ ع جماعت جہاد کرنے والی لڑنے والی کفار سے
مطالعہ ع کسیکو دیکھنا انکشاف حال کے لئے
مطہرہ ع آفتابہ آب جس سے نمازی وضو کرتے ہیں
مطرقہ ع ہتھوڑا لوہارون کا جس سے لوہا کوٹتے ہیں -
مطالبہ ع طلب کرنا مانگنا خواہش کرنا -
مطربہ ع وہ عورت گانیوالی جس سے خوشی حاصل ہو

میم با ظاء

مظنّۃ ع جائے گمان مقام وہم وخیال ظن و شک و شبہ -
مظلّہ ع سایبان اور درخت سایہ دار -
مظلمہ ع ظلم کرنا جور و جفا و تعدی کا مرتکب ہونا -
مظلمہ ع اندھیرا تاریکی سیاہی ظلمت -

میم با عین

معاہدہ ع آپسمین عہد و پیمان کرنا قول و اقرار کرنا -
معانقہ ع بغلگیر ہونا آپسمین گلے لگنا -
معبلہ ع پیکان دراز و پہن جو پہل تیر کا لمبا اور چوڑا ہو
معصرہ ع جس سے کوئی چیز نچوڑی جائے اور تیل نکالا جائے
تیلون کا کولو جسمین وہ تیل نکالتے ہین -
معصرہ ع نچوڑی ہوئی چیز جسکا کولو مین تیل نکل
چکا ہو اور اوسکا پہوگ جو رہجائے -
معشوقہ ع جس عورت سے عشق ہو پیاری محبوبہ -

معجزہ ع عاجز کرنیوالا اعجاز یعنی خلاف عقل کام جو خوارق عادت
جسکو ہرگز ولی یا نبی کے معجزے اور کرامتین ہرگز
دیکھے اور سنکر یقین کرے -
معارضہ ع جھگڑا مقدمہ و جائے اعتراض -
معمورہ ع آبادی و قریہ و گانو و شہر -
معظمہ ع صاحب عظمت و بزرگ عورت -
معزی الیہ ع جسکی طرف اشارہ ہو چنانچہ موسیٰ و مشار الیہ
معاینہ ع روبرو دیکھنا اپنی آنکھ سے دیکھنا -
معدہ ع وہ عضو جسمین کہانا ہضم ہوتا ہے -
معتوہ ع بیعقل و دیوانہ و بے شعور نادان -
معرکہ ع لڑائی کا مقام و جائے گوشمالی و تنبیہ
معذّبہ ع عذاب مین ڈالنے والا دوکھ دینے والا -
معاملہ ع عمل کرنا کام کرنا آپسمین لین دین کرنا -
معتدبہ ع شمار کیا گیا اندازہ کیا گیا -
معاذ اللہ ع پناہ چاہتا ہون خدا کی -
معتزلہ ع ایک فرقہ منکر رویت خدا تعالےٰ ہے اور کہتے ہین کہ لقائے الٰہی ہرگز نہین

میم با غین

مغارہ ع پہاڑ مین جو غار ہو اور مقام غار -
مغلقہ ع دروازہ بند و مشکل سخن مشکل تقریر -
مغرفہ کفگیر و کفچہ جو ہنڈیا مین پھیرتے ہین -
مغلطہ ع غلطی کا مقام جہان غلطی واقع ہوئی ہو
مغلظہ ع سطبر و درشت و نامطبوع و خراب -
مغبوطہ ع گوندا گیا اور حسد کیا گیا -

مُغَالطہ ۶ غلطی مین ڈالنا بہلا دینا کیکو ترتم سے
مُغَرّہ ۶ گل سرخ یعنی گیرو جسکا رنگ سرخ ہوتا ہی۔

میم بافاء

مُفَاوَضَہ ۶ سپرد کرنا و خط و مکتوب و شراکت۔
مُفَاخَرَہ ۶ فخر کرنیوالا بڑائی کرنے والا۔
مَفَارَہ ۶ چوہونکی رہنی کیجگہہ یعنی سوراخ موش اور زمین پر جو ہو
مُفَاصِلَہ ۶ جو آپسمین فرق ہو فرق درمیان دو چیز کے
مفرغہ ۶ گرانا پانی وغیرہ کا۔
مُفرَدَہ ۶ تنہا اکیلا مجرد ایک آدمی۔
مَفَازَہ ۶ مقام رہائی خلاصی کا مقام

میم باقاف

مَقبَرَہ ۶ جائی قبر جسجگہہ قبر بنی ہوئی ہو۔
مُقَاسَمَہ ۶ سوگند کہانا کچہہ دینا بانٹنا تقسیم کرنا۔
مُقَلقَلَہ ۶ آواز صراحی کی پیالہ مین شراب ڈالنی کے وقت
مقصورہ ۶ چہوٹا حجرہ جو مختص مقام عبادت کا ہو
مُقَابِلَہ ۶ برابری کرنا روبرو کرنا سامنے جانا۔
مُقَدِّمَہ ۶ آگے چلنے والا اور وہ عبارت جو کتاب کے اول ہو
مُقَدَّمَہ ۶ آگے رکہا گیا پیشی مین کسی حاکم کی مباد جہگڑا خصومت وغیرہ
مُقنِعَہ ۶ چادر زنانہ اوڑہنی جو عورتین سر پر اوڑہتی ہین
مِقرَاضَہ ۶ قسم بیکان و قسم شیرینی جو باریک کاغذ کی طرح ہو
مِقرَعَہ ۶ تازیانہ جس سے مجرم کو سزا دیتی ہین چابک کوڑا و تکا۔
مُقَاتَلَہ ۶ لڑائی جنگ معرکہ کشت و خون۔
مُقَامَرَہ ۶ جوا کہیلنا قماربازی کرنا۔

مُقَدَّسَہ ۶ پاک عورت نیکوکار پاکدامنہ۔
مُقَرَّرَہ ۶ جو بات قرار پائی اور عہد جو ہو جائے۔
مُقلَہ ۶ تمام کاسہ چشم معہ فیصدی و سیاہی۔
مُقَارِنَہ ۶ جمع ہونا نزدیک ہونا قرین ہونا۔

میم باکاف

مِکیَالَہ ۶ پیمانہ سے ماپنا غلہ وغیرہ چیزون کا۔
مُکَرَّمَہ ۶ بزرگ عورت صاحب تعظیم مثلاً والدہ جدہ
مُکتَسَبَہ ۶ کسب کیا گیا حاصل کیا گیا کمائی کیا گیا۔
مَکرَعَہ ۶ پانی کی مشک جو چمڑی کی ہوتی ہے
مُکَابَرَہ ۶ اپنی بزرگی دوسرے پر ثابت کرنا بڑائی ظاہر کرنا
مِکنَسَہ ۶ جہاڑو یعنے جہاڑو مکان صاف کرنیکا۔
مَکتَب خَانَہ ف لکہنے اور پڑہنے کا مکان
مُکَّارَہ ۶ عورت مکارہ یعنی صاحب مکر و فریب
مَکَارِہ سختیان اور بہت سے رنج و دکہہ۔
مکاتبہ ۶ آپسمین خط لکہنا کتابت کرنا۔
مکاشفہ ۶ ظاہر کرنا ظاہر ہونا پردہ سے نکلنا۔

میم بالام

ملطیہ ۶ نام شہر جو روم مین واقع ہے۔
ملتحمہ ۶ پہلا طبقہ آنکہون کے سات طبقون مین سے
ملازہ ۶ گوشت پارہ جو گلی مین لٹکتا ہے ہندی مین کوا کہتے ہین
ملاحظہ ۶ گوشہ چشم سے دیکہنا آنکہہ پہیر کر دیکہنا۔
ملاطفہ ۶ مکتوب و مراسلہ نیکی کرنا لطف کرنا۔
ملکہ ۶ بادشاہ کی عورت اور قوت و طاقت علم کی

مَلَاعِنَہ ع جمع ملعون خلاف قیاس یہ جمع ہے۔

مُلَّازادہ ف نام کتاب علم معانی میں۔

مُلَاحِدَہ ع جمع ملحد بہت کافر بیدین نام قوم جو بیدین

مُلک شاہ نام بادشاہ سلجوق جسکا وزیر نظام الملک تھا۔

ملکات فاضلہ چہارگانہ حکمت شجاعت عفت عدالت

چار نیک خصلتیں۔

ملکات ردیہ ہشتگانہ ف حسد بغض بخل حرص کذب

غضب کبر بیحیائی آٹھ بد خصلتیں۔

ملکات فاضلہ خصائل خوب سیرتہائی نیک

مَلحَمہ ع جنگ فتنہ و فساد و لڑائی و خصومت۔

مُلَاعَبَہ ع کھیلنا بازی کرنا بیفایدہ کام کرنا۔

مَلَائِکہ ع فرشتے پیدائش آسمانی۔

مُلعقہ ع چمچہ و قاشق۔

ملک آوازہ ف بلند آوازہ و مشہور و معروف۔

میم با میم

مُمَوَّہ ع زراندودہ و ملمع ہوئی ہوئی چیز۔

مُمسحہ ع کلماڑ معماروں کا جس سے وہ گارا بچھاتی ہیں

میم با نون

مِنَصَّہ ع ظاہر ہونا و تخت عروسی جس پر دولہا و دولہن بیٹھتے ہیں

مِلسَفَہ ع چوب پنج شاخہ جسکو ساتھ خرمن غلہ کا درست

کیا جاتا ہے۔

مَنَاظِرَہ ع نظر کرنا فکر کرنا و نام علم بحث۔

مِنطَقَہ ع کمربند پیٹکا جس سے کمر کو باندھتے ہیں

مَنکُوحَہ ع جس عورت سے نکاح ہووے۔

مَنشُورَہ ع دختر افراشتہ جس پر بیرق اسکے پھیلانا و نشر شدہ

مُنکَسِرَہ ع لوٹنے والا نقصان اٹھانیوالا۔

مَنَارَہ ع بلند عمارت اونچا ستون عمارت کا۔

مَنطُوقَہ ع کلام و سخن و گفتگو بات چیت۔

مُنَاصَفَہ ع نصف نصف کرنا آدھا آدھا کرنا۔

مُنقَلَہ ع مجمر یعنی انگیٹھی آگ کے رکھنے کی۔

منزلگاہ ف جائے مقام اور سکونت کی جگہ۔

مُنَاقَضَہ ع آپسکا جھگڑا اور دشمنی و عداوت۔

مُنَاکَحَہ ع باہم نکاح ہونا عورت خاوند کا۔

مَنظُومَہ ع نظم کی ہوئی کتاب مثنوی و دیوان وغیرہ

مُنیَہ ع آرزو مطلب مقصود التجا و مدعا۔

مَنَاحَہ ع نوحہ و ماتم کرنا آواز کے ساتھ رونا۔

مُنَزَّہ ع پاک کیا گیا اور بیہودگی سے دور ہو گیا

مُنَافَسَہ ع رغبت کرنا میل کرنا متوجہ ہونا۔

مُنَبِّہ ع آگاہ و خبردار و صاحب علم و خبر۔

مُنَاقَشَہ ع نزاع کرنا مقدمہ کرنا جھگڑنا۔

مُنَاضَلَہ ع برابری کرنا تیر اندازی میں ایک دوسرے سے سبقت لیجانا

مَنصُوبَہ ع تدبیر جو قرار پائی اور تجویز جو جاری مقصود ہو

مُندَرِفَہ ع ڈہنی ہوئی ہوئی۔

میم با واو

موسیچہ ف ہندی ممولا جو مشہور جانور ہے

موازنہ ف ہم وزن ہونا برابر ہونا تول میں

موقنہ ع عورت صاحب یقین و صاحب اعتقاد۔

مودعہ ع سونپا ہوا تفویض کیا ہوا۔

مواضعۂ باہم شرکت کرنا شریک بننا۔

مویہ ع گریہ و نوحہ اور چلا نا رونا آواز سے۔

مومی الیہ جسکی طرف ایما ہو جیسے کہ مشار الیہ مذکور الیہ وغیرہ

موصی الیہ ع جس کے نام کی وصیت کرنیوالا اور مرنیوالا اوسکو وصی بنا گیا ہو۔

مواجہہ ع رو برو ہونا مقابل ہونا سامنے ہونا۔

موجہہ ع خوب و پسندیدہ و مطبوع طبع۔

موچینۂ آلہ آہنی جس سے بال اوکھاڑتے ہین۔

موالید ثلاثہ ع نباتات جمادات حیوانات۔

مولہ ع شیفتہ و عاشق و درخت بید مجنون۔

مواخذہ ع گرفت کرنا پکڑنا مزاحم ہونا۔

موینہ ف پوستین جسپر بال ہون۔

موچانہ ف زنگار جو لوہے کو لگجاتا ہے۔

مورچہ ف چھوٹی چیونٹی جو مشہور جانور ہے۔

میم بابا

مہمہ ع بیابان جنگل ویرانہ زمین۔

مہمہ ع کار ضروری جسکا کرنا واجبی ہو۔

مہموسہ ع وہ حروف جو نرم و پست اواہون جیسے

ت ث ح و ث ک خ ص ہا ء۔

مہلکہ ع جائے ہلاک و کل گاہ و مقام کشت و خون۔

مہرہ ع منکا اور عربی مین کرہ اسپ جو چھوٹا گھوڑا۔

مہملہ ع خالی بے نقطہ حرف جیسے کہ ا ح د ر
س ص ط ع ک ل و ہ

مہ ف چاند ستارہ آسمانی عربی مین اسکو قمر کہتے ہین۔

مہ ف بزرگ سردار قوم و افسر و سرگروہ و صاحب عزت

میم بایا

میاہ ع جمع ماء بمعنی بہت سے پانی۔

میوہ ف مشہور لفظ ہے یعنی پہل کسی درخت کا جسکو کہتے ہین

میمنہ ع دست راست و فوج طرف راست۔

میسرہ ع دست چپ و فوج طرف چپ

میذنہ ع اذان کہنے کی جگہہ بانگ کہنے کی جگہہ۔

میمونہ ع کشتی کے فنون سے ایک فن ہے۔

میدہ ع آرد خشکہ گیہون کا۔

میکدہ ف شراب خانہ جہان شراب کھینچتے یا بیچتے ہون

پچیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف نون اور آخیر مین ہا ہو

نون باالف

ناتراشیدہ ف بے ادب ناخواندہ بدخلق بدخو بیوقوف آدمی

نارسیدہ ف نابالغ و کم عمر لڑکا اور کچا میوہ۔

ناخنہ ف آنکھ کی بیماری کا نام ہے۔

نائچہ و نافہ ف بانسلی نلی سے بیانہ خالی جو آواز سے راگ دیکر

نابایستہ ف نالائق بے ہنر و بے علم آدمی۔
نابہرہ ف بے نصیب و کم قسمت و کم طالع۔
نادانستہ ف بھول کر جو کام کیا جائے۔
ناخواندہ ف بے علم آدمی جسنے کچھ پڑھا نہو
نادیدہ ف جسکو دیکھا نہو اور مرد حریص و طامع۔
ناستودہ ف جسکی صفت نہو سکے
ناسفتہ ف جو پرویا نہو موتی وغیرہ۔
نادرہ ع عجیب و غریب و عمدہ تحفہ۔
نازلہ ع سختی و حوادث زمانہ رنج و غم۔
نائبہ ع حادثہ و واقعہ و تپ گرم و بیماری۔
نالہ ف آواز بلند سوز دل سے ہو چلا کر رونا۔
نایحہ ع گریہ و نالہ و ماتم و رنج و غم و اندوہ۔
ناصیہ ع موئے پیشانی ماتھے کے بال۔
نانخواہ ف ایک گھاس کا نام ہے جسکے کھانے
سے بھوک لگتی ہے ہندی جوائن۔
ناظورہ ع معشوقہ محبوبہ عورت۔
ناوہ ف بدر رو پانی کا پرنالہ۔
نافلہ ع جو عبادت سوائے فرض کے ہو یعنی نفل۔
نابہ ف شراب خالص و عمدہ و قیمتی شراب۔
نامیہ ع یہ ایک قوت جسم پیدائش نباتی و حیوانی
میں ہے جس سے وہ بڑھتا اور بڑھتا ہے۔
ناسرہ ع کھوٹا درہم و دینار اور قلب روپیہ۔
ناجیہ ع نجات پانے والا رہائی پانے والا۔

ناحیہ ع کونا کنارہ گرد و نواح کشتی کا۔
نازل منزلہ ع قائم مقام و جانشین و وارث
ناشائستہ ف نالائق و کم عقل آدمی۔
ناعمہ ع نرم بدن عورت جسکا جسم نازک ہو۔
نافحہ ع خوش بو چیز جسسے خوشبو آئے۔
نافہ ف کستوری کا نافہ جو مشہور ہے۔
ناکاشتہ ف جو بویا نہو۔
ناکارہ ف بیکار و خراب۔
ناقہ ع اونٹنی مادہ شتر
نائرہ ع شعلہ آتش۔
ناگاہ ف اچانک اور فی الفور
نامہ ف خط مکتوب کتاب۔
نایچہ ف حقہ کا نیچا جو نے سے بنایا جاتا ہے۔

نون با باء

نبہ ع آگاہ ہونا اطلاع پانا کسی بات پر۔
نباہ ع امیر و دولتمند صاحب عزت آدمی۔
نبردگاہ ف میدان جنگ لڑائی کا مقام۔
نبیلہ ع خوبصورت بزرگ پسند خاطر و عزیز دل۔
نبیرہ ف پوتا یا دہوتا پوتی یا دہوتی۔
نبلہ ع مٹی کا ڈھیلہ جس سے استنجا کریں۔
نبردہ ف بہادر و دلاور و جوانمرد آدمی۔
نبیہ ع بے وزن و بے خبر و اقرار کرنے والا۔
نبیسہ ع پسر زادہ یا دختر زادہ۔

نون با تا

نتیجہ ؏ غرض حاصل مطلب خلاصہ کلام۔

نون با ثا

نثرہ ؏ نام آٹھوین منزل کا منازل قمر سے۔

نون با حا

نحلہ ؏ بخشش عطا صدقہ جو دیا جاوے۔

نون با خا

نخلہ ؏ درخت خرما یعنے کھجور کا درخت جو مشہور درخت ہے۔

نخالہ ؏ آٹے کا چھان جو چھلنی سے چھن کر نکلتا ہے بورا بھی اوسکو کہتے ہین۔

نون با دال

ندبہ ؏ نوحہ و شیون و نالہ و زاری اور گریہ یعنے آوازسے رونا۔

نون با زا

نژاد ؏ اصل و اصیل آدمی خاندانی۔

نزلہ ؏ رسد جو کسی کو دیجائے اور نام بیماری زکام کا۔

نزہ ؏ جیسے تازہ اور خوب اور اچھا۔

نون با سین

نسیئہ ؏ قرض اودھار اور دام جو کسی کو دیا جائے۔

نسخہ ؏ لکھا ہوا نقل کیا ہوا اور کتاب و صحیفہ و رسالہ۔

نون با شین

نشارہ ؏ برادہ جو بے ملی وغیرہ لکڑی کے چیرنے سے نکلے

نشاستہ ؏ میدہ گیہون کا جو گیہون بھگو کر نکالین۔

نشرہ ؏ تعویذ جو صاحب عمل لکھتے ہین۔

نشرہ ؏ ختم قران تمام قران پڑہنا۔

نشہ ؏ بیہوشی اور مستی جو شراب وغیرہ سے حاصل ہوتی ہے

نون با صاد

نصیبہ ؏ قسمت و نصیب۔

نون با طا

نطیفہ ؏ صاف و سفید پانی اور تخم آدمی کا۔

نون با ظا

نظارہ ؏ دیکھنا نظر کرنا آنکھ سے دیکھنا سیر کرنا۔

نظارہ ؏ دیکھنے والے لوگ سیر کرنے والے لوگ۔

نظارت پیشہ ؏ نگہبان و خواجہ سرا۔

نون با عین

نعجہ ؏ میش یعنے بھیڑ جو مشہور چارپایہ ہے۔

نعامہ ؏ شترمرغ جو ایک جانور ہے۔

نعرہ ؏ بلند آواز

نعوذ باللہ ؏ پناہ مانگتے ہین ہم اللہ سے۔

نون با غین

نغمہ ؏ سرود راگ جو گایا جاتا ہے۔

نغنغہ ؏ آواز لطیف اور مطبوع آواز۔

نغولہ ؏ موئے پیچیدہ اور گوندہی ہوئی زلفین۔

نون با فا

نفس امارہ ؏ خواہش طبیعت بطرف بدی۔

نفوس ثلاثہ ؏ تین نفس انسان کے امارہ لوامہ مطمئنہ

نفوس قدسیہ ع عالم ارواح و عالم ملائک۔
نفس ناطقہ ع نفس انسانی جو بولتا ہے یعنی بولنے والا نفس
نفقہ ع خرچ عیال و اطفال و ضروری خرچ۔
نفخہ ع ایک مرتبہ پھونکنا دم لگانا۔
نفطہ ع آبلہ اور چھالا جو بدن پر ظاہر ہوتا ہے۔
نفحہ ع بوئے خوش عطر و کستوری وغیرہ کی۔

نون باقاف

نقاوہ ع برگزیدہ آدمی بہت اچھا آدمی۔
نقلہ نقل کرنے والا نقشہ اتارنے والے
نقرہ ع چاندی جوش ہو رہا ہے
نقشہ ف تصویر و نمونہ کسی چیز کا جیسی وہ ہو۔
نقطہ ع خط کی مقدار اور وہ مقدار جو منقسم نہو۔
نقبہ ع مرض خارش کھجلی کی بیماری۔
نقیعہ ع ضیافت قدوم یعنی اسکی ضیافت جو سفر سے آیا ہو مجازاً مسافر

نون باکاف

نکتہ ع سخن پاکیزہ و پوشیدہ۔
نکرہ ع ناشناختگی ضد معرفہ یعنی وہ جسکی پہچان نہ ہو۔
نکوہیدہ ف ملامت کیا گیا بد و زشت و زبون۔
نگارخانہ ف تصویر خانہ جہاں بہت سی تصویریں ہوں

نون باميم

نمگیرہ ف پلنگ پوش یا چیر کھٹے کا غلاف۔
نمیقہ ع لکھا ہوا خط نقش کیا ہوا۔
نمرقہ ع چھوٹا گاؤتکیہ پشت پر رکھنے کا۔

نمرقہ ع چھوٹا گاؤتکیہ پشت پر رکھنے کا
نمیمہ ع چغل خوری و غمازی۔
نمونہ ف دکھلاوا کسی چیز کا اصل اس لفظ کا نمودہ تھا۔
نملہ ع ایک قسم کی پھنسیاں ہیں۔

نون باواو

نوانخانہ ف قیدخانہ جہاں قیدی مقید ہوں۔
نوباوہ ف میوہ تازہ و نو رسیدہ۔
